ہمارے زمانہ مین بھی اس شہر نے تجارت اور علم کی وجہ سے وہ رتبہ حاصل کیا
ہے جو آج اس بر اعظم مین کسی دوسرے شہر کو حاصل نہین ہے - بس مین آپ کو
یقین دلاتا ہون کہ ایسے شہر کے قائمقامون کی اظہار رائے پر مین پوری توجہ
دونگا - جو کچھ ذکر آپ نے اُس کامیابی کی بابت کیا ہے جو آپ کے شہر کو بوجہ
توسیع لوکل سلف گورنمنٹ حاصل ہوئی ہے اُسکو مین نے بغور سنا ہے -
تمام بڑے بلدات ہندوستان مین میونسپلٹیان زیر آزمایش ہین اور مجھکو
معلوم ہے کہ میونسپل کاربوریشن ممبئی نے ایسا نتیجہ حاصل کیا ہے جس کے
باعث اس عمدہ اور عظیم ریفارم کے حامیون کو غالبًا ناامیدی نہ ہوگی - جو کچھ
آپ نے اس بارہ مین کہا کہ آپ کی دانست مین گورنمنٹ کا فرض ہے کہ اس
حصہ ملک کو بیرونی حملہ جات کے خطرون سے محفوظ رکھے وہ بھی مین نے بغور
سنا - اور مین اس امر کو پورے طور پر تسلیم کرتا ہون کہ گورنمنٹ کا یہ مقدم
فرض ہے کہ اس حصہ دنیا کے ممالک زیر حکومت جنابہ ملکہ معظمہ دام اقبالہا کو
ایسا محفوظ رکھے کہ جسکی وجہ سے تمام صلح مند مشاغل کی ترقی کو غایت درجہ کی
گنجایش ہو - ایسے معاملات کے تدارک کرنے مین اُن لوگون کو جو گورنمنٹ ہند
سے تعلق رکھتے ہین بہت بڑا فائدہ یہ ہے کہ سرکاری ملازمان کی ایک ایسی جماعت
سے امداد ملتی ہے جو بلحاظ ہوشیاری اور لیاقت اور ذاتی موزونیت بنا برانجام دہی
کار سرکار دنیا کی کسی سلطنت مین اپنا جواب نہین رکھتی - لہذا مین امید کرتا ہون
کہ یہ نامور جماعت مجھکو بھی ایسی ہی خیرخواہی کے ساتھ مدد دیگی جیسے کہ میرے اور

پشیر وصاحبان کو دی ہے۔لیکن مسٹر پریسیڈنٹ میرا خیال یہ نہین ہے کہ مجھکو صرف اُن ہی لوگون کی مدد اور دوستی پر منحصر رہنا ہوگا جو میرے ساتھ اس ملک مین سرکاری فرائض کی انجام دہی مین شریک ہون بلکہ مین اس ملک کی کل رعایا جنابہ ملکہ معظمہ سے عام اس سے کہ وہ ملازم سرکار ہون یا نہون امداد اور ہمدردی کی امید رکھونگا۔آپ نے اس امر کا نہایت خوبصورتی کے ساتھ ذکر کیا ہے کہ لیڈی لینسڈون نے اُس قابل تحسین کام کا جاری رکھنا منظور فرمالیا ہے جسکی بنیاد اس ملک مین لیڈی ڈفرن صاحبہ نے ڈالی ہے۔مین اپنی اور لیڈی لینسڈون کی جانب سے کہتا ہون کہ ہماری بہت بڑی خواہش یہی ہوگی کہ ہم آپ کی تمام کوششون مین جو بنظر رفع تکالیف ہون شریک ہون اور محتاجون کو وہ آلات بہم پہونچائین جو علم کے ذریعہ سے مریضون کی صحت کے لیے ایجاد ہوے ہین۔

آپ نے براہ کرم اُن خدمات کا جو بہ ماتحتی تاج مین نے ایک اور حصۂ سلطنت مین انجام دیے ہین ذکر کیا ہے۔مگر کینیڈا اور ہندوستان مین بہت بڑا فرق ہے۔سرد آب وہوا کو چھوڑ کر ہم گرم آب وہوا مین آتے ہین اور ایک ملک کو چھوڑ کر جسکا زیادہ تر حصہ حال مین آباد ہوا ہے اُس ملک کو آتے ہین جسکی قدیمی اور تاریخی تہذیب ہے۔ہم وہ ملک چھوڑ کر جس مین سیلف گورنمنٹ کے صیغہ کو کامل ترقی ہو چکی ہے اس ملک مین آئے ہین جسمین صیغہ مذکور کی کارروائی محض لوکل معاملات مین بطور آزمایش نہایت ہوشیاری کے ساتھ ہو رہی ہے۔لیکن مین امید کرتا ہون کہ ایک لحاظ سے کینیڈا اور ہندوستان مین بہت کچھ مشابہت پاؤنگا اور وہ یہ ہے کہ خیر خواہی جنابہ ملکہ معظمہ اور محبت برٹش سلطنت ایسے الفاظ ہین جنکو اس ملک کے لوگ

مثل اُن عمدہ دوستون کے جنہین مین نے اپنے گذشتہ پانچ سال بسر کیے تھے
بخوبی سمجھتے ہین۔

مین تہ دل سے آپ کے ایڈریس کا شکریہ ادا کرتا ہون جس نفیس ظرف
مین کہ یہ ایڈریس رکھا ہے وہ قابل تحسین ہے۔مین اِس ایڈریس کو نہایت
مشکوری کے ساتہ قبول کرتا ہون اور جو عنایت وکرم کہ آپ نے میرے حال
پر کیے ہین اُسکا شکریہ ادا کرتا ہون۔

نمبر ۲
اسپیچ بوقت ملاحظہ اسکول فنون ممبئی
۳- دسمبر ۱۸۸۸ع

بتاریخ ۳- دسمبر ۱۸۸۸ع بوقت سہ پہر لارڈ لینسڈون بہمراہی لارڈ ریے اسکول فنون ممبئی مین تشریف لے گئے۔ جناب محتشم الیہ اسکول مین قریب ۵ بجے کے پہونچے اور مسٹر گرلفیتہ و دیگر صاحبان نے حضور پرنور کا استقبال کیا۔ بعد ملاحظہ مختلف دلچسپ چیزون کے جناب محتشم الیہ نے طلبہ سے یون ارشاد فرمایا۔

مسٹر گرلفیتہ اور طلبہ مدرسہ فنون ممبئی مین نہین چاہتا کہ مین بدون بیان کرنے اس بات کے یہان سے چلا جاؤن کہ اس تعلیم گاہ کی سیر کرنے سے مجھکو اپنے اول روز قیام ہندوستان مین کس قدر خوشی ہوئی ہے۔ جب مین لوگون کو بعض مرتبہ یہ کہتے سنتا ہون کہ ہم اس ملک مین فنون سکھانے کے لیے کیسی کوشش کر رہے ہین اُسوقت مجھکو یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ ہمکو ایسے اُمور کے ارادہ مین بہت احتیاط لازم ہے کیونکہ آپ لوگون کے پاس ہندوستان مین خود اسقدر عمدہ فنون موجود ہین کہ ہم یورپین لوگ مکرر غور کرلین تب شیخی دعوٰی کرین کہ ہم آپ لوگون سے اس معاملہ مین بڑھے ہوے ہین۔ لیکن مین جانتا ہون کہ مسٹر گرلفیتہ آپ اور آپ کے ماتحت مدرس لوگ اس بات کی کوشش نہین کرتے ہین کہ ہندوستان کے فنون بالکل نیست و نابود ہو جاوین اور اُنکے بجاے مغربی فنون کا رواج پیدا ہو بلکہ برخلاف اسکے آپ ہندوستان کے

نتائج

فنون کو نہایت عمدہ طور سے حوصلہ دیتے ہین - یہ کہنا بھی لازم ہے کہ اس عظیم
نمایشگاہ مین جو بمقام لندن بوقت جشن جوبلی جنابہ ملکہ معظمہ منعقد ہوئی تھی
جو قابل تحسین اشیا نمایشی آپ کے ملک سے بھیجی گئی تھین اُنکو دیکھکر میرے ہموطنان
انگلستان کے دل مین بہت عمدہ اثر پیدا ہوا تھا - لیکن حالانکہ مین اس امر کو
بخوبی تسلیم کرتا ہون اور یہ بھی تسلیم کرتا ہون کہ ہم یورپین لوگون کو آپ سے
اِس معاملہ مین بہت کچھ سیکھنا ہے اور بہت کچھ سیکھ چکے ہین لیکن تاہم یہ بات
ممکن ہے کہ ہم آپ کو وہ نمونہ جات اور قاعدے فنون کے بتاوین جنسے آپ
ہنوز ناواقف ہین - اِس کمرہ مین جو زمانہ قدیم کے عمدہ عمدہ سانچے فراہم ہین
اُنسے میرے بیان کا منشا رصاف سمجھ مین آتا ہے اور مین نہین خیال کرتا کہ جو
شخص فنون کو بلحاظ فنون پسند کرتا ہو اُسکو اِن نموجات سے بڑھ کر اور نمونے
مِل سکتے ہین - مین ایک امر کی بابت اور ذکر کیا چاہتا ہون اور وہ یہ ہے کہ مین
یہ بات دیکھکر خوش ہوا کہ یہان لڑکے نہایت ایمانداری اور صدق دلی کے ساتھ
شروع سے تعلیم پانے کی کوشش کر رہے ہین اور ابتدائی اصول سے کارروائی
شروع کرکے اور سادہ نمونہ جات کی نقل کرکے بتدریج درجۂ کمال پر پہونچنا چاہتے
ہین - مسٹر گریفتہ مین یقین کرتا ہون کہ جو کچھ آپ نے ابھی فرمایا تھا وہ بہت درست
ہے یعنی یہ کہ جن طلبا نے یہان سے سارٹیفکٹ پایا ہے اُنکے پاس ایک ایسی سند
موجود ہے جس سے کہ عام لوگون کو اِس بات کا اطمینان ہو جائیگا کہ اِن لوگون کے
ابتدائے اصول مین اچھی بنیاد پڑی ہے - مین پھر عرض کرتا ہون کہ مجھکو اِس
مدرسہ کے دیکھنے سے بہت خوشی حاصل ہوئی ہے اور تہِ دل سے دعا کرتا ہون کہ جو
کام آپ لوگون نے اپنے واسطے منتخب کیا ہے اُسمین آپ کو کامیابی حاصل ہو اور
اِسمین شک نہین کہ تمھاری اِس تعلیم کا تمکو عمدہ ثمرہ ملیگا -

نمبر ۳

اسپیچ بجواب ایڈریس جلسہ تجارت ممبئی

۴- دسمبر ۱۸۸۸ء

بتاریخ ۴- دسمبر ۱۸۸۸ء بوقت شام ممبران جلسہ تجارت ممبئی نے حضور لارڈ لینسڈون کو بمقام سکریٹ ایک ایڈریس پیش کیا- جسوقت حضور پر نور صدر دروازہ پر تشریف لائے اُسوقت جناب محتشم الیہ کا استقبال آنریبل مسٹر فاربس اڈم پریسیڈنٹ جلسہ نے کیا- بعد ازان جناب محتشم الیہ کونسل کے کمرہ مین تشریف لے گئے وہان مسٹر اڈم نے جلسہ کے چند ممبرون کو پیش کیا اور ایک ایڈریس جسمین مختلف مضامین درج تھے پڑھا- حضور لارڈ لینسڈون نے جواب مین یون ارشاد فرمایا-

مسٹر پریسیڈنٹ و ممبران جلسہ تجارت ممبئی- جو دوستی کہ آپکے جلسہ تجارت نے میرے ساتھ ظاہر کی ہے اُسکی میری نگاہ مین نہایت وقعت ہے اور جس خُلق کے ساتھ آپ مجھسے پیش آئے ہین اُسکا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہون- مین آپکو یقین دلاتا ہون کہ یہ بات سنکر مین نہایت خوش ہوا کہ میرا انتخاب اِس اعلیٰ عہدہ کے لیے جو کہ میرے سپرد ہونے والا ہے ممبئی کے سوداگرون کو بہت پسند ہوا ہے- مین اُس معاملہ کی عظمت اور ضرورت تسلیم کرنے کے لیے آمادہ ہون جو آپکی سپردگی مین ہے- یہ معاملہ ایسا نہین ہے کہ جسمین صرف ہندوستان کو ہی تعلق ہو بلکہ اسکے تعلقات گریٹ برٹن کی تجارت سے ایسے ملے ہوے ہین کہ اُنکا جدا ہونا ناممکن ہے- اور گریٹ

برٹن بھی آپ کے شہرت بمقابلہ اور شہرات اس بر اعظم کے بوجہ تجارت کے زیادہ ملی ہوئی ہے - مین تسلیم کرتا ہون کہ آپ کی جیسی جماعتون کی وجہ سے جسکو کہ ذی اختیار وکیل آرائے تجار ہند کا سمجھنا چاہیے اُن لوگون کو بہت فائدہ حاصل ہوتا ہے جو گورنمنٹ ہند سے تعلق رکھتے ہین اور مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ اُن پولٹیکل معاملات کے تصفیہ مین جو آپ سے متعلق ہونگے مین بخوشی آپ کی نیک صلاح سے مستفید ہونے کے لیے آمادہ رہونگا - اس موقع پر اگر مین اُن خاص باتون پر طولانی بحث نہ کرون جنکا آپ نے ذکر کیا ہے تو آپ مجھکو معاف کرینگے - لیکن یہ امر اس وجہ سے نہین ہے کہ مین اُن معاملات پر بحث کرنے سے خوش نہین ہون بلکہ اس وجہ سے کہ مین خیال کرتا ہون کہ ہر ایک جدید وسیرائے جو ہندوستان مین آتا ہے اُس کار عظیم کے بارہ مین جو اُسکے روبرو درپیش ہوتا ہے اور اُس پالسی کے بارہ مین جسپر کہ اُسکو ایسے معاملات مین جیسے کہ آپ نے پیش کیے ہین تصفیہ کرنے کے وقت اپنے عہد مین چلنا پڑتا ہے اپنے ہی رنگ کے خیالات رکھتا ہے لیکن میرے خیال مین یہ تو ضرور ہے کہ وہ اسوقت اس بات کا تو قائل ہوتا ہے کہ جو کچھ خیالات کہ اُسنے ہندوستانی معاملات کے بارہ مین اتنے فاصلہ پر بلا اُس کامل واقفیت کے جو موقع پر حاصل ہو سکتے تھے سوچ رکھے تھے اُن مین بعد مین اس ملک کے لوگون اور حالات کے دیکھنے سے اور براہ راست اُن آدمیون سے قربت حاصل ہونے سے جنکی واقفیت کہ بلاشک بہ نسبت اُسکے زیادہ ہے ضرور ترمیم ہو جاویگی - لہذا احتیاط ذاتی اور اپنے آیندہ مشیرون اور ہمعصرون کا لحاظ اس بات کا مقتضی ہے کہ وہ آپ کے ملک کے سرکاری معاملات کے بارہ مین اپنے خیالات عام طور پر ظاہر کرنے مین کسی قدر تامل کو کام مین لاوے اور اگر وہ اِن معاملات

کے ذکر کرنے مین پسندیدہ احتیاط کام مین لاوے تو آپ بھی اُسکو یکبارگی بُرا نہ کہین - لیکن جو کچھ کہ آپ نے دربارۂ جاری رکھنے ترقی ریلوے ہاے ہندوستان کے بغرض افزونی ذرائع ملک و دفعیہ اندیشۂ قحط سالی جو اِس ملک مین ہمیشہ لگا رہتا ہے فرمایا ہے اُسکا مین خیال رکھونگا - یہ بھی ذکر کیا چاہتا ہون کہ میری روانگی کے وقت اِس معاملہ کی بابت منچسٹر کے جلسہ تجارت کے ایک باوقعت ڈپوٹیشن نے مجھسے بہت تاکید کردی ہے - لیکن مثل آپ کے میرا بھی یہی خیال ہے کہ فی الحال اُن تجاویز پر جنکے باعث سرکاری اخراجات زیادہ ہوجاوین غور کامل درکار ہے - تاہم مین اِس بات کا قائل ہون کہ آپ کی گورنمنٹ پر یہ بات سب سے زیادہ فرض ہے کہ اِس ملک مین ریلوے کو توسیع دیکر وہ دولت دریافت کیجاوے جو ابھی تک اِسکے اندر پوشیدہ ہے - اور مین یقین کرتا ہون کہ ہندوستان کی تاریخ مین نسبت اُن کارگزاریون کے جو اِس بارہ مین کی گئی ہین اور کوئی ایسی کارگزاری نہین ہے جسکو دیکھکر زیادہ اطمینان حاصل ہو - اور مین امید کرتا ہون کہ اُن کارگزاریون کی ترقی میرے عہد مین بھی بند نہو گی - جس عمدہ طریقہ سے آپ نے مجھسے خطاب کیا ہے اُسکا بہت ممنون ہون اور امید کرتا ہون کہ اپنے عہد مین آپ سے وقتاً فوقتاً امداد اور مشورہ لیتا رہونگا -

نمبر ۴
اسپیچ لارڈ لینسڈون بوقت رونق افروزی مدرسہ تعلیم پیشہ بمبئی
بتاریخ ۵ - دسمبر ۱۸۸۸ء

بتاریخ ۵ - دسمبر ۱۸۸۸ء بروز چہارشنبہ مارکوئس آف لینسڈون مع لارڈ صاحبہ کے مدرسۂ تعلیم موسوم بہ وکٹوریا جوبلی ٹیکنکل انسٹیٹیوٹ مین تشریف لے گئے - مدرسہ اس موقع پر نہایت عمدہ طور سے آراستہ کیا گیا تھا - ہر دو صاحبان کا استقبال مسٹر فوربس آڈم و ممبران بورڈ انتظامی نے کیا - بعد ملاحظہ مختلف کمرون کے بورڈ روم مین واپس تشریف لائے اس جگہ بہت سے طلبا رجمع تھے - ہز ایکسلنسی نے اسپیچ ذیل زبان گوہر بیان سے ارشاد فرمائی -

مسٹر فوربس آڈم اور جنٹلمین - مین امید کرتا ہون کہ جو طلبا ر براہ مہربانی اس کمرہ مین مجھسے ملاقات کرنے آئے ہین اُنکا یہ خیال نہین ہے کہ مین اُنکو ایک لکچر تعلیم پیشہ کے بارہ مین دینے والا ہون - فی الواقع میرا یہ قصد نہین ہے سچ پوچھیے تو اسوقت مجھکو بھی مثل ان طلبار کے ایک طالب علم خیال کرنا چاہیے - میرے خیال مین جو وائسرا ے کہ آتا ہے وہ شروع ایام اپنی مدت عہدہ مین صرف بحیثیت ایک معمولی طالبعلم کے ہی نہین ہوتا بلکہ مثل ایسے طالب علم کے ہوتا ہے جسکو بہت زیادہ محنت کرنی پڑتی ہو - بلکہ مین یہ بھی کہونگا کہ اُسکو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ مثل عمدہ طلبار کے اُسکو اپنے کام کے جزویات سے ماہر ہونے سے پرہیز نہین کرنا چاہیے

اور خاصکر ہندوستان مین جہان کہ وہ ایک غیر ملک مین جس سے وہ واقف نہین ہے آتا ہے اسکو اسقدر جزویات معلوم ہونگے جسپر حاوی ہونے کے واسطے عرصہ درکار ہے - پس ان جزویات سے ماہر ہوتے کے لیے اسکو وہ انکساری کام مین لانی چاہیے جو کہ ہر ایک عمدہ طالب علم کو اس کام کے ماہر ہونے کے لیے جسکی وہ تعلیم پاتا ہو کام مین لانی پڑتی ہے (نعرۂ خوشی) لیکن جو کچھ مین کہنا چاہتا ہون وہ یہ ہے کہ اگر آج شام کو میرے یہان موجود ہونے سے شہر بمبئی مین تعلیم پیشہ کی ضرورت کا سرکاری یا ہم حیثیت سرکاری طور پر تسلیم کرنا مراد لیجاوے تو مین خوش ہون کہ یہ مراد لیجاوے - مجھکو معلوم ہوا کہ آپ لوگون مین جن لوگون نے اس تعلیم کی ضرورت کو تسلیم کیا ہے انھون نے دریافت کر لیا ہے کہ اس ملک کے طریقہ تعلیم عام مین ایک کوتاہی تھی جسکا پورا کرنا لازمی تھا میری دانست مین کسی اور سوسائٹی یا قوم مین تعلیم پیشہ کے لیے اسقدر ضرورت امداد کی نہین ہے جسقدر کہ آپ کی قوم مین ہے - مین نے اس معاملہ پر دو پہلو سے خیال کیا ہے - آپ ہندوستان مین اس بات کی کوشش کر رہے ہین کہ حتی الوسع ایک کثیر تعداد نوجوانان ہند کو فوائد تعلیم ابتدائی حاصل ہون اور جبکہ آپ ان نوجوانون کے اسکول اور کالج کی خواندگی ختم کرا چکتے ہین تو کیا یہ بات صحیح نہین ہے کہ آپ لوگ انکے واسطے علمی کام کی تدابیر تلاش کرتے ہین جو کہ عالم بلوغیت مین انکا شغل یا پیشہ ہو - اور کیا یہ نہین کہا جا سکتا کہ ہندوستان کے نوجوانون کے لیے اس سے بہتر کوئی تدبیر نہین ہے کہ انکو مفید اور معزز طور پر کسی ایسے کام مین مصروف ہونے کا موقع ملے جو اس ملک کے بڑے حرفون سے متعلق ہو - (نعرۂ خوشی) اب دوسرے پہلو پر غور کیجیے - کیا یہ بات صحیح نہین ہے کہ ہندوستان مین بڑے حرفون کو معاونت

دینے کی ضرورت ہے - میری رائے مین ہے - مین نے یہ بیان دیکھا ہے (مین صرف یاد سے کہتا ہون لیکن یہ جانتا ہون کہ جو کچھ مین کہتا ہون وہ اصل مین صحیح ہے) کہ ستر فیصدی سے زیادہ مرد اس ملک کے کاشتکاری مین مصروف ہین اور اگر اس مین وہ تعداد اشخاص اضافہ کیجاوے جو اور اور طور سے کاشتکاری سے تعلق رکھتے ہین تو یہ معلوم ہوگا کہ ایک بڑا حصہ آبادی کا محض پیشہ کاشتکاری مین مصروف ہے مین اُس عالی رتبہ کی تو ہین مین جو کاشتکاری نے بطور پیشہ کے اپنے واسطے حاصل کیا ہے ایک لفظ بھی کہنا نہین چاہتا لیکن یہ تو ضرور کہونگا کہ آپ کی جیسی قوم مین آپ اسوقت کی امید کرنے کے مستحق ہین جبکہ آپ کے لوگ محض کاشتکاری مین کم مصروف ہونگے اور دیگر پیشون اور حرفون کو زیادہ گنجائش دیجاویگی (نعرۂ خوشی) قدرت نے آپ کے ملک کو بہت فوائد بخشے ہین جنکو صرف ترقی دینے کی ضرورت ہے جب مین یہان آیا تو آپ کے شہر بمبئی کے کارخانہ جات پارچہ کی اونچی اونچی چمنیان میری نظر پڑین - علاوہ اس کے مین نے اُن ریلون اور نہرات کے جو زیر تعمیر ہین اور مختلف اقسام کے سرکاری تعمیرات کے جو تمام ہندوستان مین ہو رہی ہین حالات دیکھے ہین پس کیا یہ امر بعید ہے کہ اِس ملک کے وہ باشندے جنھون نے ہندوستان مین تعلیم پائی ہے اس قسم کے کامون کے اہتمام اور نگرانی کرنے کے ذریعہ سے اپنے واسطے ایک معزز رتبہ حاصل کرنے کی امید کرین - ابتک میرے خیال مین یہ طریقہ رہا ہے کہ جب آپ لوگون کو ہوشیار فورمین کی ضرورت درپیش ہوئی ہے آپ نے مجبوراً اُنکو ولایت سے طلب کیا ہے - مین امید کرتا ہون کہ جن لوگون سے مین اسوقت خطاب کر رہا ہون اُنکو حوصلہ ہوگا کہ آیندہ اس قسم کے پیشے اختیار کرین - میری دانست

ہین میرا یہ کہنا بجا ہے کہ جو کام آپ کے مدرسہ نے شروع کیا ہے اسکے لیے
گنجایش ہے۔ (نعرۂ خوشی) مجھکو اس بات کے معلوم ہونے سے بہت ہی
خوشی حاصل ہوئی کہ آپ کے کام کی شروعات نہایت عمدہ اور امید بخش
صورت مین ہوئی ہے۔ مین خیال کرتا ہون کہ کچھ مدد تو آپ کو گورنمنٹ سے
اور کچھ اس زرچندہ کے فنڈ سے جو میرے ایک نامور پیشرو لارڈ رپن کی
محبت اور ادب کے لحاظ سے فراہم کیا گیا تھا اور باقی آپ کے نامور اور
معزز رئیس سر دنشا پتت کی عظیم فیاضی سے ملتی ہے۔ ایسی امداد کا ملنا باعث
خوش نصیبی ہے۔ اور مین امید کرتا ہون کہ اس قسم کے مدارس کی اسی طرح پر
پراونشل گورنمنٹ سے اور ان لوگون کی فیاضی سے جو بمبئی کے مشہور و معروف
رئیس ہین امداد ہوتی رہیگی۔ مین خیال کرتا ہون کہ اب مین بہت کہہ چکا کیونکہ
مین نے شروع مین یہ کہا تھا کہ مین بڑی اسپیچ یا لکچر نہ دونگا۔ پس یہ کہکر
ختم کلام کرتا ہون کہ مجھکو یہان آج شام کو آپ سے ملاقات کرنے سے نہایت
خوشی حاصل ہوئی اور میری دلی خواہش ہے کہ آپ لوگون کو ان مشیون مین
جو آپ اختیار کرنے والے ہین کما حقہ کامیابی حاصل ہو۔ (زور سے نعرۂ خوشی)
[ایک طالبعلم نے مختصر طور پر لارڈ لینڈسڈون کی اسپیچ کا شکریہ ادا کیا]۔

نمبر ۵
اسپیچ لارڈ لینسڈون بوقت افتتاح وارڈ جدید اسپتال حیوانات پریل
بتاریخ ۵- دسمبر ۱۸۸۸ء

بتاریخ ۵- دسمبر ۱۸۸۸ء بروز چہارشنبہ بوقت شام مارکوئس آف لینسڈون نے مع لارڈی کے جدید وارڈ بائی سکربائی ڈنشا پٹیت اسپتال کا افتتاح فرمایا۔ جب صاحبان ممدوح ویٹینری کالج (مدرسۂ تعلیم معالجہ حیوانات) مین رونق افروز ہوے تو آنریبل مسٹر جسٹس بیلی پریسیڈنٹ کمیٹی انتظامی اور دیگر رؤسا نے جناب محتشم الیہ کا استقبال کیا۔ بعد ملاحظہ وارڈس کے جناب محتشم الیہ ایک اونچی کرسی کی نشست پر تشریف فرما ہوئے اور سر ونشا پٹیت نے ایک ایڈریس پڑھا جسمین مختصر حالات اس اسپتال کے درج تھے۔ اُسکے جواب مین حضور لارڈ لینسڈون نے حسب ذیل ارشاد فرمایا۔

سر ونشا پٹیت اور جنٹلمین۔ مین امید کرتا ہون کہ اس چھوٹی سی دلچسپ رسم کے ادا کرنے سے پیشتر جسکے ادا کرنے کی آپ نے مجھسے براہ مہربانی درخواست کی ہے آپ مجھکو اِس بات کی اجازت دینگے کہ مین اپنی اس خوشی کا اظہار کردن جو مجھکو آپکے ایڈریس کے سُننے سے حاصل ہوئی ہے۔ اِس اسپتال کے تاریخی حالات اِس قسم کے ہین کہ جنکا اثر میرے خیال مین ہم سب کو ضرور پسند خاطر ہوگا۔ اِس جگہ ہم سب کا مقصد ایک ہی ہے یعنے شفقت اور رحم دلی اور یہ ایسا مقصد ہے جسمین کُل اقوام اور ملت کے لوگ شامل ہین۔ سوسائٹی

انسداد ظلم حیوانات نے اس حصۂ سلطنت مین اور برٹش جزائر مین اُن بے زبان
حیوانات کی تکالیف رفع کرنے کے واسطے جیسے انسان کو اسقدر فائدہ پہونچتا
ہے بہت کچھ کیا ہے اور مجھکو اس بات کی نہایت خوشی ہے کہ جو نیک کام ولایت
مین ہو چکا ہے اسکو خلائق دوست لوگون نے یہان اس ملک مین بھی
جاری کر دیا ہے۔

انگلستان کے زمانۂ حال کے سب سے بڑے شاعر نے کیا خوب کہا ہے ہ
رحم کھا اسپ بارکش پہ ضرور * اپنے سگ کو بھی کر نہ دل سے دور * اور
مجھکو نہایت خوشی اس وجہ سے ہے کہ اس ملک مین آپ کو بھی یہ بات پسند
آئی ہے میرے خیال مین یہ بات بھی ہے کہ جس رحمدلی کی وجہ سے ہم حیوانات
کی تکالیف رفع کرنے کی خواہش کرتے ہین اُسکی وجہ سے ہمکو مزید فوائد پہونچتے
ہین یعنے یہ کہ ہمارے دلون مین اپنے بنی نوع انسان کے لیئے تکالیف پر رحم پیدا
ہو جاتا ہے اور جو لوگ حیوانات مطلق سے شفقت اور ملائمت سے پیش آتے
ہین وہ غالبًا ایسی ہی شفقت اور ملائمت سے تکلیف زدہ مردوزن کے ساتھ
بھی پیش آوینگے۔ پس میری رائے مین جو کام کہ آپ لوگون نے جاری کیا ہے
یہ قابل تحسین و آفرین ہے۔ اس کام کی ترقی دیکھ کر اور یہ دیکھکر کہ آپ لوگ
وارڈس کی تعداد مین اضافہ کرتے جاتے ہین مین بہت محظوظ ہوا۔ اور اسکو
مین بڑی خاطر سمجھتا ہون کہ یہ خاص وارڈ جو لیڈی تپت کی فیاضی اور
شفقت سے اس اسپتال مین ایزاد ہونے والا ہے آپ مجھسے افتتاح کرانا چاہتے
ہین۔ اگر آپ اجازت دین تو مین اب آپ کے ہمراہ چلون اور زیر اہتمام آپ
کے اس رسم کو ادا کرون۔ (نعرۂ خوشی) (اسکے بعد لارڈ لینسڈون جناب
وارڈ کی طرف تشریف لے گئے وہان سر دنشا پتت نے جناب معتمد الیہ کو

ایک بڑی چاندی کی کنجی دی جس سے جناب محتشم الیہ نے وارڈ افتتاح فرمایا۔ اسکے بعد سر ونشا پتت نے سردو لارڈ صاحبان ممدوح کو پھولون کے ہار پہنائے جو کہ ہار پہننے کے بعد گاڑی پر سوار ہوکر گورنمنٹ ہوس کو تشریف لیگئے۔

نمبر ۶

اسپیچ بجواب اڈریس مینونسپل کاربوریشن کلکتہ

۱۳ - دسمبر ۱۸۸۸ء

لارڈ اور لیڈی لینسڈون بھراہی اپنے اسٹاف کے بتاریخ ۶ - دسمبر بروز پنجشنبہ بوقت صبح بذریعۂ اسپشل ٹرین بمبئی سے کلکتہ کو روانہ ہوئے - بروز شنبہ جناب محتشم الیہ کلکتہ مین رونق افروز ہوئے - آیندہ دوشنبہ کو لارڈ لینسڈون نے اپنے عہدہ گورنر جنرل و وایسراے ہند کا کام حسب ضابطہ لیا اور لارڈ ڈفرن کلکتہ سے تشریف لیگئے -

بتاریخ ۱۳ - دسمبر ۱۸۸۸ء مینونسپل کاربوریشن کلکتہ نے بذریعۂ ایک ڈپوٹیشن کے جو حضور ممدوح کی خدمت مین گورنمنٹ ہوس مین حاضر ہوا تھا ایک اڈریس پیش کیا - اڈریس پریسیڈنٹ سرہنری ہریسن نے پڑھا تھا جواب مین حضور وایسراے نے یون ارشاد فرمایا - سرہنری ہریسن اور ممبران مینونسپل کاربوریشن کلکتہ - جو مبارکباد کہ آپ نے مجھکو عہدۂ وایسراے پر ممتاز ہونے پر دی ہین اُسکو بکمال خوشی قبول کرتا ہون - اور بدریافت اس بات کے مجھکو بہت خوشی ہے کہ جس کام کو آپ نے مشکل بتایا ہے اُسکی انجام دہی مین مجھکو اُن لوگون سے امداد اور ہمدردی حاصل ہوگی جو کہ اس شہر عظیم کے باشندون کی آراے کے جائز قائمقام ہین - یہ شہر علاوہ دنیا کے ایک

مشہور تجارتی شہر ہونیکے سبب تمام شہر ہاے ہندوستان مین اسوجہ سے فائق ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا کا دارالخلافت ہے ۔ اس شہر کی جانب میرے خیالات بمقابلہ اور شہرون کے مختلف ہونگے کیونکہ آیندہ چند روز کے لیے یہ شہر میرا اور میرے عزیزون کا وطن رہیگا ۔

لہذا ایسے شہر کے اندرونی حالات پر مجھکو بہت زیادہ توجہ دینی چاہیے اور جو حالات کہ آپ نے اس شہر کی بابت بیان کیے ہین اُنکو مین نے بکمال دلچسپی اور اطمینان سنا ہے ۔ اور ان حالات کا ثبوت مجھے اور طرح پر بھی مل گیا ہے یعنی جو کچھ کام کہ آپ نے اپنے شہر والون کی حاجات رفع کرنیکے لیے کیے ہین وہ مجھکو معلوم ہین ۔ کسی شہر کے باشندون کو اس سے زیادہ اور کیا عمدہ فائدہ حاصل ہوسکتا ہے کہ اُنکے لیے صاف پانی کی بہم سانی کا بندوبست کر دیا جاوے ۔ تھوڑے دن گذرے جب مین یہ بات سُنکر نہایت خوش ہوا تھا کہ گذشتہ ۱۲ ۔ سال مین روزانہ صرف صاف پانی کا کلکتہ مین ساٹھ لاکھ سے ایک کرور ساٹھ لاکھ گیلن ہو گیا ہے ۔ یہ بات سُنکر بھی مین بہت خوش ہوا کہ جو کچھ کوشش کہ آپ نے پانی کے نکاس اور روشنی اور سڑکون کے بارہ مین کی ہین اُنین بھی عمدہ کامیابی حاصل ہوئی ہے ۔

مین امید کرتا ہون کہ آپ کو اُن زیادہ تر وسیع ترقیات کا انتظام کرنے مین بھی ایسی ہی کامیابی حاصل ہوگی جو ابھی باقی ہین اور نیز اُن مشکلات پر غالب آنے مین جو آپ کو کلکتہ کے حوالی کے انتظام حفظان صحت کرنے مین پیش آوینگی آپ کو ایسی ہی کامیابی حاصل ہوگی اس امر کا پوشیدہ رکھنا فضول ہے کہ جب اس شہر کے لوگون کی جسمانی حالت کو ایسے آرام پہونچینگے تو اُنکو اُسکے بار بھی فرید اُٹھانے پڑینگے لیکن میری راے مین بمقابلہ اُس خرچ کے اور کوئی

خرچ جائز نہین ہے جو ہمارے شہر دالون کی وبائی بیماریون سے محفوظ رکھنے مین پڑے اور جسکے باعث آنکی اولاد تندرست اور قوی پیدا ہو - مجھکو قوی امید ہے کہ ایک ایسا زمانہ آویگا جب کہ وہ لوگ جنپر ان تبدیلیون کا زیادہ اثر پڑیگا بشرطیکہ یہ تبدیلیان نہایت عقلمندی اور احتیاط کے ساتھ عمل مین آوین اس پالسی کو جو آپ نے اختیار کی ہے تہ دل سے منظور کرینگے -

مین اس بات کو سُنکر بہت خوش ہوا کہ جو روپیہ ان عظیم کامون مین صرف ہوا ہے وہ آپ کو یہان کی بازارون سے قرض ملگیا ہے - چونکہ آپکی کفالتین بہت نیکنام ہین لہذا یہ اس بات کا کافی ثبوت ہے کہ آپکی مینوسپلٹیون کا اور اُسس لیاقت اور دیانت داری کا جسکے ذریعہ سے کہ آپ اپنی آمدنی کا اہتمام کرتے ہین عام لوگون کو پورا پورا اعتبار ہے -

جو دعا ہے کہ آپ کے اڈریس کے آخر مین درج ہین اُسکو مین نے بہ کمال مشکوری سُنا - اگر اُن خواہشون کو جو کوئی نو وارد وائسرائے جائز طور پر کرسکتا ہے مختصر عبارت مین ظاہر کیا جائے تو میرے خیال مین یہ خواہشین بہ نسبت اُس + مناسب اور فصیح عبارت کے جو آپ نے پسند کی ہے اور کسی عبارت مین نہین ظاہر ہو سکتی - سلطنت کے اندر امن و امان اور بیرونی خطرات کی حفاظت یہ دونون باتین آپ کے اندرونی کاروبار کے انتظام کی کامیابی کے لیے اور اس ملک کے ذرایع کی ترقی کے لیے اور اُن اندیشون کے رفع کرنے کے لیے جو آپ کی رعایا کو بوجہ قحط و وبا رہتے ہین نہایت ضروری ہین - میرے نامور پیشرو کے عہد حکومت مین جو کہ ابھی حال مین آپسے بکمال تاسف جدا ہوے ہین اور جنکے جدا ہونے سے آپ کو بھی ضرور افسوس ہوا ہوگا اور جنکے دلی خیال فائدہ رسانی

رعایاے ہند کی قدردانی کرنیکا مجھکو نہایت عمدہ موقع ملا ہے مجکو معلوم ہوا ہے
کہ ایسی تدابیر کی گئی ہین جنکے باعث بیرونی خطرات کا اندیشہ رفع ہو۔ اور
اُن ہی کی سرگرمی کی وجہ سے دیگر حصص سلطنت کی وہ مشکلات جنکے آثار
بُرے نظر آتے تھے سب رفع دفع ہوگئین۔ لہذا مین اس امید کے ظاہر
کرنے مین آپ کے ساتھ شریک ہوتا ہون کہ میرے عہد مین بھی بفضل
ایزدی ایسا ہی امن وامان رہے جسکی آپ نے دعا مانگی ہے۔ اور جو لوگ
کہ اس ملک کی گورنمنٹ سے تعلق رکھتے ہین اُنکو ایسا موقع ملے کہ بلا خرخشہ اس
ملک کے آدمیون کے فوائد کے لیے قانون وضع کرنے مین اور آپ کے
انتظام کاروبار عام مین ایسی اصلاحات کے جاری کرنے مین مصروف ہون
جو بلحاظ موقع و وقت وقتاً فوقتاً ضروری ہون۔

[بعد اسکے حضور والیسراے نے وہ صندوقچہ ملاحظہ فرمایا جسمین کہ
اڈریس رکھا ہوا تھا اور اِس طور سے خطاب فرمایا۔

مسر ہنری ہیریسن۔ جسوقت مین نے آپ کے اڈریس کا جواب
دیا تھا اُسوقت اِس صندوقچہ کو نہین دیکھا تھا۔ مین نے اب اسکی وضع
اور صنعت کو دیکھا ہے اور دونون پر آفرین کہتا ہون۔

نمبر

اسپیچ بجواب ایڈریس تعلقداران اودھ

۱۴- دسمبر ۱۸۸۸ء

بتاریخ ۱۴- دسمبر بوقت سہ پہر ایک ڈپوٹیشن منجانب تعلقداران اودھ حضور لارڈ لینسڈون کی خدمت مین بمقام گورنمنٹ ہوس حاضر ہوا- اور ایڈریس پیش کیا- ہز اکسیلنسی نے ایڈریس کے جواب مین یون ارشاد فرمایا-

جنٹلمین- جس طور سے کہ آپ نے میرا ہندوستان مین آنے پر خیر مقدم کیا ہے اُسکا شکریہ تہ دل سے ادا کرتا ہون- مین آپ کو یقین دلا سکتا ہون کہ جو کام مجھکو سپرد کیا گیا ہے مین اُسکو بہت بڑی ذمہ داری کا کام سمجھکر اور باین آرزو شروع کرتا ہون کہ عند المواقع اُس سلطنت رفیعہ کی رعایا کی بہبودی کی فکر کرون جو جنابہ ملکہ معظمہ دام اقبالہا کی ظل عاطفت مین ہے-

مین آپ کے ایڈریس سے یہ معلوم کر کے خوش ہوا کہ میرا اس اعلی عہدے کے لیے منتخب ہونا رعایاے ملکہ معظمہ کی- آپ جیسی جماعت نے پسند کیا ہے- حال کی تاریخ ہند سے مین اسقدر واقف ہو گیا ہون کہ اس بات کو بلا شک وشبہہ اعتبار کرون کہ بلحاظ خیرخواہی اور اطاعت شعاری برٹش گورنمنٹ کے آپ کا صوبہ کسی سے کم نہین ہے- یہ بھی کہہ سکتا ہون کہ میرے پیشرو نے مجھکو اُس دلی امداد سے آگاہ کر دیا ہے جو آپ لوگون نے

حال مین ایک ایسے قانون کے وضع کرنے مین جس سے آپ کو بہت بڑا
تعلق تھا دی تھی - اور اسمین شک نہین کہ جو اعتدال اور منصف مزاجی
تعلقداران اودھ نے اُسوقت ظاہر کی تھی وہ آیندہ اُسی سے برابر کام لینگے
برٹش گورنمنٹ کا تمام عملداری جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا مین عملی اصول یہی رہا ہے
کہ کل فرقون کے حقوق کو بلا تفریق قوم مذہب یا مقام محفوظ رکھے - اور اپنے
عہد مین مین بھی اسی اصول پر چلنے کی برابر کوشش کرونگا - مین آپ کا
اڈریس بکمال ممنونی قبول کرتا ہون اور جو دعا کہ آپ نے میرے اسیرانے
کی کامیابی کے بارہ مین مانگی ہے اُسکا شکریہ ادا کرتا ہون -

نمبر ۸

اسپیچ بجواب ایڈریس برٹش انڈین ایسوسی ایشن

بتاریخ ۱۲- دسمبر ۱۸۸۴ء

تاریخ ۱۲- دسمبر ۱۸۸۴ء بروز جمعہ بوقت پونے چار بجے شام کے حضور ویسرائے کی خدمت مین ایک ڈیپوٹیشن منجانب برٹش انڈین ایسوسی ایشن حاضر ہوا اور ایڈریس مبارکبادی پیش کیا۔ ہز اکسیلنسی نے ایڈریس مذکور کا جواب مندرجہ ذیل دیا۔

مسٹر پریسیڈنٹ وائس پریسیڈنٹ وممبر صاحبان برٹش انڈین ایسوسی ایشن جو ایڈریس مبارکبادی کا کہ آپ نے براہ مہربانی مجھکو اپنے کار مفوضہ لینے پر دیا ہے مین اسکو بخوشی قبول کرتا ہون۔

مین نے وہ بیانات جو آپ نے بہ نظر تیقن اس امر کے کیے ہین کہ آپ ملکہ معظمہ کی وفادار رعایا ہین۔ بہت خوشی کے ساتھ سنے ہین اور مجھکو یقین ہے کہ جنابہ ملکہ معظمہ آپ کے اس اظہار بندگی سے جو ایک ایسے فرقہ شرفا کیجانب سے ہوا ہے جو ایک بڑی اور نامی جماعت رعایا ہند کا قائمقام ہے بہت خوش ہونگی۔ جو کثیر التعداد فوائد کہ رعایا ہندوستان کو عہد سلطنت برٹش مین ہوے ہین اُنکا آپ نے صاف صاف اقرار کیا ہے اور مین نے اسکو غور سے سنا ہے۔ مجھکو امید ہے کہ جتنا زیادہ آپ کے ملک والے

اُس پالیسی پر ہوشیاری سے غور کرینگے جسکی رو سے اُن پر حکمرانی ہوتی ہے اُتنی ہی زیادہ وہ اُن فوائد کی قدر جانینگے جنکی آپ نے ایسی پسندیدہ عبارت مین تفصیل کی ہے۔

آپ کا یہ بیان بہت درست ہے کہ گورنمنٹ انڈیا کا یہ مقصد ہے کہ ہندوستان کے باشندون کو معاملات مختص المقام کے بندوبست کرنے مین اپنے ساتھ شامل کرین اور مجھکو اِس بات کے معلوم ہونے سے نہایت خوشی ہوئی کہ جو تدابیر اِس بارہ مین اتبک ہوئی ہین اُنکا یہ نتیجہ ہوا ہے کہ آپ کے ملک والے اب ان کامون کی انجام دہی مین زیادہ تر شوق ظاہر کرتے ہین

آپ نے جو یہ امید ظاہر کی ہے کہ میری عہد حکومت مین اور نیز آیندہ اِس ملک کی سرسبزی اور رعایا کے آرام کو برابر ترقی ہوتی رہیگی سو مین دل سے یقین کرتا ہون کہ آپ کی اِس امید کے پورا ہونے مین کوئی امر مانع واقع نہو گا۔

نمبر ۹

اسپیچ بجواب ایڈریس جلسہ تجارت کلکتہ

۲۱- دسمبر ۱۸۸۸ء

تاریخ ۲۱- دسمبر ۱۸۸۸ء بروز جمعہ وقت ساڑھے تین بجے شام کے حضور وایسرائے کی
خدمت مین ایک ڈپوٹیشن منجانب جلسہ تجارت کلکتہ حاضر ہوا اور ایک ایڈریس مبارکبادی
پیش کیا - ہز اکسیلنسی نے ایڈریس مذکور کا جواب مندرجہ ذیل دیا -

ماسٹر وارڈنس ممبران جلسہ تجارت کلکتہ جو مبارکباد کہ آپ مجھے اِس بڑے اہم عہدہ پانے
پر دیتے ہین مین بخوشی تمام قبول کرتا ہون - مین خوب سمجھ سکتا ہون کہ جس مہربانی سے
آپ نے میرا خیر مقدم کیا ہے وہ اِس امر کی مانع نہین ہے کہ نامور گورنر جنرل صاحب
سابق کے مستعفی ہونے سے جو نقصان ہندوستان کو ہوا ہے اُس سے
آپ کو نہایت دلی افسوس ہوا اور اُس افسوس کو آپ ظاہر کرین کیونکہ صفائی
باطن سے جو توجہ جناب ممدوح نے آپ کے فوائد کی طرف کی تھی اُسکی وجہ سے
اِس ملک کے باشندے اُنکے نہایت ممنون و مشکور رہین -

مین یہ بات سُنکر خوش ہوا کہ آپ مجھے صاحب ممدوح کے عہدہ پر مقرر
ہونے کے یعنے پادشاہ وقت کے قائم مقام ہونے کے لائق سمجھتے ہین اور
اِسمین شک نہین کہ آپ نے جو فیاضانہ طور پر میری اُن خدمات کا ذکر
کیا ہے جو مین نے زیر حکومت شاہنشاہ وقت ایک اور حصہ سلطنت مین

کی ہین اس سے میرے کینڈا کے رہنے والے دوست بہت خوش ہونگے کیونکہ یہ تیسرا مرتبہ ہے کہ اُنکے ملک والون نے اپنے یہان کے گورنر جنرل کو اس عہدہ پر جسپر اب مین مامور ہون مقرر ہوتے دیکھا ہے۔

مین آپ کے ساتھ اس بات کی امید کرنے مین متفق ہون کہ سرحدی معاملات کی حالت ایسی ہی رہے تاکہ گورنمنٹ انڈیا کو اندرونی ملک کی فلاح کی طرف توجہ کرنے کے لیے فرصت ملے۔ لیکن اسکے ساتھ مجھکو یہ بھی خیال ہے کہ تجربہ سے یہ دیکھا گیا ہے کہ ایسی امیدون پر جیسی کہ ہم اب کرتے ہین اطمینان کے ساتھ کارروائی کرنے مین ہمیشہ خطرہ رہتا ہے۔ مین آپ کو صرف اتنا یقین دلا سکتا ہون کہ غیر ضروری پیچیدگیون کی سرکاری علمداری کے اضلاع کے قرب وجوار کے حصص مین کرنے سے مین احتراز کرنیکی کوشش کرونگا۔

آپ کے سکہ رائج مین قیمت زر (سونے) مین حال مین تغیر و تبدل ہوا ہے اور اسکی وجہ سے جو مشکلات پیش ہوئی ہین انکو آپ نے مقدم رکھا ہے مین نے اسکو غور سے سنا ہے۔ اور اُن نقشجات کو جو آپکے میموریل مشتملہ مین درج ہین بہت شوق سے دیکھا ہے۔ مین خوش ہون کہ مجھے یہ موقع اُن لوگون کے ساتھ ہمدردی ظاہر کرنے کا ملا جنکو اس تبدیل کی وجہ سے ذاتی نقصان اور تکالیف عارض ہوئی ہین۔

اکسچینج (مبادلہ) کے تغیر پذیر نرخ سے جو کچھ دقت سرکار کو بوجہ استری آمدنی پیش آئی ہے اور جو کچھ ناامیدی اور کم ہمتی خانگی طور پر کاروبار کرنے والون کو ہوئی ہے وہ سب کو معلوم ہے اور مین اس بات کا کہنا کہ مین امور تصفیہ طلب کی عظمت سے خوب واقف ہون ضروری نہین

سمجھتا۔لیکن مین یقین کرتا ہون کہ اِس بات کو آپ بھی پیش از وقت خیال کرینگے کہ مین ابھی سے اُس کارروائی پر بحث کرون جو بلحاظ واقعات منکشفہ رایل کمیشن گورنمنٹ ہند یا گورنمنٹ شاہی کو کرنے کی ضرورت پڑے مجھکو اِس امر کے معلوم ہونے سے طمانیت ہوئی کہ اُن لوگون کی راے مین مجکو ایسے معاملات پر راے قائم کرنے کی سہولیت حاصل ہے عام حالت آپ کے ملک کی درست ہے تجارت کو وسعت ہوتی جاتی ہے اور آمدنی بھی مائل بہ افزونی ہے۔اور اگر دور ترین زمانہ مستقبل کی بابت خیال کیا جاوے تو کوئی جاے اندیشہ نہین ہے۔

آخر مین مین آپ کو بخوشی یقین دلاتا ہون کہ میری ہمیشہ یہ خواہش رہیگی کہ مین آپ کے ایسوسی ایشن کو اسلیے موقع دیتا رہون کہ جس سے وے مجھکو اپنی راے سے ان پبلک مباحثات کے بارہ مین مطلع کرتے رہین جنمین تجارت کلکتہ کا سیدھا تعلق ہو۔آپ کے اڈریس کے اخیر مین جو میرے واسطے فقرات دعائیہ تحریر ہین۔اُنکا مین مشکور ہون اور مین بخوشی اڈریس مسطور کو تسلیم کرتا ہون۔

نمبر ۱۱

اسپیچ بجواب اڈریس جلسہ علمیہ اسلامیہ

۲۲ - دسمبر ۱۸۸۴ء

بتاریخ ۲۲ - دسمبر بوقت ۱۲ بجے دن کے ایک ڈیپوٹیشن منجانب جلسہ علمیہ اسلامیہ کلکتہ حضور والیسراے کی خدمت مین بمقام گورنمنٹ ہوس حاضر ہوا اور اڈریس پیش کیا - حضور ہز اکسیلنسی نے اڈریس کے جواب مین یون ارشاد فرمایا -

جنٹلمین - جو میرا دلی خیر مقدم آپ نے منجانب جلسہ علمیہ اسلامیہ کلکتہ کیا ہے اُسکا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہون -

آپ کی سوسائٹی نے جو مقصد مدنظر رکھا ہے وہ میری راے مین قابل تحسین ہے - سب سے بڑھکر آپ کی خواہش یہ ہے کہ ہندوستان کے مسلمانون مین علم کو ترقی دین - جنابہ ملکہ معظمہ کی رعایا مین تعلیم کی جو قدر و قیمت ہے اسمین کلام نہین ہوسکتا - لیکن مین آپ کی اِس صاف گوئی کی تعریف کرتا ہون کہ آپ اِس بات کے مقر ہین کہ آپ کی قوم ابھی تک زمانہ حال کی علمی ترقی مین اور قومون کے ساتھ نہین رہی ہے لہٰذا اِسوقت آپ کو یہ وقت درپیش ہے کہ جو موقع ہاتھ سے جاتا رہا ہے اُسکی بازیافت کی کوشش کرنی پڑتی ہے - مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ مجھکو آپ کے مساعی کے ساتھ پوری پوری ہمدردی ہے اور میری یہ خواہش ہے کہ

جسوقت موقع ہاتھ آدے آپ کے مساعی کو خوب حوصلہ دون ۔ بس اِس خیال سے جو عرض حال کہ آپ مجھسے ان معاملات کے بارہ مین کرینگے مین ہمیشہ اُسکو پورے لحاظ سے سننے کے لیے آمادہ رہونگا ۔

مین امید کرتا ہون کہ جو کچھ پیش بینیان آپ نے میرے عہد مین امن و امان رہنے کے بارہ مین ظاہر کی ہین وہ عمدہ بنا پر ثابت ہون ۔ مین آپ کو یقین دلا سکتا ہون کہ اِس سے بڑھکر مجھکو اور کوئی بات خوشگوار نہ معلوم ہوگی کہ مین بلا خرخشہ اپنی توجہ اِس ملک کی اندرونی حاجات کی اور عمدہ انتظام مالی کی جانب رجوع کرون جسکا انتظام بوجہ اُن حالات کے جنکا ذکر آپ نے کیا ہے اسوقت کرنا نہایت ضروری ہے ۔ مین خوشی سے دیکھتا ہون کہ آپ کی سوسائٹی نے رابطہ اتحاد فیما بین خود و دیگر اقوام کو ترقی دینے مین کوشش کی ہے ۔ اور حالانکہ آپ لوگ اپنے جداگانہ مذہب پر قائم ہین تاہم ہندوستان کے عام کاروبار مین لیاقت شعاری اور سرگرمی سے شریک ہونے مین قاصر نہین رہے ہین جس خوبصورتی کے ساتھ کہ آپ نے لیڈی ڈفرن صاحبہ کا ذکر خیر کیا ہے اُسکو مین نے بغور سنا ۔ لیڈی صاحبہ موصوفہ نے بوجہ اپنی اُن کوششون کے جو نسوان ہند کو ڈیکل اعانت پہونچانے کے لیے بتحقیق ہندوستان کے ہر ایک شخص کے دل مین جگہ کرلی ہے ۔ جس نفیس کام کی بنیاد کہ اِس طور پر پڑی ہے اُسکو قائم رکھنے مین لیڈی لینسڈون کو نہایت خوشی حاصل ہے اور مین یقین کرتا ہون کہ بدریافت اِس امر کے کہ وہ آپ کی ہمدردی اور پسندیدگی پر اعتماد کرسکتے ہین لیڈی صاحبہ موصوفہ کو بہت اطمینان ہوگا ۔

جو خیر مقدم کہ آپ نے میرا کیا ہے اور جو دعا میرے حق مین مانگی ہے اُسکا شکریہ پھر ادا کرتا ہون ۔

نمبر ۱۱

اسپیچ بجواب ایڈریس انڈین ایسوسی ایشن

۲۲- دسمبر ۱۸۸۸ء

انڈین ایسوسی ایشن کا ایک ڈیپوٹیشن حضور وایسرائے کی خدمت مین تباریخ ۲۲- دسمبر بوقت ۱۱- بجے دن کے حاضر ہوا اور ایڈریس مبارکباد پیش کیا حضور انور نے جواب مین یون ارشاد فرمایا -

مسٹر پریسیڈنٹ وممبران ایسوسی ایشن - جو ایڈریس مبارکبادی کا آپ نے براہ عنایت پیش کیا ہے اسکو بکمال خوشی قبول کرتا ہون - یہ نہایت اطمینان کی بات ہے کہ آپ کی جیسی ایک عام جماعت جو کہ صرف صدر ایسوسی ایشن کلکتہ کی ہی نہین بلکہ اُن کل لوکل شاخون کی قائم مقام ہے جو مختلف حصص ملک مین موجود ہین صاف صاف الفاظ مین اُن برکات کا اقرار کر رہی ہے جو اِس ملک کو سلطنت برٹش سے حاصل ہوئی ہین -

یہ سُنکر کہ آپ نے میرے اِس اعلی عہدہ پر ممتاز ہونے کو بہت پسند کیا ہے اور یہ کہ آپ سرکاری معاملات کے بارہ مین مجھکو اُن آزادانہ خیالات پر جو میرے خاندان کے ایک نامور صاحب نے جو کہ عرصہ تک ایک نامی گرامی مدبر سلطنت برٹش رہے ہین ظاہر کی تھی آفرین دیتے ہین مین بہت خوش ہوا -

جس تلطف کے ساتھ کہ آپ نے میرا خیر مقدم کیا ہے اور جس طور پر کہ آپنے

میرے ایک بزرگ کی خدمات کو تسلیم کیا ہے اور جو ذکر کہ آپ نے میری
اس آرزو کے بارہ مین کیا ہے کہ مین اس ملک کے لوگون کے ساتھ اپنے
فرائض پورے پورے ادا کرونگا ان سب باتون سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مجھکو
اپنے فرائض کی انجام دہی مین آپ کی ہمدردی سے ضرور امداد ملیگی - لیکن
آپ کے ایڈریس کے آخری حصہ سے جسمین کہ اُن مسائل کی تفصیل ہے جنکے
تصفیہ سے آپ کو تعلق ہے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حالانکہ آپ جدید وائسرائے
کو بہت سا وقت آرام اور ملک کے حالات سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے
دیتے ہین لیکن اُسکو یہ توقع نہ رکھنی چاہیے کہ بہت عرصہ تک گذشتہ خوشگوار
باتون کو یاد کیا کرے اور آیندہ کے بارہ مین مبہم امیدین کیا کرے جسطور
پر کہ اُسکو اس بات کا بھروسہ نہ کرنا چاہیے کہ جیسا خوشگوار موسم کلکتہ مین
سال کے شروع اور آخر مین ہوتا ہے ایسا ہی درمیان سال مین رہیگا اسی طور
پر اُسکو یہ توقع بھی نہ رکھنی چاہیے کہ اُسکے ساتھ یہ رعایتانہ برتاؤ بے حد
زمانہ تک رہیگا - لیکن مین آپ کا اس بات کی وجہ سے شاکی نہین ہون کہ
آپ نے میرے روبرو ایک مفصل فہرست اُن مسائل کی پیش کی ہے
جنکا تصفیہ آپ کی راے مین اس ملک کے تعلیم یافتہ لوگون کے لیے اشد
ضروری ہے - جو لوگ کہ آپ کے ملک کی گورنمنٹ سے تعلق رکھتے ہین
اُنکو آپ کے خیالات اور خواہشون کے معلوم ہونے سے بہت فائدہ ہوتا ہے
اور جب اِن مسائل کو اس پسندیدہ اور معتدل طریقہ سے شروع کیا جاے
جو آپ کے ایڈریس سے ظاہر ہوتا ہے تو یہ بات ناممکن ہے کہ ہم کو ان مسائل پر
غور کرنے مین یہ یقین نہو کہ خواہ ہم اُنکو کسی پہلو سے دیکھین ہمارے سب کی
یہی خواہش ہے کہ ہندوستان کی رعایا کے حقوق واجب کو ترقی دیجاوے

آپ نے نہایت غور و فکر کے ساتھ یہ بات صاف کہدی ہے کہ اپنی آراے کے اظہار کرنے سے آپ کا منشا رہ یہ نہین ہے کہ مین بھی اسی وقت اپنی راے ظاہر کردون - اس موقع پر میرا ایسا اظہار راے کرنا ضرور پیش از وقت ہوگا اور اگر مین اپنے یہان آنے کے دس روز بعد ہی پبلک کے روبرو آپ کے انتظامی طریقون کی ترمیم کے لیے ایک مکمل اسکیم پیش کردون تو سب سے اول آپ ہی میرے شاکی ہونگے -

لیکن اس امر کا مین آپ کو یقین دلا سکتا ہون کہ جو تجاویز آپ کے ایڈریس مین درج ہین اُنپر مین غور کامل کرونگا -

جو تلطف آمیز ذکر آپ نے لیڈی لینسڈون صاحبہ کے بارہ مین کیا ہے اور جو امیدین اُس نفیس کام کی کامیابی کے بارہ مین ظاہر کی ہین جو کہ لیڈی لینسڈون نے لیڈی ڈفرن صاحبہ سے بطور ورثہ کے پایا ہے اُنکا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہون - اب یہ امید ظاہر کرکے ختم کلام کرتا ہون کہ اگر اپنے عہد مین مجھکو آپ کے اسوسی ایشن کے قائمقامون سے پھر ملنے کا موقع نصیب ہو تو وہ موقع بھی مثل اسوقت کے پُر امید اور قابل اطمینان ہو -

نمبر ۱۲

اسپیچ بجواب اڈریس پبلک ہلتھ سوسائٹی کلکتہ

۲۲ - دسمبر ۱۸۸۸ء

تاریخ ۲۲ - دسمبر ۱۸۸۸ء بروز شنبہ بوقت پونے تین بجے دن کے ایک کثیر التعداد ڈیپوٹیشن منجانب پبلک ہلتھ سوسائٹی کلکتہ کے حضور والیسرائے کی خدمت مین حاضر ہوا - اور اڈریس پیش کیا - حضور پرنور نے جواب مین یون ارشاد فرمایا -

مسٹر پریسیڈنٹ وایس پریسیڈنٹ وممبران پبلک ہلتھ سوسائٹی کلکتہ -

جو کچھ اظہار خیر خواہی جنابہ ملکہ معظمہ آپ نے کیا ہے اسکا شکریہ جنابہ ممدوحہ کی جانب سے ادا کرتا ہون اور جو خواہشین کہ آپ نے میرے عہد مین کامیابی ہونے کے بارہ مین ظاہر کی ہین اُنکو بہ شکوری قبول کرتا ہون -

آپ کی سوسائٹی کے مقاصد کے ساتھ مجھکو دلی ہمدردی ہے اور اگرچہ میرا خیال ہے کہ ان مقاصد کے حاصل ہونے کے طریقہ کے بارہ مین اختلاف رائے ہونا چاہیے لیکن مین یہ خیال نہین کر سکتا کہ خود مقاصد کے بارہ مین کوئی اختلاف رائے ہو - تندرستی ہم سب کے لیے قیمتی ہے خواہ ہم اپنے دماغ ہے یا ہاتھون سے کام کرین - بلکہ جو فرائض کہ ہمکو سوسائٹی کے لیے ادا کرنے ہین خواہ وہ کوئی فرائض کیون نہون اُنکی بخوبی انجام دہی کے لیے تندرستی شرط ہے - پس اُن تدابیر کی اصلاح کرنا جنسے تندرستی عام مقصود ہے ایسا

کام ہے کہ جسمین کل قوم کے فائدہ کی غرض سے اپنے ذاتی تفرقون کو چھوڑکر تمام فرقون کے لوگ شامل ہوسکتے ہین -

عام لوگون کی راے مین جو سبقت کہ حال مین معاملات حفظان صحت کو حاصل ہوئی ہے اُسپر مین آپ کو مبارکباد دیتا ہون اور میری دانست مین آپ کا یہ خیال درست ہے کہ جو رزولیوشن گورنمنٹ ہند نے حال مین نافذ فرایا ہے اُس سے آپ کے مقاصد کا عام طور پر ضروری ہونا صاف تسلیم ہوتا ہے ہندوستان مین حفظان صحت کے ریفارم کے ترقی خواہون کے لیے کوشش کرنے کو وسیع اور بے انتہا گنجایش ہے - مین نے یہ بیان دیکھا ہے کہ ہر سال اِس ملک مین پچیس لاکھ اموات اُن امراض سے ہوتی ہین جنکا انسداد ممکن ہے - اور ان معاملات مین جسقدر تحقیقات ہوئی ہین اُن سب سے بھی یہی نتیجہ اخذ ہوتا ہے اور ہمکو یہ امر تسلیم کرنا چاہیے کہ بجز چند مخصوص اضلاع کے ہندوستان مین حفظان صحت کی نہایت ہی خراب حالت ہے - آپ کی سوسائٹی کی اشاعتون کے ذریعہ سے جنمین سے کہ بعض مین نے دیکھی ہین وہ خرابیان جنکا مین ذکر کرتا ہون عام لوگون کو اچھے طور پر واضح ہوگئی ہین -

حالانکہ جو حقیقت حال کہ آپ نے اور دیگر لوگون نے ظاہر کی ہے اُس سے ہمکو بہت رنج ہوتا ہے اور یہ دل مین آتا ہے کہ ہمارے ہاتھ مین کوئی ایسی تدبیر ہوتی جس سے سرسری طور پر یہ خراب اور ناگوار صورت حال دفع ہوجاتی لیکن ہمکو اِس امر کا پورا لحاظ رکھنا چاہیے کہ ان معاملات کے تصفیہ مین بہت ہوشیاری اور تامل اور تحمل درکار ہے حفظ صحت کے ریفارم کو بعض وقت اُس بے پروائی سے جو بوجہ جہالت

پیدا ہوتی ہے اور بعض وقت اُن باتون سے مقابلہ کرنا پڑتا ہے جو بادی النظر
مین امور تعصب اور ضعیف الاعتقادی معلوم ہوتے ہین لیکن بعد غور کامل
معلوم ہوتا ہے کہ انکی بنیاد نسل انسان کے رسم ورواج مین ہے۔ اگر ہم
انگریز لوگ چند سال پیشتر کی حالت اپنے ملک کی اور نیز اسوقت کی حالت
اُن مقامات کی جہان کہ زمانہ حال کی ترقی کو ابھی تک دخل نہین ہوا ہے
خیال کرین تو مین خیال کرتا ہون کہ ہم اپنے ہندوستان کی رعایا کی کوتاہی
کو رعایت کی نظر سے دیکھینگے۔

حالانکہ مین اُن قباحتون سے جو آپ کو پیش آتی ہین بخوبی واقف
ہون لیکن مجھکو یقین ہے کہ بلا شک بہت کچھ کام ہو سکتا ہے یعنے یہ کہ
صاف پانی پینے کے واسطے بہم پہونچ سکتا ہے اور موجودہ ذرایع بہم رسانی
آب گندگی سے محفوظ رکھے جا سکتے ہین اور نیز ایسے سادہ طریقے نکل سکتے ہین
جنکے ذریعہ سے ہمارے قصبات و دیہات کی صفائی مین ترقی ہو۔ آپ کے
بڑے بڑے شہرون کی مینوسپلٹیان اُن رقبات کی اصلاح جو اُنکے سپرد
ہین بہت کچھ کر سکتی ہین اور کرتی ہین لیکن زیادہ تر دقت تو اُن دیہات
کے بارہ مین پیش آتی ہے جو کہ خود کچھ کوشش نہین کر سکتے اور جہان اورون کا
گذر مشکل ہے۔ پس ان دیہات مین جو تھوڑی سی بھی اصلاح ہو جاوے
اُسیپر ہی قانع ہونا چاہیے۔

جو کام کہ کیا جاوے اُسکی تقسیم کرنے کی بابت میری یہ راے ہے کہ ہمارا
اول مقصد یہ ہونا چاہیے کہ لوکل کوششون کو حوصلہ دیا جاوے اور اگر
ممکن ہو تو خود لوگون کو حفظان صحت کے ریفارم کے فوائد جتا دیے
جاوین کوئی سخت اور مستحکم طریقہ علی العموم تو جاری نہین ہو سکتا

کیونکہ ہر جگہ کی کیفیات مین تقریباً اختلاف ضرور ہوتا ہے۔ پس جو طریقہ کہ جاری کیا جاوے وہ اسقدر تغیر پذیر ہونا چاہیے کہ ہر ایک قصبہ یا دیہ یا ہر ایک حصہ ہندوستان کی مختلف کیفیات مین اُسکا عمل درآمد ہو سکے۔

گورنمنٹ آف انڈیا سے آپ لوگ صرف عام ہدایت و نگرانی اور نصیحتانہ امداد کی توقع رکھ سکتے ہین۔ اور جن رزولیوشنون کا ذکر کہ آپ نے ایسی پسندیدگی کے ساتھ کیا ہے اُنکا منشا یہی امداد دینے کا تھا۔ لیکن علاوہ اسکے کہ ایک پالسی حفظان صحت کے بارہ مین ایجاد کیجاوے اور بھی بہت سی باتون کی ضرورت ہے اور اگر آپ کی جیسی سوسائٹی اُن لوگون کو جنسے کہ اسکا تعلق ہے یہ سمجھاوے کہ اُن خرابیون کے دفعیہ مین جنکو موجب بدنامی کہنا بجا ہے سرگرمی سے کوشش کرین تو بہت ہی اچھی بات ہو۔ مجھکو احتمال ہے کہ چند آئندہ سال تک آپ کی ترقی بہت آہستہ اور بدقت ہوگی لیکن اگر ہر ایک سال مین آپ تھوڑی سی بھی ترقی اس معاملہ مین کرلین تو آپ کو اُسی پر قانع رہنا چاہیے۔ وقت تعلیم اور اُن لوگون کی نظیر جنھون نے ان مسائل کے تصفیہ مین کامیابی حاصل کی ہے رفتہ رفتہ اُن تمام مزاحمات پر غالب آوینگے جنکے طے کرنے کی آپ کوشش کر رہے ہین۔

مین آپ کا ایڈریس بخوشی کمال قبول کرتا ہون۔

نمبر ۱۳

اسپیچ بجواب ایڈریس سنٹرل نیشنل جلسہ اسلامیہ

۲۲ - دسمبر ۱۸۸۸ء

تاریخ ۲۲ - دسمبر ۱۸۸۸ء بروز شنبہ بوقت ۳ بجے شام ایک ڈیپوٹیشن منجانب سنٹرل نیشنل جلسہ اسلامیہ ودیگر شاخہاے جلسہ مسطور حضور والسیراے کی خدمت مین حاضر ہوا اور ایک ایڈریس پیش کیا - ڈیپوٹیشن مین ۱۲۰ - ممبر تھے اور ایڈریس شاہزادہ فرخ شاہ نے پڑھا تھا - ہزاکسیلنسی نے بجواب ایڈریس یہ فرمایا -

مسٹر پریسیڈنٹ و ممبر صاحبان سنٹرل نیشنل جلسہ اسلامیہ - عہدہ والسیراے ہند کے کام سے لینے پر جو آپ نے میرا خیر مقدم کیا ہے مین اُسکا شکریہ ادا کرتا ہون - جو کچھ اظہار راے آپ کی جانب سے ہو اُسکی بہت وقعت ہونی چاہیے کیونکہ مین جانتا ہون کہ آپ صرف سنٹرل السوسی اشین کے ہی ذی اختیارات قائمقام نہین ہین بلکہ اُن کثیر التعداد شاخون کے جو ہندوستان کے بڑے بڑے شہرون مین تقریباً ہر جگہ پھیلی ہوئی ہین اُنکی جانب سے بھی آپ مجھکو ایڈریس دیتے ہین - اِسمین مطلق شک نہین کہ آپ کا اظہار اطاعت و وفاداری سلطنت برطانیہ محض بناوٹی بات نہین ہے اور مجھکو بحیثیت قائمقام ہونے ملکہ معظمہ یہ بات سنکر بہت خوشی ہوئی کہ آپ اُن فوائد کی قدر جو آپ کو بوجہ رعایا ہونے سلطنت برطانیہ کے حاصل ہوے ہین

خوب جانتے ہین - مین یقین کرتا ہون کہ ایسے خیالات کا جوش آپ کے ہم قومون کے دل سے کبھی دور نہ ہوگا اور ایسے بادشاہ کے ساتھ وفادار رہنے مین جسکے کہ عہد حکومت مین آپ کے ملک نے ایسی متواتر اور تیز رفتار ترقی کی ہے اور جسمین ہر ایک فرقہ کی مذہبی آزادی کا پورا پورا لحاظ رکھا جاتا ہے آپ کو بہت سے فائدے ہین - کچھ تعجب کی بات نہین ہے کہ اس ایڈریس مین آپ نے اُن مشکلات کا ذکر کیا ہے جو کہ مسلمانان ہند کو دیگر اقوام ہند سے مقابلہ کرنے مین پیش آئی ہین - جیسا کہ آپ نے کہا ہے میری راے مین یہ معاملہ ہے کہ آپ کو کسی قدر نقصان اسوجہ سے پہونچا ہے کہ آپ کو ملک کی دولت کا وہ حصہ جسکے کہ آپ بلحاظ تعداد اپنی قوم کے مستحق ہوتے پورا نہین ملا ہے اور نیز اسوجہ سے کہ مثل اور اقوام کے آپ کی قوم مین بندوبست مناسب نہین ہے - آپ شاید یہی کہہ سکتے تھے کہ آپ کا علم ادب اور تعلیم جس سے کہ آپ کو خلقی محبت ہے اُس علم سے بہت مختلف ہین جسکو کہ ہمنے آزادانہ پیشون مین شرط کامیابی مانا ہے - بلاشک یہ بات اسی وجہ سے ہے کہ اس ملک کے ملازمان سرکار مین آپ کی قوم کی تعداد آپ کی خواہش سے کم ہے -

لیکن اس بات سے خوش ہون کہ آپ زمانہ گذشتہ پر افسوس کرکے تن بہ تقدیر سوچکر صابر نہین بیٹھے ہین بلکہ اس بات کو آپ خوب سمجھتے ہین کہ زمانہ حال کے مطابق چلنا آپ پر فرض ہے - اگر مین آپ کو اس امید کی ترغیب دون کہ گورنمنٹ انڈیا سرکاری ملازمت کے لیے ہمیشہ مسلمانون کو صرف بلحاظ اُنکے مسلمان ہونیکے اور باوجود استحقاق دیگر اشخاص مقابلہ کنندہ منتخب کریگی تو محض مغالطہ دہی ہے لیکن یہ مین کہہ سکتا ہون کہ ہم آپکے

ہم مذہب لوگون کو اس ملک کے سرکاری ملازمت پاتے ہوے دیکھکر جو وہ اپنی کوششون سے بوجہ اپنی علمی اور اخلاقی لیاقت کے حاصل کرین - اور یہ لیاقت اُنمین بلاشک موجود ہے بہت خوش ہونگے - ہمت اور مضبوطی ارادہ ان دونون خواص کو آپ بطور میراث خود خیال کرتے آئے ہین اور اسمین شک نہین کہ آپ کے ہم قوم لوگون مین یہ خواص ابھی تک باقی ہین - اگر ان خواص کے ذریعہ سے آپ مناسب طریقہ پر کام کرین تو آئندہ یہ آپ کے بہت بڑے کام آئنیگے

مین اُن مدارس کی ترقی پر بہت توجہ کے ساتھ خیال رکھونگا جو کہ مختلف حصص ہندوستان مین آپ کے واسطے مہیا کیے گئے ہین اُنمین سے بعض مدرسون نے لوکل گورنمنٹ سے فیاضانہ مدد پائی ہے - گورنمنٹ انڈیا کے جس رزولیوشن کا آپ نے اڈریس مین ذکر کیا ہے اُسمین ایک ایسی پالیسی درج ہے جسکے کہ اصلی اصول کا بہ تبعیت اُن ترمیمات کے جنکا کرنا زیادہ تجربہ سے ضروری معلوم ہو بلاشک ایمانداری سے برتاو کیا جاویگا -

اخیر مین یہ اظہار کرنا چاہتا ہون کہ جو ذکر آپ نے لیڈی لینسڈون صاحبہ کا خلق کے ساتھ کیا ہے مین اسکا ممنون ہون - لیڈی صاحبہ موصوفہ حتی الامکان اُس کام کو جاری رکھینگی جو مارشی انیس آف ڈفرن وا وا نے شروع کیا تھا اور جسکو میری دانست مین جملہ فرقہاے باشندگان اس ملک نے پسند کیا ہے اور مدد دی ہے - اپنے اڈریس کے آخری فقرہ مین جو دعا آپ نے میری حکومت کی کامیابی کے لیے مانگی ہے مین اُسکا شکریہ ادا کرتا ہون اور نہایت محبت کے ساتھ اُسکو تسلیم کرتا ہون -

نمبر ۱۵

اسپیچ بجواب ایڈریس نیشنل جلسۂ تجارت بنگال

۹ جنوری ۱۸۸۹ء

بتاریخ ۹ - جنوری ۱۸۸۹ء بوقت شام ایک ڈیپوٹیشن منجانب نیشنل جلسۂ تجارت بنگال حضور والیسراے کی خدمت مین حاضر ہوا اور ایڈریس مبارکباد پیش کیا - اس ایڈریس کے جواب مین حضور انور نے یون ارشاد فرمایا -

جنٹلمین - جو ایڈریس آپ لوگون نے منجانب نیشنل جلسۂ تجارت بنگال پیش کیا ہے اُسکا مشکور ہون - مین بہت خوش ہوا کہ آپ کی ایسوسی ایشن نے جو اِس عظیم صوبہ کے ہندوستانی تجار کے قائممقام ہے میرا اپنے کار مفوضہ لینے پر ایسا دلی خیر مقدم کیا ہے - اگر میرے حد امکان مین یہ بات ہوئی تو مین اُن لوگون کے فوائد کی ترقی دینے مین نہایت خوش ہونگا جو مثل آپکے اِس ملک کے فنون اور دستکاریون کو ترقی دینے مین مصروف ہین - اور سب سے عمدہ بات جو گورنمنٹ ہند اِس لائق اور فیضرسان فرقہ کے فائدہ کے لیے کرسکتی ہے وہ یہ ہے کہ اسکو بیرونی حملہ جات اور اندرونی فسادات سے کامل طور پر محفوظ رکھنے کا یقین دلادے - مجھکو آپ کی اِس راے کے ساتھہ پورا اتفاق ہے کہ جو توسیع آپ کے ریلوے کو ہوئی ہے اُس سے آپ کی اندرونی اور بیرونی تجارت کو بہت فائدہ پہونچا ہے -

نیشنل آمدنی کی فی الحال ایسی حالت ہے کہ جسکی وجہ سے یہ امر ضروری ہے کہ ایسی ہر ایک تجویز پر جسمین سرکاری سرمایہ کا صرف متصور ہو غور کامل کیا جاے لیکن جو ریلوے کہ ضروری متصور کی گیئین ہین انکی تعمیر تو پہلے سے جاری ہے جو کچھ زور کہ آپ نے اُس پالسی کے پسند کرنے پر دیا ہے جسکے بموجب ہندوستان مین ریلوے کی توسیع کو ترقی ہوئی ہے حتی کہ آج کل ۴۰۰۰۰ میل سے زیادہ ریل ہے اسکو مین ملحوظ خاطر رکھونگا۔

جس طریقہ سے کہ آپ نے موجودہ نظم ونسق لیجس لیٹف کونسل پر میری توجہ دلائی ہے اُسپر بھی غور کرونگا۔ علاوہ آپ کے اور لوگون نے بھی اس معاملہ مین اصرار کیا ہے۔ بہ حیثیت ذی اختیار قائمقام ہونے ہندوستانی تجار بنگال کے آپ کی جو کچھ راے اس معاملہ مین ہے اسکی وقعت کو مین تسلیم کرتا ہون۔

جو فیاضانہ ذکر کہ آپ نے میری اُن خدمات کا کیا ہے جو مین نے کنیڈا کی عملداری مین انجام دیے ہین اور جو امید کہ آپ نے اس ملک کی گورنمنٹ کے فرائض کے انجام دہی مین میری تندرستی اور قوت کے بارہ مین ظاہر کی ہے اُسکا شکریہ ادا کرتا ہون۔

نمبر ۱۵

اسپیچ بوقت جلسہ کلکتہ یونیورسٹی

۱۹ جنوری ۱۸۸۹ء

سالانہ جلسہ کلکتہ یونیورسٹی کا بغرض عطا کرنے ڈگریون کے بتاریخ ۱۹- جنوری ۱۸۸۹ء بمقام سینٹ ہاوس منعقد ہوا - حضور لارڈ لینسڈون بحیثیت چانسلر یونیورسٹی رونق افروز جلسہ تھے - جناب محتشم الیہ کا استقبال ہال کے دروازہ پر بوقت ۴- بجے وائس چانسلر سر کامر پتھرم نے مع دیگر فیلوز و ممبران سینٹ کے کیا - جبکہ جناب وائس چانسلر ڈگریان عطا کر چکے حضور وائسرائے نے جلسہ سے یون خطاب فرمایا

مسٹر وائس چانسلر - لیڈیز و جنٹلمین - مین جانتا ہون کہ مجھکو اِس وقت ایک کام یہ کرنا چاہیے کہ وائس چانسلر یونیورسٹی سے آپ لوگون کی ملاقات کراؤن - مین کہہ سکتا ہون کہ اُن اصحاب کو جو میرے سامعین ہین اور جنکا ملکہ نکتہ چینی کامل ترقی پا چکا ہے میری یہ کارروائی کسی قدر ناموزون معلوم ہوتی ہوگی - ہم واقف ہین کہ پرائیویٹ برتاؤ مین ہمیشہ یہ قاعدہ ہوتا ہے کہ جو دوست پرانا ہوتا ہے وہ نووارد شخص کی شناسائی کراتا ہے نہ کہ نووارد شخص پرانے دوست کی شناسائی کرادے لہذا اگر پرانی ملاقات کا لحاظ کیا جاوے تو سر کامر پتھرم اِس بات کے زیادہ تر مستحق ہین کہ میری شناسائی کراوین نہ کہ مین اُنکی شناسائی کراؤن - چنانچہ اسوقت مجھکو اِس خلاف

دستور رام کا بہت خیال ہوا اور قریب تھا کہ مین سر کامر تیھرم سے یہ بات
کہون کہ ہم اور آپ اپنی جگہ اسمین بدل لین اور آپ مجھکو یونیورسٹی کے جلسہ
مین پیش کرین ۔ لیکن بعد غور مزید مین نے یہ سوچا کہ اگر مین ایسا کرونگا
تو آپ لوگ مجھسے یہ توقع بھی ضرور رکھینگے کہ مین سر کامر تیھرم کو اس کام سے
سبکدوش کرون جو انکو ابھی حال انجام دینا ہے یعنے وہ ایڈریس جو کہ
تھوڑی دیر بعد دیا جائیگا ۔ اس صورت مین آپ کو اور نیز مجھکو بہت نقصان
رہتا اسلیے مین نے بدرجہ مجبوری یہ جگہ جسپر کہ مین بیٹھا ہون قبول کر لی ہے ۔
لیکن قبل اسکے کہ مین وائس چانسلر کو پیش کرون مین اپنے پیش ہونیکی
اجازت چاہتا ہون ۔ مگر مین ایسے شخص کی حیثیت مین پیش نہین ہونا چاہتا
جسکے سپرد آپ کے ملک کا کوئی اعلیٰ عہدہ ہوا ہو بلکہ یہ حیثیت ایسی یونیورسٹی کے
آدمی ہونے کی جسکی زندگی کی کل کامیابی اسکے یونیورسٹی کی وجہ سے ہوئی ہو
اور جو اس بات کو دیکھکر خوش ہوتا ہو کہ اس ملک مین بھی صرف گورنمنٹ ہی
نہین بلکہ عام رعایا تعلیم کی قدر خوب جانتی ہے اور ایسے طریقہ کی بنیاد
ڈالنے کی فکر مین ہے جو کہ کسی وقت مین حدود سلطنت ہند کی توسیع کے
ساتھ ساتھ ترقی پاتا جائیگا پیش ہوتا ہون ۔ چونکہ مین آپ سے مذکورۂ بالا
حیثیت مین خطاب کر رہا ہون مین بہت خوش ہوا کہ مجھکو کلکتہ یونیورسٹی
کے طلبا اور گریجوائٹون کے ساتھ اور ان مساعی کے ساتھ جو کہ وہ لبا اوقات
بمقابلہ سخت آزمایش اور ناامیدی کے اس اعلیٰ تعلیم کے حاصل کرنے مین جو
یونیورسٹی کی ڈگری سے متعلق ہے کرتے ہین اپنی دلی ہمدردی ظاہر کرنیکا
موقع اسقدر جلد ہاتھ آیا ۔
مین امید کرتا ہون کہ آپ یہ خیال نہ کرینگے کہ اپنی انگلستان کی

یونیورسٹیون کی بابت یہ ذکر کرنے مین مجھکو اس بات کا علم نہو کہ آپ کی یونیورسٹی
اُن انگلستان کی قدیم یونیورسٹیون سے بہت مختلف ہین جنپر ہم ایسے
نازان ہین ۔ سبھورے رنگ کے چوک اور امیرانہ وقعت اور ذہبی شان
میراث دولت اور علمی روایات کی یہان کی یونیورسٹیون مین نہین ہین ۔
حالانکہ ممکن ہے کہ آیندہ کسی زمانہ مین یہ باتین اس ملک مین پیدا ہوجاوین
یہ بھی ممکن ہے کہ اُن ہی لوگون کی حیات مین جو یہان اسوقت موجود ہین
ایسی کوشش کیجاوے کہ ہندوستان کی یونیورسٹیون مین سوائے
امتحان لینے اور ڈگری عطا کرنے کے کسی اور بات کے بھی ایزاد ہوجاوے
مین جانتا ہون کہ اُن معیب قباحتون سے جو یہان ایسے نتایج پیدا کرنے مین
پیش آوینگی ہم سب لوگ واقف ہین ۔ بہرحال بالفعل ہمکو صرف لنڈن
یونیورسٹی کی تقلید پر ہی قانع ہو رہنا چاہیے اور اول تو اپنا اثر اس طریقہ
پر ڈالنا چاہیے کہ حتی الامکان اُس تعلیم کا طریقہ بتاوین جو ہندوستان
کے ہائی اسکولون اور کالجون مین دیے جاتے ہین اور دوم یہ کہ یہان ایک
قسم کے علمی ٹکسال رکھین کہ جسمین وہ لوگ جو قیمتی دھات علم کی رکھتے ہون
اُس دھات کو لاوین اور ڈگری کی مُہر لگوا کر سکہ بنوا لیجاوین ۔

جو کامیابی کہ آپ کے طلبا نے ملازمت سرکار اور پیشۂ وکالت مین حاصل
کی ہے اُسکے عمدہ حالات سُنکر مین بہت خوش ہوا اور مین یقین کرتا ہون
کہ جس رقبہ مین یہ لوگ جو ابد ہی کے عہدون پر کام کرتے ہین اُسکی وسعت
بڑھتی جاتی ہے ۔ لیکن مجھکو احتمال ہے کہ یہ بات ظاہر ہے کہ اگر ہمارے
کالجون اور اسکولون مین اسی حساب سے تعلیم ہوتی رہیگی جس حساب سے
کہ حال مین ہوتی ہے تو اس بات کی شکایت اور زیادہ ہوجائیگی کہ سال بہ سال

ہم طلبہ کو تعلیم سے آراستہ کرکے بھیجتے ہین اور حالانکہ یہ آرایش تو قابل تحسین ہے لیکن اس سے بیچارے طلبا کو کچھ فائدہ نہین حاصل ہوتا کیونکہ ایسے تعلیم یافتہ لوگون کو نوکری وغیرہ بہت کم مقدار مین ملتی ہین - اس بارہ مین صرف ایک بات کہنا چاہتا ہون اور وہ یہ ہے کہ مین تو اس امر کو ہرگز تسلیم نہین کرونگا کہ اگر کسی لڑکے کو جسنے عمدہ تعلیم پائی ہے اور ڈگری حاصل کی ہے عمدہ نوکری نہ ملے تو یہ سمجھا جاے کہ اسکا وقت تعلیم مین محض ضائع گیا - میرے خیال مین دنیا مین کوئی ایسا پیشہ نہین ہے خواہ وہ کیسا ہی ذلیل ہو جسمین بمقابلہ جاہل آدمی کے تعلیم یافتہ آدمی کو زیادہ فائدہ نہو - اور میری راے مین ہندوستان کی سوسائٹی کو بمقابلہ اسکے کہ اعلیٰ تعلیم کو کسی قدر افزونی ہو اور اعلیٰ تعلیم یافتہ امیدواران ملازمت کی تعداد زیادہ ہو اس بات سے زیادہ خوف کرنا چاہیے کہ عام طور پر جہالت کا بازار گرم رہے - اور تعلیم کو کمی ہو جاوے *

یہ کہا گیا ہے کہ اس بات مین بہت خطرہ ہے کہ ہمارے ملک مین اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ بلا ایسی ملازمت پانے کے جو انکی لیاقت کے موافق ہو پھرتے ہین - چنانچہ اسکے بارہ مین بھی مین کچھ کہنا چاہتا ہون - میرے خیال مین بعض لوگون کا یہ خیال ہے کہ گورنمنٹ کو یہ حالت دیکھکر ایسا اندیشہ پیدا ہو گیا ہے کہ اسکا منشا ان ذرائع کے محدود کرنیکا ہے جو اعلیٰ تعلیم کے لیے ضروری ہین - میرے خیال مین اس بات کے باور کرنے کی کوئی وجہ نہین معلوم ہوتی کہ گورنمنٹ ہند یا کوئی لوکل گورنمنٹ اس الٹی پالسی کو اختیار کرے - البتہ ابتدا مین یہ بات ممکن تھی کہ ہم یہ ارادہ مصمم کرلیتے کہ جہانتک ممکن ہو اس ملک کے لوگون کو بالکل جاہل رکھین - سو بھی اگر ان قومون کا

جنھون نے کہ حصول علم کی جانب بہت خواہش ظاہر کی ہے اور جنکی قابلیت تعلیم پانے کی حیرت انگیز ہے جاہل رکھنا ممکن ہوتا تو یہ بات ہو سکتی تھی۔ لیکن اِس بات کو خیال کر کے مین خوش ہوتا ہون کہ ہمنے بالکل اسکے خلاف طریقہ اختیار کیا ہے۔ لیکن جن باتون کا کہ مین نے ابھی حال ذکر کیا ہے وہ ایسی نہین ہین کہ اُنپر غور نہ کیا جاے اور اگر تجربہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ ہمارا تعلیمی انتظام اِس ملک کی حاجات کے مطابق نہین ہے تو ہمارا کام یہ ہے کہ اِس بات پر خیال کرین کہ آیا اُن نقائص کا جو کہ ظاہر ہوے ہون علاج ممکن ہے یا نہین۔ مثلاً اِس سلطنت کے بہت سے حصون مین یہ خیال عالمگیر ہے کہ حالانکہ ہمارے موجودہ طریقہ سے بہت سے فوائد حاصل ہوئے ہین لیکن پھر بھی اِس طریقہ مین محض علمی تعلیم ہی رکھی گئی ہے اور یہ کہ ہمکو لازم ہے کہ اپنے طلبہ کو ایسی تعلیم دین جو آیندہ جب وہ کوئی پیشہ اختیار کرین اُنکے کام آوے مجھکو معلوم ہوا ہے کہ اِسی خیال کی وجہ سے مدارس تعلیم پیشہ کے قائم کرنے کی تجویز کے ساتھ زیادہ ہمدردی ظاہر کیجاتی ہے۔ مین نے سنا ہے کہ خاص اِس یونیورسٹی کے دل مین بھی یہ خیال ہے لیکن اندیشہ یہ ہے کہ اگر موجودہ خواندگی مین کوئی بھی تبدیلی کی گئی تو اُس خالص علمی تعلیم مین جو ہمارے دلون مین یونیورسٹی کی تعلیم سے بالکل ملی ہوئی ہے خلل واقع ہوگا۔ کسی مقصود فائدہ کے حاصل کرنے کے لیے ایسی تدابیر نکالنا جنکے باعث وہ خراب نتائج جنکا اندیشہ ہو نہ پیدا ہون کوئی بہت دشوار بات نہین ہے۔ اور مین اِس معاملہ کو حکام یونیورسٹی کے روبرو بغرض غور و فکر پیش کرتا ہون۔

اب مین اُس خوشی کا اظہار کرنا چاہتا ہون جو مجھکو آپ لوگون سے ملکر اور اُن لوگون کو مبارکباد دینے سے جنھون نے آج شام کو ڈگریان پائی ہین

حاصل ہوئی ہے - اس سے بڑھکر مین اُنکو اور کوئی نصیحت نہین دے سکتا
کہ اُسمین سے ہر ایک کو اُن متبرک الفاظ پر ہمیشہ خیال رکھنا چاہیے جو
وائس چانسلر نے نصیحتانہ کہے ہین - ان لوگون کو یاد رکھنا چاہیے کہ
اگر یونیورسٹی کی ڈگری سے ایک استحقاق حاصل ہوتا ہے تو ایک فرض بھی
ہوتا ہے اور وہ یہ ہے کہ " وہ لوگ اپنے طریقون اور گفتگو سے اپنے آپکو
اُس ڈگری کے لائق ثابت کردین "

اب مین وائس چانسلر سے درخواست کرتا ہون کہ جلسہ سے خطاب کرین

نمبر ۱۶

اسپیچ بوقت جلسہ نیشنل ایسوسی ایشن

۷ - فروری ۱۸۹۰ء

سالانہ جلسہ عام نیشنل ایسوسی ایشن کا جو ہندوستان کی نسوان کو میڈیکل امداد پہونچانے کی غرض سے قائم ہوئی ہے ٹاؤن ہال کلکتہ مین بتاریخ ۷ - فروری بوقت سہ پہر منعقد ہوا - اور اُس جلسہ کے پریسیڈنٹ حضور وائسراے تھے - جنابہ لیڈی لینسڈون صاحبہ حضور وائسراے کے برابر کی کرسی پر رونق افروز تھین - صاحبان ذیل بھی شریک جلسہ تھے - جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر بنگال و لیڈی بیلی صاحبہ - ممبر صاحبان کونسل حضور وائسراے - جج صاحبان ہائی کورٹ و سکرٹری صاحبان گورنمنٹ وغیرہ وغیرہ ابتدائی کارروائی مین حضور لارڈ لینسڈون نے یون ارشاد فرمایا -

یور آنر لیڈیز و جنٹلمین قبل اُس کام کے شروع کرنے کے جو ہمکو آج اس جلسہ مین انجام دینا ہے مین آپ لوگون سے مختصر حال اُس تعلق کا بیان کرنا چاہتا ہون جو لیڈی لینسڈون صاحبہ کو اور مجھکو اس ایسوسی ایشن سے ہے - میرا منشا یہ نہین ہے کہ اس ایسوسی ایشن کے مقاصد کا شرح حال بیان کرکے آپ کا وقت صرف کرون - کیونکہ یہ مقاصد صرف ہندوستان مین ہی نہین بلکہ انگلستان مین بھی سب کو بہت اچھی طرح سے معلوم ہین

اور وہان ہمارے بہت سے عمدہ رفیق موجود ہین جوکہ اس ایسوسی ایشن کی ترقی خواہ ہین - اور نہ میرا انشا یہ ہے کہ تفصیل وار حالات بیان کرون اور اول ہی سے وہ کل حالات بیان کردون جو دیگر اصحاب ایسوسی ایشن ہذا کے کاروبار کے بارہ مین تھوڑی دیر مین کہنے والے ہین - میرا انشاء تو صرف یہ ہے کہ مین اپنی جانب سے اور لیڈی لینسڈون کی جانب سے عام طور پر یہ امر ظاہر کردون کہ ہم اس معاملہ کے پورے پورے معتقد ہین اور یہ کہ آپ لوگون کو یہ بتا دون کہ ہم اس معاملہ مین بدل وجان کوشش کرینگے اور امداد دینے کے لیے کیون تیار ہین -

اول تو ہم اس معاملہ مین بنظر خیر خواہی اپنے پیشرو دان لارڈ اور لیڈی ڈفرن کے شامل ہین - کیونکہ لارڈ صاحب و لیڈی صاحبہ موصوفہ کو اس معاملہ سے دلی تعلق تھا اور اُنکی یہ آرزو تھی کہ اُنکے جانشین اس معاملہ مین سرد مہری نہ ظاہر کرین لہذا اگر ہمکو یہ معاملہ ایسا مفید عام نہ بھی معلوم ہوتا جیسا کہ یہ فی الحقیقت ہے تو بھی ہم اسکی امداد دل وجان سے کرتے - شاید یہ بات معلوم ہونے سے آپ کو دلچسپی حاصل ہوگی کہ جب لیڈی ڈفرن صاحبہ کو یہ معلوم ہوا کہ عہدہ وایسرائی پر مین لارڈ ڈفرن کا جانشین مقرر ہوا ہون تو لیڈی صاحبہ نے سب سے پہلے یہ کام کیا کہ لیڈی لینسڈون کو ایک چٹھی اس مضمون کی تحریر کی کہ اس کام مین جس سے اُنکو دلی تعلق ہے کسی طرح کی کوتاہی نہ کرین - یہ بات کہنا تو محض فضول ہے کہ یہ درخواست بدل وجان وبخوشی تمام منظور کرلی گئی -

لیکن آپ لوگ یہ بھی خیال نہ کرین کہ ہمنے اس فنڈ کے ساتھ اپنا سرکاری طور پر تعلق رکھنا محض لارڈ اور لیڈی ڈفرن کے خوش کرنے کے لیے

نہین خیال کر سکتے حالانکہ ابھی تک یہ وسیلہ مستحکم نہین ہے لیکن تاہم اس سے اُس تفرقہ کا دفعیہ تو مقصود ہے جو آج کل مابین اُن دونون اقوام کے واقع ہے - میرا تو ضرور خیال ہے کہ وقتاً فوقتاً ہم لوگون کو اور ہم مین سے بھی خاصکر اُن لوگون کو جو اس ملک کی گورنمنٹ سے تعلق رکھتے ہین اس بات پر بہت یاس ہوتی ہوگی کہ ہمارے ہم جنس رعایا ملک ہذا کے اور ہمارے درمیان کیسے بڑے مزاحمات واقع ہین جنکے باعث باہمی اختلاط ناممکن ہے - لیکن ان مزاحمات کے بانی ہم نہین ہین بلکہ اس ملک کے باشندون کے قومی عقائد اور روایات وخیالات کے باعث یہ مزاحمات واقع ہورہے ہین - یہ بات تو خوشی کی ہے کہ سرکاری کاروبار مین تو ایسے موقع روز بروز بڑھتے جاتے ہین کہ جنکے باعث باہمی ارتباط پیدا ہو - لیکن پرایویٹ طور پر ابھی تک ایسے موقع بہت ہی کم ہوتے ہین اور ہمکو افسوس ہے کہ کم از کم قریب ترین زمانہ مستقبل مین ہمکو ہندوستان کی نسوان سے بالکل علیحدہ اور بے تعلق رہنا پڑیگا -

لہذا مین اس الیسوسی ایشن کو بدین وجہ مستحسن قدم سمجھتا ہون کہ بہرحال اسکے ذریعہ سے ہمکو یہ موقع تو ملیگا کہ باوصف مزاحمات کے اپنے دوستانہ پیام نسوان ہند تک پہونچا دین - ہمارا انشا یہ نہین ہے کہ اُس پردہ کو دور کردین جو ہمارے اور اُنکے درمیان حائل ہے لیکن ہم یہ امید کرسکتے ہین کہ ہمارے پیام بر اُنکی تکالیف رفع کرکے اور ضرورت کے وقت اُنکے کام آکر اور اُنکی زندگیون کو زیادہ خوش اور کارآمد کرکے اُن نسوان تک جو کہ اس پردہ کی اوٹ مین بیٹھی ہون ہمارا پیام دوستی اور ہمدردی کا پہونچا دینگے -

اے لیڈیز اور جنٹلمین چونکہ لیڈی لینسڈون اور مین خود آپ لوگون مین نووارد ہین لہذا یہ امر ضروری ہے کہ ہم اسوقت الیسوسی ایشن ہذا کے

آثار پر غور کرین - مین اس بارہ مین زیادہ قوی اندازہ کرنا نہین چاہتا - حالانکہ یہ کام نسوان ہند کو میڈیکل امداد پہونچانیکا جاری ہوگیا ہے اور اسکو کسی قدر استحکام بھی ہوگیا ہے لیکن اس بات کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے کہ ابھی تک ہمنے اسکا آغاز کیا ہے اور جو سرگرم کوششین کہ اسوقت اُس کامیابی کے برقرار رکھنے کے لیے جو حاصل ہو چکی ہے درکار ہین وہ اور کسی وقت درکار نہوئی ہونگی - ایک طرح پر تو اس الیوسی ایشن کو ایک عارضی نقصان پہونچا ہے اور وہ یہ ہے کہ اب اسکی رہنمائی کرنے کے لیے اسکے موجد یہان نہین رہے جنھون نے کہ بلحاظ حاجات اس ملک کے اس عظیم کام کی بنیاد ڈالی تھی - اُس مدبر سلطنت کے چلے جانیکا نقصان جسنے اپنی بلاغت کے ساتھ گفتگو کرکے اس معاملہ مین کامیابی حاصل کی اور ان لیڈی پریسیڈنٹ کی عدم موجودگی جنھین علاوہ اُن اعلےٰ خوبیون کے جو نسوان مین ہوسکتی ہین یہ اوصاف بھی تھے کہ وہ طریقہ عمل اور کارکردگی سے نادر واقفیت رکھتی تھین یہ الیوسی ایشن بہ مشکل تمام برداشت کرسکیگی - لیڈی ڈفرن صاحبہ کو اس بات کے معلوم ہونے سے کچھ تسلی ہوگی کہ جو کام اس ملک کے لیے اُنھون نے کیا ہے اُسکی قدر و قیمت سے اس ملک کے باشندے خوب واقف ہین اور میرے خیال مین ہم یہ پیشگوئی کرسکتے ہین کہ آیندہ جب منجملہ اُن مسائل اور مباحثون کے جنھین لوگ آج کل مصروف ہین بہت سے فراموش یا طے ہوجاوینگے اور منجملہ اُن نامی ایکٹرون کے جو فی زمانناد نیا کے اسٹیج پر کام کررہے ہین بہت سون کا خیال لوگون کے دل سے جاتا رہیگا تو جو کام کہ لیڈی ڈفرن صاحبہ نے اپنی ہندوستانی بہنون کے لیے کیا ہے وہ بکمال محبت و شکوری یاد رہیگا -

ہماری مصیبت مین لی ہان خبر ہے
اجل کا ہمین اب نہ مطلق بھی ڈر ہے

ہمین پنجہ موت سے ہے چھڑایا
ہمیشہ کو پھر زور اُسکا گھٹایا

ہزاروں مریضون کو بخشی شفا ہے
ہزارون ہی مردون کو زندہ کیا ہے

یہ کیا کام کچھ اُسنے تھوڑا کیا ہے
اُسے مرحبا ہے اُسے مرحبا ہے

حیات واجل شفقت مادرانہ
نہین جانتا ہے انھین کیا زمانہ

یہ نفیس اشعار جو رپورٹ ہٰذا مین لیڈی ڈفرن صاحبہ کے نام کے مجازی تحریر ہین اُس فیصلہ کو جو ہندوستان کی آیندہ نسلین لیڈی ڈفرن کی کوششون کے بارہ مین کرینگی ایسی عمدگی سے ظاہر کرتے ہین کہ اِس سے برتر عبارت مین اظہار کرنا میرے قابو سے باہر ہے -

حالانکہ ہمکو معلوم ہے کہ بوجوہات متذکرہ بالا ہمکو کسی قدر نقصان ہوا ہے اور ہمکو یہ بھی تسلیم کرنا چاہیے کہ اِس معاملہ مین اب وہ جوش اور سرگرمی نہین ہوتی ہے جو کہ زمانہ اَبتدا مین تھی اور یہ کہ یہ معاملہ اب پرانا پڑتا جاتا ہے اور یہ کہ بعض لوگ اُس امداد کے طلب کرنے مین اور دینے مین جو بہت ضروری ہے تساہل ظاہر کرینگے لیکن پھر بھی ہمکو ایک بات سے اطمینان ہے اور وہ بات میری راے مین تمام باتون پر فائق ہے - یعنے یہ کہ اتنے دنون کے تجربہ سے یہ بات تو بخوبی ثابت ہو گئی کہ جس اصول پر یہ کام مبنی ہے وہ نہایت مناسب اور درست ہے حالانکہ اِس امر مین اول شکوک واقع ہوے ہین اب کوئی شخص یہ نہین کہہ سکتا کہ ہندوستان مین تعلیم یافتہ نسوان ڈاکٹرون کی ضرورت نہین ہے یا اِس ملک کی عورتین ان ڈاکٹرون سے علاج کرانا پسند نہین کرتی ہین کیونکہ اِس بات کا ثبوت وافر موجود ہے - ہمارے طلبہ کی تعداد برابر زیادہ ہوتی جاتی ہے - جو طلبہ کہ تعلیم پا چکے ہین وہ اسیوسی ایشن

منظور کیا ہے۔ بلکہ بر خلاف اسکے ہمنے یہ کام اسوجہ سے اپنی سپردگی مین لیا ہے کہ ہمکو معلوم ہے کہ ہندوستان کے لوگون کو اسکے باعث واقعی بے انتہا فوائد حاصل ہونگے کیونکہ اُن بُری بُری تکالیف سے نجات ملیگی جو ابتک بوجہ نہونے کسی بندوبست معقول کے چپ چاپ برداشت کرلی جاتی ہین اور اُن صورتون کی اصلاح ہوجائیگی جنکے ذریعہ سے کہ ہندوستان کے لوگون کی ہر ایک نسل دنیا مین پیدا ہوکر اپنی زندگی بسر کریگی۔

یہ معاملہ ایسا ہے کہ جسمین فی الواقع جائے کلام نہین ہے۔ جب اس بات پر غور کیا جاے کہ ہندوستان مین دس کرور سے زیادہ عورتین ہین اور اُنمین سے زیادہ تر ایسی ہین کہ کسی مرد ڈاکٹر سے علاج کرانیکی بہ نسبت مرنا بہتر سمجھتی ہین اور جو دائیان کہ اُنکا علاج عموماً کیا کرتی ہین وہ اُن باتون سے محض ناواقف ہین جو تندرستی کے لیے ضروری ہین حتی کہ اُنکے علاج کرنے سے تو اُنکا علاج نہ کرنا بہتر ہے تو یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ عمدہ تعلیم یافتہ نسوان ڈاکٹرون کا بہم پہونچانا اشد ضروری ہے۔ اگر کسی صاحب کو اس بات مین شک ہو تو وہ ان تین سال کے حالات کو ملاحظہ فرمالین جو لیڈی ڈفرن صاحبہ چھوڑ گئی ہین۔

لیکن لیڈیز و جنٹلمین اگر ہم صرف یہی خیال کرین کہ اس معاملہ کا صرف یہی نتیجہ نکلیگا کہ تکالیف رفع ہون اور امراض کا عمدہ معالجہ ہو تو ہم اس معاملہ کی اصلیت اور قدر سے پورے واقف نہین کہلا سکتے۔ بلاشک اسکے فوری نتائج تو یہی ہین لیکن کیا ہم اور ایسے نتائج کی توقع نہین کرسکتے جو اُنسے بدرجہا ضروری ہون۔ کیا ہم اس ڈفرن فنڈ کے بندوبست کو ہندوستان اور انگلستان کی قومون مین باہمی ربط وضبط پیدا ہونے کا ایک وسیلہ

اس بات کا ذکر کرنا بھی نہایت ضروری ہے کہ مہارانی سرنومئی نے سوسائٹی پر بڑا عظیم احسان کیا ہے کہ نہایت دریادلی کے ساتھ شہر کلکتہ مین ایک ایسا مکان بنوادیا ہے ۔

تعلیم طلبہ کی نسبت ایک اور ضروری امر کا ذکر بھی کرنا چاہتا ہون اور وہ یہ ہے کہ ایسے وظائف مقرر کیے جاوین جو طلبا کو زمانہ تعلیم مین ملاکرین چنانچہ یہ سنکر مجھکو بہت خوشی ہوئی کہ چند ایسے وظائف ہماری مینوسپلٹیون نے عطا کیے ہین اور یہ عملی ثبوت اس امر کا ہے کہ تمام لوگ تعلیم یافتہ نسوان ڈاکٹرون کی خدمات کی قدر جانتے ہین ۔ مین یہ بھی کہنا چاہتا ہون کہ ایسے وظیفہ کے لیے صرف مبلغ چھ سو روپیہ سالانہ کافی ہین اور مجھکو یہ امید بھی ضرور ہے کہ آپ کے جیسے ملک مین جہان نجی خیرات کا عام رواج ہے یہ وظائف اکثر قائم ہوتے رہینگے کیونکہ مین جانتا ہون کہ بہت سے اصحاب نے اپنی فیاضانہ دوستی سے اس فنڈ پر بہت احسان کیا ہے ۔

مین یہ کہکر ختم کلام کرتا ہون کہ لیڈی لینسڈون اُن احباب کی شکر گذار ہین جنھون نے اپنے کاروبار کی انجام دہی سے ایسوسی ایشن ہذا کی ترقی مین مدد دی ہے ۔ انمین سے سب سے اول صاحبان پرنسپل میڈیکل کالج ہاے اور اُنکے ماتحت معلم لوگ ہین جنھون نے کہ نسوان طلبہ کو حوصلہ دینے مین حتی الوسع بہت کوشش کی ہے ۔ یہ بات مبالغہ کی نہین ہے کہ بلا اس مدد کے ہمکو کامیابی ہرگز حاصل نہ ہوتی اور اگر یہ اصحاب ذرا بھی بے اعتنائی یا ناراضی ظاہر کرتے تو ایسوسی ایشن ہذا کی ترقی ہرگز نہونے پاتی لیڈی لینسڈون کی خواہش ہے کہ مین اُنکی جانب سے تمام ہندوستان کی اُن لیڈیون کا شکریہ ادا کرون جنھون نے کہ لوکل کمیٹیون کے کاروبار

اور اسپتالون کی نگرانی مین اپنا وقت صرف کرکے ایسوسی ایشن ہذا کو مدد دی ہے - اگر ان لیڈیون کی سرگرم امداد ہمکو نہ نصیب ہوتی یعنے اگر یہ لیڈیان مختلف کالجون مین ہمارے طلبہ کے ساتھ جا کر دل نہ لگاتین تو ہمارے طلبہ کی عادات اور طرائق پر وہ نیک اور مفید اثر نہ پڑتا جو اب پڑا ہے - لیڈی لینسڈون امید کرتی ہین کہ جب یہ جوان ڈاکٹر اول ہی اپنا کام شروع کرین تو یہ لیڈیان اُنکے ساتھ اسی دوستی اور ہمدردی کا برتاؤ رکھینگی جیسا کہ اُنکے زمانہ طالبعلمی مین رکھتی تھین -

مین آپ کا مشکور ہون کہ آپ نے آج کے کام شروع کرنے سے پیشتر مجھکو یہ چند باتین بیان کرنے کی اجازت دی اور مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ اگر آپ کی راے مین لیڈی لینسڈون یا مین اُن عہدون پر ممتاز ہونیکی وجہ سے جنپر ہمارے پیشرو ممتاز تھے آپ کے ایسوسی ایشن کی اغراض کو ترقی دسنے سکتے ہین تو ہم بخوشی اور بلا تامل آپ کے ایسوسی ایشن کے کام کرنے کے لیے حاضر ہین -

اِسکے بعد مسٹر اسکوبل نے جلسہ سے خطاب فرمایا اور یہ تحریک کی کہ سالانہ رپورٹ پیش ہوا اور منظور کیجاوے - بعد ازان مسٹر گورو داس بنرجی جج ہائی کورٹ اور مسٹر سید امیر حسین سی - آئی - ای - ممبر لیجسلیٹو کونسل وایسراے نے جلسہ سے خطاب کیا اور اِس تحریک کی تائید کی - اِسکے بعد ہز آنر لفٹننٹ گورنر نے تجویز پیش کی کہ حضور ہز اکسیلنسی کا اور لیڈی لینسڈون صاحبہ کا شکریہ ادا کیا جاوے کہ جناب محتشم الیہ نے صدر انجمن ہونا قبول فرمایا اور جنابہ لیڈی صاحبہ موصوفہ نے عہدہ لیڈی پریسیڈنٹ منظور کیا ہز آنر نے علاوہ برین اُس کام کی نسبت اپنی راے ظاہر کی جو بنگالہ کے

برنچ نے سال زیر رپورٹ مین انجام دیا - مہاراجہ صاحب وزیانگرم نے
اس تحریک کی تائید کی - حضور ہز اکسیلنسی نے بجواب شکریہ یون ارشاد فرمایا -
یور آنر - لیڈیز و جنٹلمین جس طریقہ سے کہ آپ نے اس تحریک کو منظور کیا ہے
اور جس مشکوری کے ساتھ آپ نے میری آج شام کی ناچیز خدمات کی داد دی ہے
اُسکا شکریہ تہ دل سے ادا کرتا ہون - ہز آنر نے اس تحریک کی بابت تقریر
کرنے کے وقت نہایت مناسب کیا کہ احکام مقررہ پر لحاظ نہ کرکے فی الواقع ایک
ترمیم کردی جسکی وجہ سے شکریہ کے ووٹ لیڈی لینسڈون سے اور نیز
مجھسے متعلق ہوگئے اس طریقہ پر مجھکو مطلق اعتراض نہین ہے کیونکہ میرا خیال
ہمیشہ سے یہ ہے کہ اگر اس قسم کے موقع پر کوئی شکریہ کا مستحق ہوسکتا ہے تو
وہ اشخاص نہین ہوسکتے جو تھوڑی سی اسپیچ دینے کے لیے آئے ہین بلکہ وہ
لوگ ہوسکتے ہین جو مشقت کرین اور روزمرہ کے اُن دقت طلب کامون کو انجام
دین جو اس قسم کے معاملات مین انجام دینے پڑتے ہین - مین آپ کو یقین
دلاتا ہون کہ اُن لوگون کے ساتھ ساتھ کام کرنے مین جو ایسوسی ایشن ہذا کے
کاروبار کا اہتمام کرتے ہین مجھکو ہمیشہ خوشی ہوگی - اور مین یہ کہسکتا ہون کہ اگر آپ
اس ایسوسی ایشن کے کام کو حوصلہ دینا چاہتے ہین تو اس سے بہتر کوئی اور
ترکیب نہین ہے کہ آپ اُس عمدہ نصیحت پر دھیان رکھین جو ہز آنر نے ابھی
حال مین دی ہے اور اس بات کا خیال رکھین کہ ہندوستان مین یہ ایسوسی ایشن
بوجہ نہ ملنے اُس امداد کے جسکی کہ باتفاق رائے ہم سب لوگون کے یہ مستحق ہے
نیست و نابود نہ ہونے پاوے -

کی ملازمت مین یانچی طور پر نہایت عمدگی سے کام کر رہے ہین اور اس بات کے ثبوت کے لیے کہ جو میڈیکل امداد ہم پہونچاتے ہین وہ سب کو پسند ہے اُن نسوان اور بچون کی تعداد کو دیکھا جاے جو زنانہ اسپتالون مین جس مقام پر ایسے اسپتال موجود ہین آتی ہین اور یہ بھی دیکھا جاے کہ جن مقامات پر ایسے اسپتال موجود نہین ہین وہان ایسے جدید اسپتالون کے قائم کرانے کی کیسی خواہش ہے - اسقدر جدید اسپتالون کی خواہش ہو رہی ہے کہ ہم اُسقدر مہیا نہین کر سکتے - اور مجھکو یقین ہے کہ اگر ہم اسوقت جتنی تعلیم یافتہ نسوان ہمارے ہان ملازم ہین اُنکی دس گنی تعداد کو بھی علٰحدہ کر دین تو اُنکو ہندوستان کے لوگون مین جگہ ملجاویگی - حقیقت تو یہ ہے کہ ایسوسی ایشن ہذا کی ایجاد پر آفرین کہنا چاہیے کہ ہندوستان کے لوگ اب اس بات کے عادی ہو گئے ہین کہ عورتون کا معالجہ تعلیم یافتہ نسوان ڈاکٹرون سے کرایا جاے اور لیڈی ڈاکٹر کا پیشہ ہندوستان کے آزادانہ پیشون مین خیال کیا جاتا ہے -

مجھکو اس بات مین کسی قدر تامل ہے کہ ایسوسی ایشن کو اپنی جانب سے کوئی مشورہ اُن ہدایات کے بارہ مین دون جو مساعی ایسوسی ایشن ہذا کے لیے نہایت عمدہ ہون - لیکن مین صرف یہ کہونگا کہ میری راے مین جہانتک ممکن ہو ہمکو اپنی قوتون کو یکجا کر لینا چاہیے اور اپنی آمدنی کو صرف ایک ہی کام مین یعنے اپنے طلبہ کی تعلیم دینے مین اور اُن کامون مین جو تعلیم سے متعلق ہون صرف کرنا چاہیے - منجملہ ان کامون کے ایک یہ ہے کہ طلبہ کے لیے عمدہ بورڈنگ ہوس کے مکانات مہیا کیے جاوین کیونکہ بلا بورڈنگ ہوس کے ہم اس بات کی نگرانی نہین کر سکتے کہ ان جوان عورتون کی تعلیم اُس طریقہ پر ہوتی ہے یا نہین جو پاک اور اعلیٰ تعلیم یافتہ عورت کے لیے ضروری ہے اسی سلسلہ مین

نمبر ۱۷

اسپیچ لارڈ لینسڈون بجواب اڈریس یوریشین و انگلو انڈین ایسوسی ایشن
۲۰- فروری ۱۸۸۹ء

بتاریخ ۲۰- فروری بروز چہارشنبہ بوقت شام حضور والیسراے کی خدمت مین ایک ڈیپوٹیشن منجانب یوریشین و انگلو انڈین ایسوسی ایشن حاضر ہوا اور اڈریس مبارکباد پیش کیا- حضور محتشم الیہ نے اُسکے جواب مین حسب ذیل ارشاد فرمایا-

مسٹر پریسیڈنٹ و وایس پریسیڈنٹ و ڈائرکٹران یوریشین و انگلو انڈین ایسوسی ایشن - جو مبارکبادی کہ آپ لوگون نے براہ مہربانی مجھکو اِس عہدہ پر مقرر ہونے کی دی ہے جسپر مین گذشتہ چند ہفتون سے ممتاز ہون مین اُس کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہون - مجھکو اِس بات سے نہایت ہی اطمینان ہوا ہے کہ عام جماعتون نے جو اِس ملک کی آبادی کے مختلف فرقون کے قائممقام ہین مجھکو اڈریس بنابر اظہار اِس امر کے پیش کیے ہین کہ میرے عہدہ والیسراے کے کام شروع کرنے پر ہندوستان کے تمام لوگ میرے ساتھ ہمدردی اور دوستی رکھتے ہین - یہ اظہار ناکمل ہوتا اگر آپ اِسمین دوستانہ خیال کا ذکر جو کہ آپ نے اپنے اڈریس مین کیا ہے نہ کرتے - جیسا کہ آپ نے ذکر کیا ہے آپ کی قوم کی ایک خاص اور علیحدہ صورت ہے اور مجھکو اِس بات کی خوشی ہے کہ جس طور پر اور باشندگان ہندوستان اور یوروپین لوگون نے

مجھکو خیر خواہی کے ساتھ مبارکبادی دینے مین پیشقدمی کی ہے تو آپ بھی کنارہ کش نہین رہے ہین - مین یہ سُنکر بہت خوش ہوا کہ آپ کی ایسوسی ایشن اِن لوگون کی ترقی کرنے مین خوب مصروف رہی ہے جنکی کہ وہ قائمقام ہے - بے نقص اور مجربہ اصول پر بیمہ کرانا غربار کے واسطے ارزان اور مفید صحت مکانات مہیا کرنا تعلیم کو ترقی دینا یہ ایسے مقاصد ہین جنکے سود مند ہونے پر بحث نہین ہوسکتی اور جو اس قابل ہین کہ اُنکو ہر طور کی تقویت اور مدد دیجاوے - جب آپ کی ایسوسی ایشن کسی معاملہ متعلقۂ عوام مین جسمین اُسکا کچھ تعلق ہو مجھسے سرکاری طور پر عرض حال کریگی تو مین ہمیشہ بخوشی اور باادب اُسکی سماعت کرونگا - آخر مین یہ ظاہر کرتا ہون کہ جو اقرار خیر خواہی وبندگی سلطنت ملکہ معظمہ کے آپ نے تحریر فرمائے ہین اُنکو سُنکر مجھکو بہت اطمینان ہوا - اور جو کہ اڈریس کے آخر مین آپ نے فیاضانہ طور پر میرا ذکر کیا ہے اُسکا مین خود بہت ممنون ہون -

[بجواب سوال ہز اکسیلنسی کے ایسوسی ایشن کے پریسیڈنٹ ریورنڈ ایس بی ٹیلر نے عرض کیا کہ مع شاخہاے مقام مدراس و بمبئی و الہ آباد و رنگون کے ایسوسی ایشن کے کُل ممبران کی تعداد چار ہزار سے زیادہ ہے اور تمام شاخہاے گورنمنٹ سے اپنا عرض حال کلکتہ کے ایسوسی ایشن کے ذریعہ سے کرتے ہین -]

نمبر ۱۸

اسپیچ بجواب اڈریس جلسۂ تجارت بنگال

۲۸- مارچ ۱۸۸۹ء

بتاریخ ۲۸- مارچ ۱۸۸۹ء بوقت شام ایک ڈیپوٹیشن منجانب جلسۂ تجارت بنگال حضور لارڈ لینسڈون کی خدمت مین حاضر ہوا اور ایک اڈریس دربارۂ توسیع ریلوے ہاے ہند پیش کیا - حضور پرنور نے جواب مین یون ارشاد فرمایا -

مسٹر پریسیڈنٹ ومسٹر وایس پریسیڈنٹ وممبران جلسۂ تجارت بنگال مین آپ کی اس درخواست کو منظور کر کے بہت خوش ہوا کہ کلکتہ سے روانہ ہونیکے قبل مین آپ کو ایسا موقع دون کہ جسمین آپ مجھسے ملاقات کرین اور جو کچھ آپ کی راے دربارۂ امورات متذکرہ اڈریس ہذا ہے اُس سے مجھکو آگاہ کرین - لیکن قبل اسکے کہ مین اس معاملہ کا ذکر کرون مین آپ کا شکریہ تہ دل ادا کرتا ہون کہ آپ نے میرے عہدۂ وایسراے پر ممتاز ہونے کا ذکر ایسے عمدہ طور پر کیا ہے - یہ بات سنکر مین نہایت خوش ہوا کہ آپ کی جیسی ایک جماعت کو جو اس عظیم صوبہ کے تاجرون کے قائممقام ہے میرا اس عہدہ کے لیے انتخاب ہونا پسند ہے - مین آپ کو یقین دلا سکتا ہون کہ مین ایسی جماعت کے اعتماد کی بہت وقعت سمجھتا ہون اور مین اُن معاملات عام پالیسی مین جنسے آپ کو خاص تعلق ہوگا آپ کی راے وقتاً فوقتاً بخوشی

تمام یقینا رہونگا۔

یہ بات قابل اطمینان ہے کہ اصل مقاصد کے بارہ مین توآپ کے اور گورنمنٹ ہند کے مابین اختلاف رائے نہین ہے۔ اگرآپ لوگ برابر توسیع ریلوے کی سفارش کرتے آئے ہین تو یہ کہنا بھی صحیح ہے کہ گورنمنٹ ہند بھی اِس توسیع کی امداد صرف اصولاً نہین بلکہ عملاً کرتی چلی آئی ہے حتی کہ اُن کُل ریلوے میلون کی تعداد جو کہ تیار ہو چکی ہین یا زیر تعمیر ہین سال حال کے شروع مین سولہ ہزار (۱۶۰۰۰) اور سترہ ہزار (۱۷۰۰۰) میلون کے درمیان ہے۔ ۱۸۵۸ء مین صرف ۴۰۰ میل ریل تھی۔ البتہ یہ بات تو ممکن ہے کہ کسی وقت مین اِس معاملہ مین تیزی کے ساتھ ترقی نہ ہوئی ہو۔ لیکن یہ خوشی کی بات ہے کہ منجملہ اُن تین تجاویز کے جنکا ذکر آپ نے اپنی اُس چٹھی مین کیا ہے جو لارڈ ڈرپن کے نام تھی دو تجویزین یعنے پُل دریاے انڈس بمقام سکر اور پُل دریاے ہوگلی تو تکمیل پا چکے ہین اور تیسرے یعنے بنگال ناگپور ریلوے زیر تعمیر ہے اور جلد تکملہ کو پہونچنے والی ہے۔

دیگر دو امور متذکرہ چٹھی مذکور کے بارہ مین مجھکو یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپکی راے یہ ہے کہ "اِس ملک مین کوئی ایک ذی اختیار حاکم رکھا جاے کہ جو معاملہ متعلق ریلوے کا فوراً تصفیہ کر دیا کرے"۔ اگر اِس بات سے آپ کا منشاء یہ ہے کہ ہندوستان کی ریلوے پالیسی سکرٹری آف اسٹیٹ کے اہتمام سے بالکل نکال لیجاوے تو مجھکو احتمال ہے کہ مین آپ کو یہ امید نہین دے سکتا کہ آپ کی یہ آرزو جلد برآئیگی۔ سکرٹری آف اسٹیٹ شاہی پارلیمنٹ کے روبرو جوابدہ ہے پس یہ بات قابل تعجب ہوگی کہ مین یا آپ پارلیمنٹ کو سمجھا دین اور وہ ہمارے کہنے مین آکر ہندوستان کے

انتظام کے بڑے بڑے معاملات کو اپنے اہتمام سے نکال دے - لیکن مین یہ کہہ سکتا ہون کہ میرے خیال مین اس بارہ مین کوئی اختلاف رائے نہین ہے کہ افسران اعلی انتظام ریلوے اور وہ لوگ جنکو اس ملک کی تجارت سے براہ راست تعلق ہے باہم خط وکتابت کرین اور آپ دیکھینگے کہ آنریبل ممبر صیغہ تعمیرات اور اعلی افسران صیغہ مذکور ایسی خط وکتابت مین جتنی اوسع سہولیت پیدا کرنے کے لیے رضامند ہین -

اب مین مختصر طور پر آن ایک دو امور کے بارہ مین گفتگو کرنا چاہتا ہون جنپر کہ آپ نے اپنے اڈریس کے آخری حصہ مین میری توجہ دلائی ہے - آپ کی راے مین یہ انتظام خراب ہے کہ سکرٹری آف اسٹیٹ کنسلٹنگ انجنیر سے مشورہ لیتے ہین اور یہ کنسلٹنگ انجنیر بہت سی ریلوے کمپنیون کا کام بھی کرتے ہین - مین جانتا ہون کہ اس معاملہ پر اکثر بحث ہوئی ہے - لیکن یہ موجودہ انتظام ہندوستان کی ریلون کی ترقی کے ساتھ ساتھ تبدریج صورت پکڑ گیا ہے - اور اگر یہ انتظام اصولاً قابل اعتراض بھی ہو تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ جن معاملات مین صاحب کنسلٹنگ انجنیر سکرٹری آف اسٹیٹ کو مشورہ دیتے ہین وہ اکثر ایسے معاملات ہوتے ہین جنمین مابین ریلوے کمپنی ہاے ہمسر عملاً کوئی مخالفت نہین ہوتی -

آپ کی دوسری تجویز یہ ہے کہ گارنٹیون کے معاملہ مین گورنمنٹ ہند کسیقدر زیادہ عالی ہمتی کام مین لایا کرے اور ان گارنٹیون کا دینا یا نہ دینا محض بلحاظ آیندہ کے فائدہ یا نقصان کے عمل مین نہ آیا کرے - لیکن میرا یہ خیال ہے کہ بہرحال ان ریلوے لائنون کی گارنٹی مین جو بغرض انسداد قحط بنائی جاتی ہین ہمیشہ رعایا کے فائدہ کا ہی لحاظ رکھا جاتا ہے اور براہ راست

فائدہ یا نقصان کا کبھی خیال نہین کیا جاتا ۔ مگر یہ مسئلہ ایسا ہے کہ جسکا جواب اِسوقت مین آپ کو نہین دے سکتا ہون لیکن مجھکو امید ہے کہ میری طرح آپ بھی اِس بات کو خیال کرینگے کہ گورنمنٹ ہند کو چاہیے کہ جو تجاویز واسطے توسیع طریقہ گارنٹی جدید ریلوے لائنون کے پیش کیجاوین اُنپر نہایت ہوشیاری کے ساتھ غور کرے کیونکہ جب تک مبادلہ کی حالت ایسی تغیر پذیر رہیگی جیسی کہ آجکل ہے ان گارنٹیون مین سرکار کو روپیہ کے متعلق ایسے وعدے کرنے پڑینگے جنکی حد کی نسبت اِسوقت پیشگوئی کرنا محال ہے ۔

اب اِس معاملہ کو چھوڑکر مین اُس بات پر گفتگو کرتا ہون جو آپ نے اِس بارہ مین کہی ہے کہ شمالی اور وسطی ہندوستان مین براہ راست آمد و رفت اندرونی ہونا لازمی ہے ۔ جس ریلوے لائن کا ذکر کہ آپ نے خاصکر کیا ہے یعنے بنگال ناگپور ریلوے وہ آجکل زیر تعمیر ہے اور مین امید کرتا ہون کہ سال آیندہ کے آخر تک بالکل تیار ہوجاویگی ۔ مین جانتا ہون کہ جو توقف اِس لائن کی بنگال کے حصہ کی تعمیر مین ہوا اُسکی وجہ کچھ تو یہ تھی کہ بعض مقامات مین طبعی مشکلات درپیش آئین اور کچھ یہ بات تھی کہ اِس معاملہ مین اکثر آراے مین اختلاف تھا کہ ایسٹ انڈیا ریلوے سے کس مقام پر جنکشن رکھا جاوے ۔

اپنی تھوڑی ہی مدت قیام مین یہ بات مجھکو بھی معلوم ہوگئی کہ کلکتہ اور شمالی صوبون کے مابین ایسی لائن کا ہونا ضروری ہے جسکا فاصلہ بہ نسبت حال کے اور کم ہو ۔ اب اِس معاملہ مین گورنمنٹ ہند اور سکرٹری آف اسٹیٹ کے مابین خط و کتابت ہو رہی ہے ۔ اور اِسوقت اِس تجویز کے متعلق پیمایشین ہو رہی ہین اور مین امید کرتا ہون کہ اُنمین سے کسی نہ کسی لائن کی

تکمیل دیکھنا مجھکو ضرور نصیب ہوگا۔

میرے خیال مین آپ کے اڈریس مین ایک امر ایسا اور ہے جسپر مجھکو گفتگو کرنے کی ضرورت ہے۔ وہ یہ ہے کہ آپ نے کہا ہے کہ آپ کو یہ معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان مین ایسی جدید لائنون کے بنانے کی اجازت نہین دیجائیگی جو موجودہ لائنون کے مقابلہ مین بنائی جاوین۔ یہ معاملہ کہ مقابلہ مین ریل بنانے کو کس حد تک حوصلہ دیا جاوے واقعی قابل بحث ہے۔ مین خیال کرتا ہون کہ آپ یہ مشورہ تو نہ دینگے کہ بالکل بیجا طور پر یہ مقابلہ جاری رکھا جاوے خاصکر ایسی صورتون مین جہان کثیر روپیہ بمنظوری و بامداد گورنمنٹ ریلوے مین لگا دیا گیا ہے۔ میری راے مین معاملہ بحث طلب یہ ہے کہ کس حد تک یہ مقابلہ جاری رکھا جاوے۔ اور مین آپ کو نہایت خوشی کے ساتھ یقین دلاتا ہون کہ جو حالات مجھکو اس اثنا مین جبسے آپ کا اڈریس میرے پاس آیا ہے معلوم ہوے ہین اُنسے یہ پایا جاتا ہے کہ جس جدید فیصلہ کا آپ کو اندیشہ ہے ایسا کوئی فیصلہ نہ تو حکام انگلستان نہ اور گورنمنٹ ہند نے کیا ہے۔

اب مین خیال کرتا ہون کہ مین ہر ایک امر متذکرہ آپ کے اڈریس کا مختصر حال بیان کر چکا لیکن مین بخوشی تمام ان امور پر پھر کامل طور پہ غور کرونگا۔ میرے خیال مین آپ کا منشا اس وقت زیادہ تر یہ تو نہین تھا کہ گورنمنٹ کی پالسی کے بارہ مین میری راے کا آپ اظہار چاہتے ہون۔ بلکہ آپ کا منشا صرف اُن امور کے بتانے کا تھا جو آپ کی راے مین اس قابل ہین کہ گورنمنٹ اُن کی تحقیقات کرے مجھکو یقین کامل ہے کہ جلسہ تجارت بنگال کی واقفیت ایسی کم تو نہین ہے کہ اُنکو یہ خیال ہو کہ جس زمانہ مین گورنمنٹ ہند کا

قیام پہاڑ پر رہتا ہے وہ زمانہ محض بے شغلی مین صرف ہوتا ہے۔ اگر بفرض محال آپ کو اس بارہ مین کچھ شک بھی ہو تو اب آپ اطمینان رکھین کیونکہ آپ نے کئی ماہ تک کامل غور کرنے کے لیے مجھکو سامان دے دیا ہے۔ مین آپ سے وعدہ کرتا ہون کہ آپ کی رائے پر مین غور کامل کرونگا۔

نمبر ۱۹

اسپیچ نقشہ مالی بابت سال ۹۰-۱۸۸۹ء

۲۹- مارچ ۱۸۸۹ء

جو جلسہ لیجس لیٹف کونسل کا بمقام گورنمنٹ ہاوس کلکتہ تاریخ ۲۹- مارچ ۱۸۸۹ء منعقد ہوا تھا اُسمین آنریبل مسٹر کوئنٹن نے تحریک پیش کی کہ جو رپورٹ کمیٹی منتخب شدہ نے اُس بل پر لکھی ہے جو دامی پٹواری ممالک مغربی وشمالی واودھ مین لگانے اور صوبہ مذکور مین پٹواریان وقانونگویان کی نسبت چند احکام مرتب کرنے کی منظوری کے واسطے تیار ہوا ہے اُس رپورٹ پر غور ہونا چاہیے - چونکہ یہ بل خصوصاً نہ کہ محض اِس غرض سے پیش کیا گیا تھا کہ آمدنی مین اضافہ ہو سر ڈیوڈ باربر نے اثنا رمباحثہ مین آمدنی کی کیفیت صاف صاف بیان کردی - آخرکار رائے طلب کی گئی اور یہ تحریک منظور ہوئی - اور جلسہ تاریخ ۲۹- مارچ یوم جمعہ تک ملتوی ہوا اور اُس روز اِس تحریک پر کہ پٹواری بل پاس کیا جاوے نقشہ آمدنی پر بحث ہوئی - بحث کے اختتام پر ہز اکسیلنسی پریسیڈنٹ نے کونسل سے یون خطاب کیا -

مجھکو کونسل کا وقت بہت دیر تک صرف کرنے کی ضرورت نہو گی لیکن اِس بحث کے ختم ہونے کے پیشتر مین ایک یا دو امور پیش کرنا چاہتا ہون - اگرچہ آج کی بحث خلاف معمول بہت ہی مختصر ہوئی ہے - لیکن جو اسپیچین کہ دی گئی ہین اُنسے ایک نہایت عمدہ مثال اِس بات کی پیدا ہوتی ہے کہ اِس طریقہ

سے جسکے ذریعہ سے لیجس لیٹیف کونسل کو گورنمنٹ کی تجاویز متعلق بہ آمدنی پر
غور کرنے اور راے دینے اور نکتہ چینی کرنے کا موقع ہاتھ آوے گورنمنٹ
ہند کو اور نیز عام رعایا کو فائدہ حاصل ہوگا - فی الحقیقت آخری ذمہ داری
اس قسم کے معاملات کی گورنمنٹ پر رہیگی لیکن اگر ہمکو یہ معلوم ہوجائیگا کہ
ہماری تجاویز اس طور پر مرتب ہوئی ہین کہ ہمارے اس میز کے ساتھیون نے
انکو بذریعہ بحث اور نکتہ چینی خوب آزمالیا ہے تو ہم پر ذمہ داری کسی قدر
ہلکی رہ جاویگی - مین یقین کرتا ہون کہ یہ بات ہمیشہ سے قرار دی گئی ہے کہ
اُس ایکٹ کے احکام مین جسکے بموجب ہماری کل کارروائیان ہوتی ہین اس
قسم کی بحث کرنے کی ممانعت کی گئی ہے سواے اُس صورت کے جب اُس سال
کے مالی انتظام مین توضیع قانونی منجانب کونسل بھی شامل ہو - مین اِس
بات کے دریافت کرنے کے واسطے انتظار نہین کرونگا کہ انڈین کونسل ایکٹ
کی عبارت سے یہ امر کہانتک پایہ ثبوت کو پہونچتا ہے اسمین شک نہین کہ
اِس عبارت سے جو مراد متواتر بیان لی گئی ہے اور مختلف سکرٹری صاحبان
اسٹیٹ نے لی ہے اُس سے یہ امر ثابت ہے - مجھکو معلوم ہے کہ ایک مرتبہ
ایک وایسراے سکرٹری آف اسٹیٹ کا مورد ملامت اِس وجہ سے ہوچکا
ہے کہ اُسنے بجٹ پر بلا اس بہانہ کے کہ وہ بجٹ ایک بل سے جو کونسل کے روبرو
اُس اجلاس مین پیش تھا علاقہ رکھتا تھا بحث کیون ہونے دی اور اُسکا نتیجہ
یہ ہوا ہے کہ جب بجٹ کو قانون ملک کی تبدیلی سے کچھ علاقہ ہوا ہے تو اُسپر
لیجس لیٹیف کونسل مین بحث ہوئی ورنہ بحث نہین ہوئی - یعنی یہ کیفیت ہے کہ
گذشتہ ۲۵ - سال مین بجٹ پر صرف بارہ مرتبہ بحث ہوئی ہے اور باقی
سالون مین بحث ہونے کی اجازت ہی نہین دی گئی ہے - مجھکو تو یہ انتظام

بالکل ناموزون اور دقت طلب معلوم ہوتا ہے۔ مجھکو اسمین بالکل شک نہین معلوم ہوتا کہ کم از کم سال حال کے لیے آنریبل ممبر صاحبان میرے آنریبل دوست کی راے سے اتفاق کرینگے اور اس بات کو پسند کرینگے کہ ہم بل کے اُس فقرہ سے جو کہ اسوقت زیر تجویز ہے اور جو مالی انتظام سے کسی قدر تعلق رکھتا ہے اس غرض سے استفادہ اُٹھاوین کہ کونسل کے روبرو اپنی کُل تجویز سال آیندہ کے مالی انتظام کی پیش کرین۔ مین اپنی راے مین اس طریقہ کو بالکل پسند کرتا ہون اور یہ راے عام طور پر بخوشی ظاہر کرتا ہون کہ لیجس لیٹیف کونسل کو ملک کی مالی حالت پر راے باترتیب ملین اور جیسا کہ فی زمانہ حال ہے محض اتفاقیہ نہون۔ یعنی یہ کہ کسی خاص سال مین مالی توضیع قانون کے لحاظ سے نہون۔ آنریبل ممبر صاحبان کو خوب معلوم ہے کہ یہ معاملہ بہت عرصہ سے زیر تجویز گورنمنٹ آف انڈیا ہے۔ اور یہ کہ جو راے مین نے اس وقت ظاہر کی ہے یہی راے میرے پیشیرو کی تھی جنھون نے کہ اپنے اوپر اس بات کو فرض سمجھا کہ صاحب سکرٹری آف اسٹیٹ سے اس معاملہ کی کل کیفیت عرض کیجاوے۔ جب سے مین اس ملک مین آیا ہون مین نے بھی اس معاملہ مین بہ اتفاق اپنے آنریبل ساتھیون کے کوشش جاری رکھی ہے۔ اور مین خوشی کے ساتھ کہتا ہون کہ لارڈ کراس نے اس تجویز کے ساتھ جو مین نے ابھی پیش کی ہے اپنا دلی اتفاق ظاہر کیا ہے۔ یہ بھی کہنا ضروری ہے کہ اس تجویز کے لیے دلائل قاطع موجود ہین اور ان دلائل کی تائید بہت سے باوقعت آراے سے ہوتی ہے جسمین مین یقین کرتا ہون کہ تمام اعلی درجہ کے چیمبرس آف کمرس (جلسہ ہاے تجارت) ملک ہندوستان کی آراے بھی شامل ہین۔

مجھکو یاد ہے کہ اس بل کے پیش کرنے کے وقت جو آپ ہمارے روبرو ہے میرے آنریبل دوست مسٹر اسٹیل صاحب نے ایک ایسا ذکر کیا تھا جس کا اثر اُسوقت میرے دل پر بہت ہوا تھا۔ جبکہ کسی جدید ٹکس کے لگانے کی تجویز اس قابل قرار دی گئی ہے کہ اُسپر ہم لوگ اس میز پر بحث کرین تو جیسا کہ صاحب موصوف نے فرمایا تھا میرے خیال مین یہ بات بھی نہایت درست ہے کہ کسی قدیم ٹکس کے معاف کرنے کی تجویز بھی ایسی بحث کے قابل ہے۔ میرے خیال مین تو اسکے لیے کوئی عذر نہین پیش کیا جا سکتا کہ اول حالت مین تو بحث قرین مصلحت ہے اور دوسری حالت مین محض دقت طلب و غیر ضروری فی الحقیقت اگر ان دونون حالتون مین تفرقہ کیا جاوے اور اس بات کو کہ یہ ایک اہم معاملہ متعلقہ خلائق عام ہے محک امتحان رکھا جاوے تو بہ نسبت جدید ٹکس لگانے کی تجویز کے قدیم ٹکس کے معاف کرنے کی تجویز مین بحث کی زیادہ ضرورت ہے۔ یہ امر تو یقینی ہے کہ جب کبھی جدید ٹکس لگایا جائیگا تو بلا غور کامل نہ لگایا جائیگا کیونکہ یہ تجویز ضرور بالضرور کسی نہ کسی شخص کو ناپسند ہوگی اور اُسپر بے شبہہ نکتہ چینیان ہونگی پس وہ لوگ جو کہ ٹکس لگا دینگے اور نیز وہ لوگ جنپر کہ یہ ٹکس لگے گا ضرور اس معاملہ کو غور سے دیکھینگے لیکن قدیم ٹکس کا معاف کرنا اس سے بالکل مختلف بات ہے۔ ممکن ہے کہ اسوقت خزانہ سرکاری مالامال ہو اور ٹکس معاف کرنا اُن لوگون کو جو معافی دین اور اُن لوگون کو جو اس سے مستفید ہون پسند آوے۔ کیونکہ جسوقت روپیہ پاس ہوتا ہے اسوقت فیاضی اور روپیہ صرف کرنے کی ہوس غالب ہوتی ہے اور ہر ایک شخص خوش ہو جاتا ہے۔ اب اسکا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ ذراسی قلم کی جنبش سے آمدنی کا ایک دائمی ذریعہ ہاتھ سے جاتا رہتا ہے اور ایسے

اہم معاملہ مین جیسا غور کامل ہونے کا حق ہے وہ نہین ہوتا ہے - بلکہ اُس حالت مین جبکہ بجٹ مین نہ تو جدید ٹکس لگانے کا یا قدیم ٹکس کی معافی کا ذکر ہو لیکن صرف موجودہ ٹکس ہاے کا قائم رکھنا ہی ہو تو بھی میری دانست مین ہم کونسل کی رائے لینے کے فرض سے سبکدوش نہین ہو سکتے کیونکہ یہ امر ممکن ہے کہ کوئی ایسی صورت پیدا ہو جسمین موجودہ ٹکس کے قائم رکھنے کی تجویز بھی اتنی ہی قابل بحث ہو جیسے کہ جدید ٹکس کے لگانے یا قدیم ٹکس کے معاف کرنے کی تجویز ہو سکتی ہے - ہر ایک بجٹ مین ایسی تجاویز ہوتی ہین جو ہر سہ اقسام مندرجہ بالا مین سے کسی نہ کسی قسم کی ضرور ہوتی ہین اور اس سے سراسر یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ کسی سال کے بجٹ مین تجاویز خواہ کسی قسم کی ہون ان تجاویز پر یہان آپ کے بحث کرنے سے فائدہ عام حاصل ہوگا -

ماسواے اسکے ایک اور وجہ سے بھی میرا یہی خیال ہے - مالی معاملات پر نکتہ چینی کی وقعت اُس صورت مین ہو سکتی ہے جبکہ یہ نکتہ چینی بھی مثل اُس مالی حکمت عملی کے (پالسی) جسپر نکتہ چینی کیجاوے جاری رہے - ہر ایک ملک کی مالی تاریخ متواتر جاری رہتی ہے پس اسی طرح سے اُن لوگون کی آنکھ بھی جنکا کام اُسپر راے دینے کا ہو برابر اسی معاملہ پر رہنی چاہیے - یہ بات مجھکو محض لغو معلوم ہوتی ہے کہ راے دینے اور نہ دینے کا انحصار محض بل کے پیش ہونے کی اتفاقیہ حالت پر رہے - یہ رائے اس قسم کی ہونی چاہیے کہ صرف زمانہ ماضی اور زمانہ حال سے ہی تعلق نہ رکھتی ہو بلکہ زمانہ مستقبل کی بھی پیش بینیون اور امور ممکن العمل کا خیال کر لیا جاوے - شاید اُس صلاح سے اور کوئی صلاح زیادہ قیمتی نہین ہے جو دور دراز زمانہ مستقبل سے متعلق ہو - گذشتہ سال کی آمدنی اور اخراجات اب واپس نہین ہو سکتے ہین اور اسی طرح سے یہ بات بھی نہایت

شکل ہے کہ بوقت تیاری بجٹ گورنمنٹ اُن انتظامات کو پلٹ دے جو اُسنے اُس سال کے واسطے کیے ہین جو ابھی شروع ہونے والا ہے۔لیکن آیندہ سالون کے واسطے گورنمنٹ کو اتنی دقت نہین پیش آسکتی اور اُسکو اب بھی موقع حاصل ہے کہ مفید صلاح اور مشورات سے استفادہ اُٹھا سکے پس اِن معنیون مین مین آنریبل ممبران کی وہ رائین بخوشی قبول کرتا ہون جو صاحبان موصوف نے اُس طریقہ کی بابت دی ہین جبکا ہمکو آیندہ معافی ٹکس کے موقعون پر کاربند ہونا پڑیگا۔

مین امید کرتا ہون کہ صاحبان موصوف کی یہ پیش بینی صحیح ہے کہ تھوڑے ہی عرصہ مین اس معاملہ پر غور کرنا ہمکو نہایت خوشگوار معلوم ہوگا کہ ملکہ معظمہ کے اس ملک کی رعایا کو کس کس بار سے سبکدوش کیا جاوے۔اور مین وعدہ کر سکتا ہون کہ اگر میرے عہد مین گورنمنٹ آف انڈیا کو خوش نصیبی سے مراعات کرنے کا موقع ملیگا تو ہم بکمال احتیاط رعایت کرنے کا خیال رکھینگے اور جو کچھ دلائل کہ صاحبان موصوف نے پیش کی ہین اُنکا پورا پورا لحاظ رکھینگے۔

مین ابھی ذکر کر چکا ہون کہ سکرٹری آف اسٹیٹ نے اس تجویز سے اپنا اتفاق ظاہر کیا ہے کہ کونسل مین بجٹ پر بجاے اتفاقیہ بحث کے اب سالانہ بحث ہوا کرے۔شاید یہ کہنا اسوقت مناسب ہو کہ گورنمنٹ آف انڈیا اور نیز سکرٹری آف اسٹیٹ کی راے مین یہ معاملہ ایک دوسرے معاملہ سے بہت متعلق ہے یعنے یہ کہ گورنمنٹ آف انڈیا کی لیجس لیٹیف کونسل کو بہ حفظ شرائط مناسب گورنمنٹ سے امورات متعلق عوام مین سوالات کرنے کا استحقاق دینا مناسب ہے۔اور مین یہ کہ سکتا ہون کہ ہم اس قسم کی تبدیلی کے موافق ہین اور اس معاملہ پر ہماری اور سکرٹری آف انڈیا کی توجہ ہو رہی ہے لیکن مین

یہ اعلان بہ پابندی دو ضروری شرائط کے دیتا ہوں - اول یہ کہ اِس امر کا صاف طور پر تحقیق کرنا ضروری ہے کہ آیا جو طریقہ کہ ہم اختیار کرین وہ قانون کی موجودہ صورت کی روسے جائز ہوگا یا نہین اور اگر نہین ہوگا تو اُسکو کس طرح ترمیم کیا جائیگا - دوسرے یہ کہ استحقاق دخل دہی کا اس طور پر بخوبی محدود کر دینا ضروری ہے کہ جس سے وہ تمام سوالات جلسے فوائد عوام کا نقصان متصور ہو مطلق نہ کیے جاوین یہ معاملہ نہایت اہم ہے اور اِس مین بہ ہوشیاری تمام غور کرنیکی ضرورت ہے -

اِس بل کی صورت سے جو اسوقت ہمارے روبرو پیش ہے معلوم ہوتا ہے کہ آمدنی کے کسی ذریعہ کو ہاتھ سے دیدینا تو آسان کام ہے لیکن اُسکا واپس ہونا ایک امر دشوار و محال ہے - جو شہادت کہ پیش کی گئی ہے اُس سے ثابت ہے کہ دوامی پٹواری کے معاف کرنے سے وہ نتیجہ نہ نکلا جو سوچا گیا تھا اور ایک بڑی سالانہ آمدنی ہاتھ سے جاتی رہی - اگر اُس آمدنی کا جو اُس وقت ہمنے اپنے ہاتھ سے جانے دی ہمکو ایک جزو بھی واپس ملیگا تو اسوقت ہمکو اُسی پر قانع ہونا پڑیگا - اور ہمکو یہ بھی تسلیم کرنا پڑیگا کہ اب اِس دوبارہ ٹکس کا پرتہ بالکل ٹھیک ٹھیک زمیندار اور کاشتکار کے درمیان تقسیم کرنا کسی قدر ضرور ہمارے اختیار سے باہر ہے - اور اِس بات کا رد کرنا مشکل ہے کہ اِس جدید قانون کے بموجب اُن کاشتکارون پر ظاہرا کسی قدر ضرور سختی ہوئی جنکو ۱۸۷۱ء کی معافی سے کچھ فائدہ نہین ہوا ہے اور جنکو کہ اُس ٹکس سے جسکے مستوجب ادائگی وہ اُسوقت تھے کچھ سبکدوشی حاصل نہین ہوئی وہ لوگ تو یہ خیال کرینگے کہ اِس بل کے بموجب ہم پر ایک جدید ٹکس لگایا جاتا ہے -

لیکن مین خیال کرتا ہون کہ اب ہمکو دو باتین فرض کرلینی چاہیئین - اول

یہ کہ اگر ایسے بظاہر دقت طلب معاملات کا تدارک کسی خاص طور پر کرنے کی
کوشش کیجائیگی تو اسکی وجہ سے اور بہت سے زیادہ دقت طلب معاملات
پیدا ہونگے - فی الحقیقت جیسا کہ سر الفرڈ لائل نے ۱۸۷۸ء مین لکھا ہے
اب یہ امر ناممکن ہے کہ موجودہ لگان کو اُسکے اصلی اجزا کی صورت مین لایا جاوے
اور یہ مقرر کیا جاوے کہ موجودہ لگان کا کون حصہ پُرانی دامی پٹواری کے
برابر ہے - اور مجھکو یہ احتمال ہے کہ اگر اب کاشتکاران دخیلکارون کو اِس
جدید ٹکس سے مستثنیٰ کرنے کی کوشش کیجاویگی تو اِس سے کاشتکاران
غیر دخیلکارون پر سخت ظلم ہوگا کیونکہ وہ لوگ مستثنیٰ نہین ہوسکتے اور تقریباً
اِس صوبہ کے نصف رقبہ پر قابض ہین - دوم یہ کہ میری راے مین جب
اُس محصول کی قلیل مقدار پر غور کیا جاوے جو کہ کاشتکار کو دینا پڑتا ہے
اور جو اُسکے کاشت کے سالانہ لگان پر اندازاً ایک فیصدی سے زائد نہین
ہوسکتا اور نیز جب اِس امر پر بھی غور کیا جاوے کہ پٹواری کے اپنی خدمات
پورے طور سے انجام کرنے مین کاشتکارون کا بہ حیثیت ایک جماعت کے
بہت بڑا فائدہ ہے تو یہ شکایت اگر فی الحقیقت کوئی شکایت ہوسکتی ہے
تو نہایت ہی خفیف معلوم ہوتی ہے - اپنے آنریبل دوست کے مالی نقشہ
اور آن رایون کے بارہ مین جو اُس نقشہ پر دی گئین ہین مین مختصر طور پر یہ
ذکر کرونگا - یہ نقشہ اِس قسم کا معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ اِسکو کامل اطمینان کے لائق
نہین سمجھ سکتے لیکن یہ خیال تو ضرور ہوتا ہے کہ ممکن تھا کہ اِس سے بھی زیادہ
خراب صورتین پیدا ہوتین - گذشتہ موسم سرما مین میرے آنریبل دوست
نے اور مین نے سکرٹری آف اسٹیٹ سے اور دیگر صاحبان سے
جنکی راے ہندوستانی معاملات مین قابل اعتبار شمار کی جاتی ہی بطور خود

خط و کتابت جاری رہی ہے - مین خیال کرتا ہون کہ اُسوقت ہم سب بہت خوش ہوتے اگر اِس امر کی پیش بینی کی کوئی وجہ ہوتی کہ میرے آنریبل دوست خواہ سال آیندہ کے بجٹ کی بابت یا سال قریب الاختتام کے حسابات کی بابت ایسی قابل اطمینان حالت دکھا سکینگے - چنانچہ مشارٌ الیہ نے جو یہ حالت دکھلائی ہے وہ کسی قدر سوتفع اور وقت کے باعث سے بھی ہوئی ہے - جو کمی کہ چاندی کی قیمت مین بمقابلہ سونے کے ہوتی چلی جاتی تھی وہ فی الحال بند ہے - اور معمولی ذرایع آمدنی مین جو کمی و بیشی ہوتی رہتی تھی وہ بھی مجملاً قابل اطمینان رہی ہے - برخلاف اِسکے مین اِس بات پر افسوس ظاہر کرنا بھی فرض سمجھتا ہون کہ ہم سنے ۹۰-۱۸۸۹ء مین بلا اِسکے کہ پراونشل گورنمنٹون سے اُس بقایا مین سے جو اُنکے تصرف مین تھین اپنی ضروریات کے لیے مدد طلب کرین یہ ممکن نہ ہوا کہ مالی حالت کو ہموزن کردین - جیسا کہ سلوک ہمنے حال مین لوکل گورنمنٹون کے ساتھ کیا ہے اُسکو کوئی بھی عام اس سے کہ وہ ایک شخص مجرد ہو یا کوئی جماعت ہو اِس طرح برداشت نہ کرتا - اِس سلوک کا ذکر مین نے ایسے الفاظ مین لکھا ہوا دیکھا ہے جو کہ باوصف اِسکے کہ عموماً تشبیہی عبارت مین تحریر تھے لیکن پھر بھی اُنمین پوری سختی پائی جاتی تھی -

کونسل کو یہ بات خوب معلوم ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا کا یہ مقصد تھا کہ اُسکی کاربراری کسی ایسے طریقہ سے ہوتی جو اِس طریقہ سے زیادہ سردلعزیز اور ہوشیاری کے ساتھ ہوتا - وہ اسکیم (تجویز) جو پراونشل امداد کی تشخیص کے لیے تھی اور ۲ - اکتوبر سال گذشتہ کے مشہور سرکلر مین درج ہے سب آنریبل ممبر صاحبان کو یاد ہوگی - میرے ہندوستان مین آمد کے وقت پر بھی یہ تجویز زور و شور سے جاری تھی اور خاص خاص پراونشل گورنمنٹون کے

قائمقام میرے آنریبل دوست کے پیشترو سے اس بارہ مین مشورہ کرنیکے واسطے
طلب فرمائے گئے تھے - اِس مشورہ سے دو ضروری امور معلوم ہوے - اول یہ کہ
بعد کامل مشورہ پراونشل قائمقامان کے آنریبل مسٹر ویسٹلینڈ کی یہ راے
قرار پائی کہ بعض تجاویز پر جسمین وہ تجاویز بھی شامل تھین جو نہایت ضروری واہم
خیال کی گئی تھین زور نہین دینا چاہیے - دوم یہ معلوم ہوا کہ پراونشل قائمقامون
نے اُس پیچیدہ اور دقیق طریقہ پر جو گورنمنٹ آف انڈیا نے ہر ایک پراونس
سے چندہ طلب کرنے کا تجویز کیا تھا اِس سادہ طریقہ کو ترجیح دی جو میرے
آنریبل دوست نے اختیار کیا ہے - پس اِس صورت مین ہمارے واسطے
صرف ایک تدبیر رہ گئی - میرے آنریبل دوست نے اُسی زمانہ مین اپنے
عہدہ کا کام لیا تھا اور مجھکو بھی اِس ملک مین آئے ہوئے تھوڑا ہی
عرصہ گذرا تھا - لہذا ہم دونون یہ درخواست کرنے کے مستحق تھے کہ اِس
اہم معاملہ کا قطعی فیصلہ بالفعل ملتوی رکھا جاوے اور میری دانست مین
میرے آنریبل دوست نے ایسی حالت مین مناسب کیا کہ جو طریقہ اصل
مین تجویز ہوا تھا اُسپر عمل نہ کیا اور پراونشل چندون کی بنیاد کی ٹھیک ٹھیک
اصلاح کرنے کی کوشش نہ کی بلکہ زمانہ درمیانی کا ایسا انتظام کردیا کہ جس سے
آمدنی مطلوبہ حاصل ہوسکے اور اصلی معاملہ بحث طلب پر مزید راے دینے کی
گنجایش رہے - اِس امر پر اب مین مزید راے نہین دونگا سواے اسکے کہ
اُن امور کے بارہ مین جنکا ذکر میرے آنریبل دوست لفٹنٹ گورنر نے
ابھی کیا ہے اُن پراونشل گورنمنٹون کے ساتھ ہمدردی ظاہر کرون جنکو کہ
ناحق امپیریل (شاہی) خزانہ مین روپیہ دینا پڑا - ممکن ہے کہ بعض حالتون مین
وہ زر بقایا جسمین سے کہ جتنے روپیہ طلب کیا تھا بوجہ آمدنی کی قدرتی

اضافہ

بالیدگی کے فراہم ہوا ہو اور بعض حالتون مین بوجہ حسن انتظام وکفایت شعاری کے اُن لوکل اخراجات کی ضرورت سے فراہم ہوا ہو جو نہایت مفید ہون - اسمین شک نہین کہ بعض صورتون مین لوکل گورنمنٹون سے اس طور سے روپیہ لینے مین لوکل اصلاحات کا خیال بالکل چھوڑ دیا گیا ہے اور اگر وہ گورنمنٹ اس امر کی شکایت کرین تو بیجا نہین ہے - ہم صرف اُنکو اب یہ تقین دلا سکتے ہین کہ اگر اُنکو اس روپیہ کا دینا ناگوار گذرا ہے تو ہمکو بھی اُسکا طلب کرنا کچھ کم ناگوار نہین گذرا ہے - اور یہ کہ ہمنے یہ روپیہ بر بنا ر ایک ایسے اصول کے طلب کیا ہے کہ جسکے معقول ہونے مین شک وشبہہ نہین ہوسکتا یعنے اس اصول پر کہ سلطنت ہند کے قابل ادائگی قرضہ ہونے سے اُسکے ہر ایک حصہ کو فائدہ پہونچتا ہے - اور یہ کہ کل ہندوستان کی آمدنی واخراجات کو ایک ہی سمجھنا چاہیے اور یہ کہ سنٹرل گورنمنٹ اور لوکل گورنمنٹون مین اس قسم کے تعلقات ہونے چاہئین کہ جنسے گورنمنٹ ہاے آخر الذکر پر کل سلطنت کی مالی ذمہ داریون اور مشکلات کا پورا حصہ رہے - لیکن مین خیال کرتا ہون کہ ہمارا اپنے دلون سے یہ دریافت کرنا فرض ہے کہ کیا یہ بات ممکن تھی کہ یہ مطالبہ پراونسون سے نہ کیا جاتا یا منجملہ اُن ٹکسون کے جو ہمنے حال مین اپنے اخراجات مین تخفیف کرکے لگائے ہین کوئی معاف کر دیا جاتا - مین تو اس بات کا پورا قائل ہون کہ اس ملک مین پختہ حالت مالی اس بات پر مبنی ہے کہ اخراجات پر پوری نگرانی رکھی جاوے اور جو کچھ کہ آنریبل درگا چرن لانے ایسی نگرانی کی اشد ضرورت ہونیکے ذکر مین ابھی کہا ہے مجھکو اُس سے پورا اتفاق ہے لیکن اگرچہ مین اُس زمانہ کا منتظر ہون جبکہ اُن اخراجات کا بہ نسبت حال کے اور زیادہ محدود کرنا ممکن ہوگا مگر اسکے ساتھ ہی یہ کہنا بھی فرض سمجھتا ہون

کہ سال آیندہ کے تخمینہ مین کوئی ایسی رقم بتانا جسمین کہ محکمہ ذمہ دار سنے کوئی غیر معقول مطالبہ کیا ہو آسان کام نہین ہے۔

میرے آنریبل دوست نے اخراجات فوجی کے بارہ مین پورا پورا ذکر کیا ہے ان تخمینون کی تعداد بہ نسبت تخمینہ سال قریب الاختتام کی تعداد کے بلاشک زیادہ ہے۔ چنانچہ اس بارہ مین مین نے آنریبل ممبر صیغۂ فوجی سے اکثر خط و کتابت کی ہے اور اس بات کا تسلیم کرنا فرض سمجھتا ہون کہ میری راے مین صرف یہی نہین ہے کہ اس صیغہ کی ضروریات مین فضول خرچی نہین ہوئی بلکہ ہماری ضروریات کے لحاظ سے اس صیغہ کے چند مفید کام جنکے واسطے دوسری حالتون مین ہمسے ضرور تقاضا کیا جاتا ترک کردیئے گئے۔ اس بات پر بھی خیال کرنا چاہیے کہ ۱۸۸۵ء کے بعد ہندوستان مین ۳۰۰۰۰ فوج اور زیادہ ہوگی ہے اور جب اس ملک مین ایسی کثیر التعداد زائد فوج رہیگی تو صرف تنخواہ کی مد مین ہی زیادتی نہ ہوگی بلکہ اور ضروری اخراجات مثل بارگ وغیرہ کے زیادہ ہونگے۔ علاوہ اسکے ایک زائد خرچ ۲۰۶۰۰۰ - پونڈ کا بندوقون اور رفلون کے واسطے انگلستان مین ہوتا ہے۔ یہ ایک خاص قسم کا خرچ ایسے کام کے واسطے ہوتا ہے جو کہ فوج کے کارآمد ہونے کی غرض سے نہایت ہی ضروری ہے۔ ماسواے اسکے ۶۰ - لاکھ روپیہ فوج کی حالت جنگ پر فراہم کرنے مین صرف ہوتا ہے اور یہ ایسا خرچ ہے کہ مین امید کرتا ہون کہ ہم مین سے کسی کو ناگوار نہ معلوم ہوتا ہوگا لیکن تاہم یہ غیر معمولی خرچ ہے۔ علاوہ برین خرچ مین ایک معقول زیادتی اسوجہ سے ہوئی ہے کہ حال مین ہمکو سامان رسد اور دانہ چارہ کی قیمت زیادہ دینی پڑی ہے۔ اور ان دونون فوجی کارروائیون کے لیے بھی جو آجکل ہو رہی ہین ایک

چھوٹی سی زائد ووٹ لی گئی ہے ۔ یہ خرچ بھی ایک خاص قسم کا ہے حالانکہ
مجھکو یہ احتمال ہے کہ جس حالت مین کہ ہماری سرحد وسیع ہے تو ہم عنقریب
ایسے زمانہ کی امید نہین کرسکتے کہ جسمین یہ مہم غیرضروری ہون ۔ اس فوجی
خرچ کے معاملہ مین ایک عام بات کہنا چاہتا ہون ۔ مین امید کرتا ہون کہ اگرچہ
وہ زمانہ ابھی بہت دور ہو کہ جب ہمکو فوجی خرچ کا روپیہ فی الواقع لڑائی مین صرف
کرنا پڑے لیکن اس امر کا پوشیدہ رکھنا محض فضول ہے کہ ہمکو ایسا کرنا پڑیگا
اور ممکن ہے کہ یہ افتاد یکایک ہو ۔ میری دانست مین اس بات کا خیال رکھنا
ہمارا مشترک فرض ہے کہ اُن افواج کی جو اس حصہ سلطنت کی حفاظت کے
واسطے ہین اسطرح سے پرداخت کیجاوے کہ وہ نہایت عمدہ کارآمد حالت مین ہون
حال مین جو جھگڑے کہ مغربی سرحد افغانستان پر ہے ہین اُنسے مفصل کیفیت
اُن خطرات کی معلوم ہوتی ہے جو اُس حصہ دنیا مین مخل امن خلائق ہین ۔ مین خوشی
سے کہتا ہون کہ جو حالات کہ میرے پاس آئے ہین اُنسے یہ معلوم ہوتا ہے کہ
ہز ہائنس امیر افغانستان کا یہ منشا ہرگز ہرگز نہین ہے کہ لڑائی کو ترغیب
دین اور جو کارروائی کہ حال مین گورنمنٹ روس نے کی تھی اُس سے یہ غرض
نہ تھی کہ لڑائی مول لین بلکہ وہ کارروائی اس احتمال سے کی گئی تھی کہ شاید
امیر افغانستان کے سرحد پر موجود ہونے سے کوئی اس قسم کا فساد پیدا ہو جاوے
جو کہ (خواہ شرارت کی نیت سے نہو) اُس حصہ براعظم ایشیا کے مغلوب الغضب
لوگون مین فوراً برپا ہو جاتے ہین ۔ لیکن ان جھگڑون سے یہ بات صاف طور
ظاہر ہو گئی کہ ہماری سرحد کے اس حصہ کی امن و امان کی حالت قابل اعتبار
نہین ہے ۔ پس اس حالت مین ہمارا فرض ہے کہ اعلی درجہ کی تیاری اور مستعدی
کے ساتھ رہین اور مین امید کرتا ہون کہ ہم اس مستعدی اور تیاری کو کبھی ترک نہ کرینگے

اور جو کچھ نقصانات کہ اِس پالسی کی وجہ سے عائد ہون اُنپر بہت زیادہ ناراضی نہ ظاہر کرینگے۔

آجکل گریٹ برٹن اپنی فوجی طاقت اُس درجہ تک پہونچانیکی غرض سے جو بنظر اُن عظیم شان وشوکت فوجی بیشمار انبوہ کے جو غیر سلطنتین فراہم کر رہی ہین لازمی معلوم ہوتا ہے اِس قسم کے نقصانات اسقدر برداشت کر رہی ہے کہ جنکے مقابلہ مین ہمارے یہ نقصانات کچھ بھی نہین خیال کیے جاسکتے میری دانست مین اگر اُن نقصانات کا جو سطح پر سلطنت برداشت کرتی ہے ہندوستان کچھ حصہ برداشت کرلے تو بجا ہے۔ کم از کم بات جو ہم بیان کرسکتے ہین وہ یہ ہے کہ جو تدابیر گورنمنٹ آف انڈیا نے بغرض حفاظت منظور فرمائی ہین اُنکی جلد اور پوری تکمیل کیجاوے جسقدر غلطی اور شرارت کا خیال کہ ہماری فوجی پالسی کے رواج کی کسی ظاہر اخلاف ورزی کے باعث پیدا ہوتا ہے اُسقدر اور کسی باعث نہین پیدا ہوتا۔ بدریافت اِس امر کے کہ ہمارے شمالی مغربی سرحد کی حفاظتی تعمیرات اچھی طور پر ہو رہی ہین اور قریب تکملہ ہین۔ اور یہ کہ منجملہ کل تخمینی خرچ مبلغ ایک کرور ۵ ۳۔ لاکھ کے جو سرحدی ریل کی سڑکون کے لیے منظور کیے گئے ہین مبلغ ایک کرور گیارہ لاکھ پچاس ہزار روپیہ آیندہ سال حسابی تک مکتفی ہونگے۔ اور اُسوقت تک ہم منجملہ مبلغ ۵۵۔ لاکھ کے جو کنارہ اور سرحد کی حفاظتی تعمیرات کے لیے منظور ہو چکے ہین مبلغ ۴۰۔ لاکھ ادا کر چکینگے مجھکو نہایت خوشی ہوئی۔ ایسے معاملات مین مستقل پالسی اور تعمیرات کی جلد اور متواتر تکمیل کے ذریعہ سے میری راے مین بہت کفایت متصور ہوگی۔ اور مین اپنے آنریبل دوست مسٹر اسٹیل کی یہ صاف بات سنکر نہایت خوش ہوا کہ اِس طریقہ پر عمل کرنے مین ہمکو عام لوگون کی رایون سے تائید ملنے کا بھروسہ کرنا چاہیے۔ اگر میرے آنریبل ساتھیون کی یہی راے ہے تو مین امید کرتا ہون کہ وہ ہم سے اتفاق کرینگے کہ اِس موقع پر جسکا صاف

اور پورا بیان آنریبل مسٹر ڈیوڈ باربر نے کردیا ہے یہ بات مناسب تھی کہ ہمنے کونسل مین کوئی بڑی تبدیلی ملک کے ٹکس کے بارہ مین نہین پیش کی اور سال آیندہ کے لیے وہ قلیل زائد آمدنی محفوظ رکھی جسکی کہ ہمکو اپنی آمدنی اخراجات کے برابر کرنے کی غرض سے ضرورت ہے۔

مین خیال کرتا ہون کہ آمدنی مالگزاری کی زیادتی جو برقرار ہے اور ریل و تار وڈاکخانہ کی آمدنی کی زیادتی یہ سب قابل اطمینان ہین اور غالبًا چند سالہاے آیندہ تک یہ زیادتی اسی طورسے برقرار رہیگی - اسی سلسلہ مین مین یہ کہنا چاہتا ہون کہ مین سر ڈیوڈ باربر کی اُس تقریر کو سنکر نہایت خوش ہوا جو شائع کیا ہے جسمین انھون نے گورنمنٹ آف انڈیا اور پراونشل گورنمنٹون کے اُس الزام سے بریت کی حمایت مین کی ہے جو اُنپر لگایا گیا ہے یعنے یہ کہ انھون نے اپنی آبکاری کی آمدنی بڑھانے کی غرض سے شراب خواری کو ترغیب دی اور نشہ بازی کی ترقی پر چشم پوشی کی مین نے اس اہم معاملہ پر جبکہ حال مین محکمہ مالی اور ہز آنر لفٹنٹ گورنر پوری توجہ مبذول کر چکے ہین کچھ غور کیا ہے جو شہادت کہ میرے پاس آئی ہے اُس سے مندرجہ ذیل تین امور کی نسبت مجھکو کامل اطمینان ہوگیا ہے۔

(۱) اگر آبکاری سے آمدنی مین زیادتی ہوئی تو اس سے یہ نتیجہ نکالنا بجا نہین ہے کہ شراب خواری مین بھی ضرور ترقی ہوئی - بلکہ برخلاف اسکے بہت سی حالتون مین یہ بات ثابت کردی گئی ہے کہ جب شراب خواری کمی پر تھی اُسوقت آمدنی زیادہ حاصل ہوئی ہے۔

(۲) یہ توقع رکھنا فضول امر ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا کوئی ایسا یکسان طریقہ انتظام آبکاری کا ایجاد یا نافذ کرسکتی ہے جو تمام حصص

ملک کی ضروریات کے لیے مناسب ہو۔

(۳) اگر حال مین بعض اضلاع مین آمدنی کی کمی مین ناجائز خرید فروخت اور شراب خواری کی بہت کثرت رہی ہے تو یہ زیادہ تر اس غلط فہمی کی وجہ سے کہ یکسان طریقہ ممکن العمل ہے اور اس وجہ سے کہ اس غلط فہمی کے باعث آبکاری کی پالیسی مین یکایک تغیر وتبدل واقع ہوا۔

مین چاہتا ہون کہ قبل ختم کلام کے اپر برھما کی آیندہ حالت کی بابت بھی کچھ عرض کرون۔ اور یہ آیندہ حالت میرے خیال مین ایسی ہے کہ ہر ایک وجہ سے ہم اُس ملک کے زمانہ مستقبل پر پُر امید نگاہ ڈال سکتے ہین۔ میرے آنریبل دوست نے بتلایا ہے کہ خالص اخراجات کے تخمینہ مین سال ۱۸۸۹ء مین سال قریب الاختتام کی بہ نسبت ۲۵ پچیس لاکھ کی کمی ہے۔ اور یہ باوجود ان باتون کے ہے کہ جدید ریلوے کی تیاری اور پولیس کی ترتیب مین جو کہ ہم بجاے فوج کے مقرر کر رہے ہین بہت کثیر زاید صرفہ پڑا ہے۔ لیکن اس جدید پراوِنس کا خرچ پھر بھی وہان کی آمدنی سے بہت زیادہ ہے مگر اسمین شک نہین کہ یہ بات تھوڑے ہی عرصہ مین دور ہو جاویگی۔ بعض اضلاع مین باشندے ابھی تک مفسدانہ پیشون کے عادی ہین اور یہ بھی قرین قیاس نہین ہے کہ وہ لوگ ان عادات کو محض اس خیال سے کہ اُنکا ملک سلطنت برٹش مین شامل ہوتا جاتا ہے یکایک ترک کر دین۔ ہمکو مشکلات اِسوجہ سے اور زیادہ پیش آتی ہین کہ برھما کے تین سمت مین ایسے سرحدی ممالک واقع ہین جنمین وہ اقوام رہتی ہین جو کسی مقررہ طریقہ عملداری کے پابند نہین ہین اور سالہا سال سے لڑائی جھگڑہ اور لوٹ مار کے عادی چلے آتے ہین۔ مین یقین کرتا ہون کہ ہم آہستہ آہستہ اِن لوگون کی قوت مقابلہ ضرور زائل کرتے جاتے ہین

ان لوگون کے مغلوب کرنے کی سب سے عمدہ ترکیب یہ نہین ہے کہ بہت زیادہ صرف کرکے اُن لوگون سے بذریعہ فوج جنگ کیجاوے بلکہ یہ ترکیب ہے کہ بدکارون اور بدمعاشون کو برابر سزا دیجاوے اور سڑک اور ریل کے ذریعہ سے آمد ورفت زیادہ کیجاوے اور مزید برآن یہ کہ برہما کے لوگون کو اُن بے انتہا عظیم فوائد کا کوئی عملی ثبوت دیدیا جاوے جو کہ سلطنت برٹش مین حاصل ہوتے ہین - اور ریلوے کا مانڈلے تک تیار ہوجانا اس معاملہ مین ایک نہایت ضروری تدبیر ہے - اس امر کے مشاہدہ سے مین خوش ہوا کہ آئندہ سال کے تخمینہ مین اِس ریلوے کو موگونگ تک بڑھانے کے واسطے کچھ روپیہ منظور کیا گیا ہے - اِس سلسلہ مین یہ بھی کہنا مناسب سمجھتا ہون کہ میرے پاس حال مین جو رپورٹ چیف کمشنر نے ملک کے عام اصلاح کی بابت بھیجی ہین وہ نہایت قابل اطمینان ہین - مشارٌالیہ نے لکھا ہے کہ بالائے براونس مین جرائم برابر کم ہوتے جاتے ہین - اور لوگ اپنے دیہات کو واپس جاتے ہین اور ملک مین خوب کاشتکاری ہوتی ہے - جو اضطرابی کہ حال کے موسم سرما کے ہنگامونکی وجہ سے پیدا ہوگئی تھی وہ بھی رفع ہوتی جاتی ہے اور پولیس تیزی کے ساتھ کامیاب ہوتی جاتی ہے - اُن اضلاع کی بابت جنمین کہ مجھے بڑے بلوے ہوے تھے یہ لکھا ہے کہ اب وہان امن وامان ہے - شان اسٹیٹس مین بھی قابل غور اصلاح ہوگئی ہے - شاید سب سے زیادہ قابل یقین علامت عام ترقی کی جو اُس ملک مین ہورہی ہے یہ ہے کہ آمدنی برابر بڑھتی جاتی ہے - آمدنی کی تعداد ۱۸۹۶-۹۷ء مین بائیس لاکھ تھی اور ۱۸۹۷-۹۸ء مین پچاس لاکھ ہوگئی - سال رواں کی آمدنی کا تخمینہ کیا گیا ہے کہ اڑسٹھ لاکھ ہوگی اور اُس سال کی آمدنی جو شروع ہونے کو ہے قریب چھہتر لاکھ کے تخمینہ کیجاتی ہے -

مالگزاری جو اصل مین ہر ایک گھر پر ٹکس کے طور پر ہے اور جو ۸۶-۱۸۸۵ء مین ۴۰- لاکھ تھی اور اب سال حال مین قریب ۴۱- لاکھ کے ہے (سال جدید کا تخمینہ قریب ۴۵- لاکھ کے ہے) اسقدر بڑھی ہے کہ اُسکی زیادتی خاصکر قابل اطمینان ہے۔ صاحب چیف کمشنر نے یہ تحریر فرمایا ہے کہ اگر اِس ٹکس مین دس روپیہ کی ایک زیادتی ہو تو اُس سے یہ مراد لینی چاہیے کہ ایک خاندان نے صلحمند پیشے اختیار کر لیے ہین یا یہ کہ ایک خاندان پر جو کہ حکام مالی کے بلودن کے فرو کردگی مین مشغول ہونے کی وجہ سے ٹکس سے بچ رہا تھا اب ٹکس لگایا گیا ہے۔

میری غرض یہ ہے کہ اب ہمارا فرض ہے کہ اُس عام اصلاح پر جو اُن وقعات اور حسابات سے ثابت ہے جو میرے آنریبل دوست اور چیف کمشنر نے پیش کیے ہین توجہ کرین نہ کہ مجرد بلودن اور مقامی فسادون پر۔ کیونکہ یہ فساد وغیرہ تو ہوتے ہی رہتے ہین مگر یہ اصلیت مین کچھ چیز نہین ہین۔ میری راے مین صاحب چیف کمشنر کو اُنکی جوانمردی پر اور اُس کامیابی پر جو کہ اُنکو اُس نہایت مشکل کام کی انجام دہی مین حاصل ہوئی ہے جو کبھی کسی ملازم سرکار کو ہندوستان مین انجام دینا پڑا ہو گا مبارکباد دینا چاہیے۔

ہندوستان کی مالی حالت جیسا کہ سر ڈیوڈ باربر نے فرمایا ہے عموماً عمدہ ہے، حالانکہ فی زمانتا بوجوہات چند ہماری آمدنی مین ایک غیر معمولی کمی پیدا ہو گئی ہے۔ لہذا میرے خیال مین جو تجاویز آنریبل ممبر نے پیش کی ہین وہ اسوقت بہت بکار آمد اور مناسب معلوم ہوتی ہین۔ اگر باوجود اُس سخت نقصان کے جو بوجہ مبادلہ ہوا ہے اور جسکا مشار الیہ نے ذکر کیا ہے اور باوجود اِس بات کے کہ حفاظتی تعمیرات کے لیے مبلغ گیارہ لاکھ دو ہزار آمدنی مین سے منظور

کیے جاتے ہین ہم سال آیندہ مین تھوڑا سا فاضل روپیہ بچانے کی امید
کر سکین تو ہمکو اُسی پر قانع رہنا چاہیے - آیندہ کی حالت کا انحصار موقع اور
اقتدار وقت پر ہے - لیکن اس موقع اور وقت کا انتظار ہمکو اُسی امید کے ساتھ
کرنا چاہیے جیسے کہ آنریبل ممبر موصوف نے اپنی تقریر مین ظاہر کی ہے -
اگر ہم اس ملک کے قرضہ مین فضول اور مضر زیادتی نہ کر سکین اور اگر ہم
اس ملک کی بے انتہا اندرونی ذرایع آمدنی کی ترقی کے لیے کچھ روپیہ لگاکر
اُن ذرایع سے فائدہ اُٹھانے کی صورت پیدا کر سکین اور اگر یہ سب باتین
ہمکو بلا اسکے کہ اپنے جانشینون پر اُس صرفہ کا بار ڈالین جو کہ ہمارے زمانہ
کی آمدنی سے وصول ہونا چاہیے حاصل ہو سکین تو ہمکو آیندہ کی حالت پر
نا امیدی ظاہر نہین کرنی چاہیے -

نمبر ۲۰

اسپیچ لارڈ لینسڈون بوقت نصب کرنے سنگ بنیادی والنٹر ہیڈ کوارٹرس

تاریخ یکم اپریل ۱۸۸۹ء

تباریخ یکم اپریل ۱۸۸۹ء بروز دوشنبہ بوقت پونے سات بجے صبح کے والسرا نے جدید ہیڈ کوارٹر پریسیڈنسی والنٹریان کا سنگ بنیادی نصب فرمایا۔ یہ عمارت متصل ہائی کورٹ دریا کے نزدیک تعمیر ہوگی۔ والنٹریان فوجی ترتیب سے اُس مقام پر کھڑے ہوے تھے جو بطور تین اضلاع ایک مربع کے واقع ہے۔ جب ہز اکسیلنسی کرسی پر تشریف فرما ہوے تو کرنیل چیٹرٹن نے ایک مختصر اسپیچ مین جناب معظم الیہ سے سنگ بنیادی کے نصب کرنے کی درخواست کی۔ آسکے جواب مین لارڈ لینسڈون نے حسب ذیل اسپیچ دی۔

کرنل چیٹرٹن افسران وافسران غیر متعہدو والنٹریان کلکتہ پریسیڈنسی۔ اِس رسم کے ادا کرنے مین اور ایسی عمارت کا سنگ بنیادی نصب کرنے مین جو سالہا سال تک اِس بٹیلین کا ہیڈ کوارٹر رہیگی مجھکو بہت خوشی حاصل ہوئی ہے۔ عرصہ ۲۶ سال کا منقضی ہوا کہ جب یہ بٹیلین اول ہی قائم ہوا تھا اور مین یقین کرتا ہون کہ اُسوقت سے اِس جماعت کے ہر ایک ممبر کی یہ خواہش برابر رہی ہے کہ اِس قسم کی ایک مستقل جاے سکونت

مہیا ہو جیسے کہ اب اس جگہ تعمیر ہونیوالی ہے - آپ لوگون کی خواہشین اب
پوری ہونیوالی ہین - بہت خوشی کی بات ہے کہ سرکار نے بذریعۂ اُس قرضہ
کے جو آپ نے نجی طور پر لیا ہے اس عمارت کی تکمیل کے سرمایہ کا زیادہ کرنا
مناسب خیال فرمایا ہے - اس کارروائی سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ
نے آپ کی خدمات کی عام قدر پورے طور پر تسلیم کر لی ہے اور یہ کہ آپ کی
آیندہ خدمات پر گورنمنٹ کامل بھروسہ رکھتی ہے - اسمین شک نہین کہ
عمدہ ہیڈکوارٹر ہونے سے اس جماعت کی پائداری کو ترقی ہوگی اور اُسکے
اجزا باہم ملے ہوے رہینگے - آپ کے جیسی بٹیلین کے لیے جسمین کہ مختلف حصون
شہر کے باشندے اور مختلف پیشہ کے لوگ شامل ہین ایسے ایک مرکز کی دو چند
ضرورت ہے جہان کل افسران و پیادگان کی جمعیتی اور جوش جنگی بخوبی قائم
رہ سکے - ایک خوشی کی بات یہ بھی ہے کہ آپ کو یہ جگہ ایسی ملی ہے جو وسط
مین واقع ہے اور جسمین ایک فائدہ یہ ہے کہ قواعد کرنے کی جگہ قریب
ہے - مجھکو یقین کامل ہے کہ آپ کو اس مکان کے حسب دلخواہ آراستہ
و پیراستہ کرنے مین ضروری مدد ملیگی - نہایت خوشی کی بات ہو اگر آپ
مجھکو اُس دلچسپی کا جو مین اس معاملہ مین رکھتا ہون ایک اول ثبوت دینے
کی اجازت بخشین یعنے یہ کہ جو دھرم گھڑی مین نذر کرتا ہون اُسکو قبول
فرمالین اور جدید میس روم مین اُسکو رکھوادین -

جو کچھ تقویت کہ مین آپ کو دون وہ سب بجا ہے اور آپ اُسکے مستحق
ہین - بہ حیثیت افسر اعلیٰ ہونے گورنمنٹ آف انڈیا کے مین اس ملک
کے والنٹیرون کے انتظام کے ساتھ نہایت دلچسپی رکھتا ہون کیونکہ یہ انتظام
اس قسم کا ہے جس سے اس حصہ سلطنت کو کافی اور وافی قوت حاصل

بہ حیثیت رئیس ہونے شہر کلکتہ کے مین اس پریسیڈنسی کے والنٹرہان سے
خاص دلچسپی رکھتا ہون - اور چونکہ مین آپ کا آنریری کرنیل ہون اور
مجھکو اسپر فخر ہے - مین مستحق اِس بات کا ہون کہ اِس جماعت کے ساتھ
بہ نسبت دیگر جماعتون کے زیادہ ہمدردی ظاہر کرون - (اسکے بعد
ہز اکسیلنسی نے سنگ بنیادی نصب کرنے کی رسم ادا کی) -

نمبر ۱۲۱

چٹھی لارڈ وینلاک بجواب ایڈریس یوریشین و انگلو انڈین ایسوسی ایشن مدراس بنام سکرٹری ایسوسی ایشن مذکور

۳۰- مارچ ۱۸۹۱ء

جو نہایت نفیس اور خوبصورت ایڈریس آپ نے میرے پاس منجانب یوریشین و انگلو انڈین ایسوسی ایشن جنوبی ہندوستان کے بھیجا تھا وہ موصول ہوا- از راہ لطف و کرم جو آپ نے میرا خیر مقدم کیا ہے اور جو مبارکباد آپ نے مجھکو اس عہدہ کے مقرر ہونے پر جسپر ملکہ معظمہ نے براہ کرم مجھکو مامور کیا ہے دی ہے اُسکو بخوشی تمام قبول کرتا ہون میرے اِس ملک مین آنے پر مختلف فرقہ ہاے اقوام ہند نے جو جو اظہارات تقویت و امداد کیے ہین وہ مجھکو نہایت خوشگوار معلوم ہوے اور اِس وجہ سے بھی مجھکو خوشی حاصل ہے کہ جس فرقہ کی آپ کی ایسوسی ایشن قائمقام ہے وہ بھی اِس اظہار مودت مین شامل ہے - باستماع اِس خبر کے کہ آپکی ایسوسی ایشن کو حال مین بوجہ انتقال مسٹر ڈی- ایس وائٹ کے جو سابق مین آپ کے پریسیڈنٹ تھے سخت صدمہ پہونچا ہے مجھکو بہت افسوس ہوا- جو سعی کہ مسٹر وائٹ موصوف نے یوریشین اور انگلو انڈین لوگون کے واسطے کی تھی اُسکے نہایت عمدہ نتائج ظہور مین آئے ہین - میرے نامی پیشرو مارکوس آف

ڈفرن واو مسٹر وایٹ سے خوب واقف تھے اور اُنکی بڑی قدر کرتے تھے - یہ بات معلوم ہونے سے خوشی ہوئی کہ اُنکی اور اُنکے ساتھیون کی کوششون کا یہ ثمرہ ملا ہے کہ آپ کے شہر والون مین جفاکشی اور اپنے اوپر اعتماد کرنے کی عادات روز بروز زیادہ اثر کرتی جاتی ہین اور یہ کہ آپ کی قوم کے لوگون کے طرز زندگی اور آمال مین آہستہ آہستہ انقلاب پیدا ہوگیا ہے - مین امید کرتا ہون کہ یہ کوشش برابر جاری رہیگی اور چند تعمیرات و دیگر تدابیر کفایت شعاری وعاقبت اندیشی سے جنکا آپ نے اپنے ایڈریس مین ذکر کیا ہے آپکے لیے نہایت عمدہ نتائج پیدا ہونگے -

جن جن باتون کا کہ آپ نے زمانۂ حال کے یوریشین لوگون کی بے مقدوری کے بابت مین ذکر کیا ہے مین اُنکا خیال رکھونگا -

آپ کو معلوم ہے کہ سول سروس مین داخل ہونیکی شرائط پر آجکل گورنمنٹ آف انڈیا اور سکرٹری آف اسٹیٹ غور فرمارہے ہین اور اِسمین کوئی شک نہین ہے کہ جو سفارش بنظر آپ کے فوائد کے اہالی پبلک سروس کمیشن کرینگے اُسپر توجہ ہوگی یوریشین لوگون کی فوج مین نہ داخل ہونیکے بارہ مین جو کچھہ تجاویز آپ نے پیش کی ہین اور نیز اُن دقتون پر جو آپکی راے مین آجکل اِن لوگون کو پیش آتی ہین مین غور کامل کرونگا مجھکو یہ یقین کامل ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا نے آپکے فوائد کے بارہ مین دیدہ ودانستہ کبھی پہلوتہی نہین کی ہے اور نہ آپکی خواہشات پر عدم توجہی ظاہر کی ہے -

اختتام کلام پر مین آپ کا شکریہ تہِ دل سے ادا کرتا ہون کہ آپ نے اپنے ایڈریس مین میری عہد حکومت مین کامیابی کی دعا مانگی ہے اور لیڈی لینسڈون کا ذکر کیا ہے - لیڈی صاحبہ موصوفہ اور ہم آپکی دعاے خیر طلب کرنیکے مشکور ہین -

نمبر ۲۲

اسپیچ بجواب اڈریس مینونسپلٹی الہ آباد

۳-اپریل ۱۸۸۹ء

حضور لارڈ لینڈ ڈون بتاریخ ۲-اپریل ۱۸۸۹ء کلکتہ سے شملہ کو روانہ ہوے اور ۳-اپریل کی شام کو جناب محتشم الیہ الہ آباد مین رونق افروز ہوے اور وہان ایک روز قیام فرمایا - اسٹیشن ریلوے پر سر آکلنڈ کالون لفٹنٹ گورنر و دیگر افسران و رؤسائ جناب محتشم الیہ کا استقبال کرنے کے لیے موجود تھے - ایک ڈیپوٹیشن منجانب مینونسپلٹی الہ آباد بھی حاضر تھا - اُسنے ایک اڈریس پیش کیا - اڈریس کے جواب مین جناب محتشم الیہ نے یون فرمایا -

مسٹر پریسیڈنٹ و ممبران مینونسپل بورڈ الہ آباد جس مستعدی کے ساتھ کہ آپ مجھکو اڈریس خیر مقدم پیش کرنے آئے ہین اُسکا شکریہ تہ دل سے ادا کرتا ہون - مین امید کرتا ہون کہ میرا کلکتہ سے چلکر اول سرکاری قیام آپ کے شہر مین کرنا اِس امر کا ثبوت سمجھا جائیگا کہ مین آپ کے شہر کے ساتھ کیسی دلچسپی رکھتا ہون - جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے الہ آباد کے تاریخی حالات ایک خاص قسم کے ہین اور یہ بھی خوشی کی بات ہے کہ حال مین بوجہ صدر مقام ہونے صوبہ ممالک مغربی و شمالی و اودھ کے یہ شہر بہ نسبت دیگر اعلیٰ شہرون ہندوستان کے اور بھی رونق پکڑ گیا ہے - اور مجھکو

اِس بات سے بھی خوشی حاصل ہوئی کہ طریقہ انتظام مینوسپلٹی جو اِس ملک مین جدید جاری ہوا ہے اس شہر مین سرسبز و شاداب ہے۔ اور جو حقوق لوکل سلف گورنمنٹ کے آپ کو اسطرح پر عطا ہوے ہین اُنکی واجب قدر دانی یہان کے لوگون نے ظاہر کی ہے۔

آپ نے اِس شہر مین انتظام سیر سانی آب کرنے کی وجہ سے اس شہر کے باشندون کے ساتھ بہت بڑا سلوک کیا ہے اور اُن اسباب امراض وبائی کا انسداد کیا ہے جو نہایت مہیب اور انسان کی جان کے دشمن ہوتے ہین۔ مین امید کرتا ہون کہ جو کامیابی آپ کو اِس معاملہ مین حاصل ہوئی ہے اُس سے آپ کو اور مفید اصلاحات مین استقلال ظاہر کرنے کا حوصلہ پیدا ہوگا۔

جو کچھ ذکر کہ آپ نے اُن تعلقات کے بارہ مین کیا ہے جو مابین ہز آنر لفٹنٹ گورنر اور آپ کے مینوسپل بورڈ کے ہین اُسکو سنکر مین نہایت محظوظ ہوا۔ ہز آنر موصوف کو اِس ملک کے معاملات کا بہت بڑا تجربہ ہے پس اِس تجربہ کی وجہ سے ان صوبجات کے انتظام مین بہت ہی فوائد پیدا ہونگے۔

جو کچھ تلطف آمیز باتین آپ نے لیڈی لینسڈون کے اور میرے بارہ مین ظاہر کی ہین اور یہ امید ظاہر کی ہے کہ قبل اختتام اپنی مدت عہدہ کے ہم ایکبار پھر آپ کے شہر مین آکر زیادہ دنون تک قیام کرین اُسکا شکریہ ادا کرتا ہون۔ مین بھی یہی امید کرتا ہون اور آپ کو یقین دلا سکتا ہون کہ ہمکو دوبارہ اس شہر مین آنے کے باعث جسمین ہمارا خیر مقدم ایسی خوبی اور عنایت کے ساتھ ہوا ہے نہایت خوشی حاصل ہوگی۔

اور امید کرتا ہون کہ آپ اپنی تعداد کے حساب سے برابر اِس انتظام مین شامل ہوتے رہینگے۔ جو خواہش آپ نے اُن قواعد کی ترمیم کے بارہ مین ظاہر کی ہے جنکی رو سے سرکاری فوج مین بھرتی کیجاتی ہے وہ مجھکو پہلے سے معلوم ہے اور مین نے اِس معاملہ پر غور کرنے کا وعدہ کرلیا ہے۔ جیساکہ اور لوگون کو جنھون نے اِس بارہ مین مجھسے ذکر کیا ہے مین نے یقین دلایا ہے اسی طرح آپ کو بھی یقین دلاتا ہون کہ اِس بات کے خیال کرنے کی کوئی وجہ نہین ہے کہ گورنمنٹ آپ لوگون کے ساتھ بے توقیری سے پیش آنے کی نیت رکھتی ہے۔ اپنی جانب سے مین کہہ سکتا ہون کہ آپ کی دشوار حالت سے مین خوب واقف ہون کیونکہ آپ ہندوستان کی رعایا کے دو عظیم حصون کے درمیان مین ہین اور مین آپ کو آفرین دیتا ہون کہ آپ نے ان دشوار باتون پر کس روشنضمیری کے ساتھ عبور پایا ہے۔ جو مساعی کہ آپ اپنی قوم مین کفایت شعاری اور اپنے اوپر اعتماد کرنے کے اوصاف جاری کرنے اور اپنے بچون کی عمدہ تعلیم کرانے کے بارہ مین کررہے ہین اُنکی کامیابی کی دل سے دعا کرتا ہون۔ اِسمین شک نہین کہ آپ یہ دیکھینگے کہ گورنمنٹ ہند حتی الامکان بہ شرائط مناسب آپ کو ہر ایک قسم کی تقویت دینے کے لیے آمادہ ہوگی۔

نمبر ۲۴

اسپیچ بوقت نصب کرنے سنگ بنیادی اسپتال زنانہ
بمقام لکھنؤ - ۵ - اپریل ۱۸۸۹ء

بتاریخ ۵ - اپریل ۱۸۸۹ء بروز جمعہ ہزا کسیلنسی لیڈی لینسڈون صاحبہ نے سنگ بنیادی زنانہ اسپتال لکھنؤ کا نصب فرمایا - جلسہ مین بہت سی لیڈیز و جنٹلمین انگریز و ہندوستانی شریک تھے - بہت سے تعلقداران اودھ بھی شریک جلسہ تھے حضور لارڈ و لیڈی لینسڈون کا استقبال کرنل ارسکن کمشنر لکھنؤ و دیگر افسران نے کیا - پنڈت سری کرشن رائے بہادر نے ایک ایڈریس پڑھا جسمین کل کیفیت اس معاملہ کی درج تھی - اس ایڈریس کے جواب مین حضور لارڈ لینسڈون نے یون ارشاد فرمایا -

کرنل ارسکن - لیڈیز و جنٹلمین - لیڈی لینسڈون نے مجھسے فرمایا ہے کہ مین اُنکی جانب سے اُس خوشی کا اظہار کرون جو اُنکو جدید اسپتال زنانہ کے سنگ بنیادی نصب کرنے مین اور دیگر فرائض ادا کرنے مین حاصل ہوئی ہے - جو حالات اس نیک کام کے متعلق پنڈت سری کرشن رائے بہادر نے بیان کیے ہین اُنکو لیڈی لینسڈون نے بکمال دلچسپی سُنا ہے اور اُنکی دلی دعا یہ ہے کہ اس کام کو کماحقہ کامیابی حاصل ہو -

چونکہ آپ نے اپنے ایڈریس مین لیڈی لینسڈون کے ساتھ میرا بھی ذکر کیا ہے لہذا مین اپنی جانب سے آپکو مبارکباد دیتا ہون -

نمبر۲۷

اسپیچ بجواب اڈیریس یورشین وانگلو انڈین ایسوسی ایشن ممالک مغربی وشمالی

۴-اپریل ۱۸۸۹ء

بتاریخ ۴-اپریل ۱۸۸۹ء ایک ڈیپوٹیشن منجانب یورشین وانگلوانڈین ایسوسی ایشن ممالک مغربی وشمالی حضور والیسرائے کی خدمت مین بمقام الہ آباد حاضر ہوا اور اڈیریس پیش کیا۔ جناب محتشم الیہ نے جواب اڈیریس مین یون ارشاد فرمایا۔

مسٹر پریسیڈنٹ وممبران یورشین وانگلو انڈین ایسوسی ایشن ممالک مغربی وشمالی۔ جو اڈیریس کہ براہ مہربانی آپ نے پیش کیا ہے اُسکو بخوشی تمام قبول کرتا ہون - مین یہ بات بہت خوشی کے ساتھ کہتا ہون کہ مجھکو اور ذریعون سے معلوم ہوگیا ہے کہ یورشین اور انگلوانڈین قوم خیرخواہ رعایاے سرکار ہے - اِس قوم کی مختلف شاخون نے میرے آنے کے بعد آپ کی طرح سے عمدہ طور پر میرا خیر مقدم کیا ہے ۔ مجھکو یقین کامل ہے کہ خیرخواہی بادشاہ وقت اور تمنا استحکام سلطنت مین ممالک مغربی وشمالی کے یورشین اور انگلوانڈین قوم اپنے اور حصص ہندوستان کی ہم قومون سے کسی طرح کم نہین ہین - آپنے کہا ہے کہ منجملہ آپ کے بہت لوگ لغرض اداے فرائض رعایا، والنٹیرون مین شامل ہوگئے ہن - مین اِس والنٹری کے انتظام کو نہایت ضروری سمجھتا ہون

لیڈی لینسڈون نے اور مین نے اول ہی عام طور سے اور موقع پر تصدیق کر دی ہے کہ ہم اس معاملہ کو جسکی بنیاد بکمال عالی ہمتی لیڈی ڈفرن صاحبہ نے ڈالی ہے نہایت ضروری سمجھتے ہین اور مین امید کرتا ہون کہ اس ملک کے لوگ لیڈی ڈفرن صاحبہ کو ہمیشہ اس معاملہ کی وجہ سے یاد رکھینگے - میرے خیال مین جو فوائد کہ ہندوستانیون کو نسوان کی تعلیم طبی سے حاصل ہونگے انمین مبالغہ ہونا غیر ممکن ہے - خواہ ہم اس امر پر لحاظ کرین کہ بوجہ نہونے عمدہ معالجہ کے جو بے انتہا تکالیف کہ آجکل فضول برداشت کرنی پڑتی ہین انمین تخفیف ہوسکیگی یا اس امر پر لحاظ کرین کہ مسلمہ اصول علم صحت سے واقفیت حاصل ہونے کے باعث اس ملک کے عوام الناس کی حالت مین اصلاح پیدا ہوگی - ہمکو یہ بات تو بہرحال تسلیم کرنی چاہیے کہ جو لوگ نسوان کی تعلیم طبی مین ترقی کر رہے ہین اُنکے اختیار مین تقریبًا بے انتہا فائدہ پہونچانے کا ذریعہ موجود ہے -

یہ آزمایش حالانکہ آغاز مین بہت ہی قلیل درجہ کی ہو اگر اسکے امکانی نتائج پر غور کیا جاے تو اس ملک مین سب سے عظیم قسم کی ہے - اسمین کامیابی اُس وقت تک نہین حاصل ہوسکتی جب تک کہ اسکے موجدون کے مساعی کو بڑے بڑے مرکز رعایا سے پوری پوری امداد نہ ملے - میری دانست مین سب سے زیادہ ضروری کام تو یہ ہے کہ جہانتک ممکن ہو اُس بنیاد کو وسعت دی جاوے جسپر لیڈی ڈفرن صاحبہ کی تجویز مبنی ہے اور اسکے لیے محض اتفاقیہ اور یاری سے آنیوالی فیاضی کی امداد نہین بلکہ مستقل امداد اُن تمام لوگون کی جو ہمکو استعانت دینے کے لائق اور خواہان ہین حاصل کیجاوے - بدریافت اس امر کے ہمکو بہت طمانیت ہوئی کہ صوبہ ہذا مین اس معاملہ مین نہایت دلچسپی ظاہر کیجاتی ہے اور نہایت فیاضانہ طور پر اسکی امداد کیجاتی ہے - جس طریقہ پر کہ اس اسپتال کے قائم کرنے کے لیے

کئے

جسکا سنگ بنیادی لیڈی لینسڈون تھوڑی دیر مین نصب کرنے والی ہین روپیہ فراہم کیا گیا ہے اُس سے ایک حیرت انگیز مثال اُس دلی دلچسپی کی معلوم ہوتی ہے جو تمام لوگ خواہ انگریز یا ہندوستانی ملازم سرکار یا غیر ملازم سرکار اس معاملہ کے ساتھہ رکھتے ہین - مجھکو معلوم ہوا ہے کہ ایسے اسکول کے ایجاد کا جسمین نسون کو بچہ جنانے اور پرورش کرنے کی تعلیم دیجاوے اول خیال منشی نول کشور سی آئی - ای کو پیدا ہوا تھا جنھون نے کہ اس مدرسہ کے لیے فیاضانہ چندہ مبلغ پندرہ ۱۵ ہزار روپیہ کا عطا فرمایا - لیکن یہ بھی خوشی کی بات ہے کہ منشی صاحب موصوف کی امداد منیونسپل بورڈ اور پراونشل برنچ لیڈی ڈفرن فنڈ نے بھی کی - اور یہ اسکول زیر ہدایت لیڈی لائل صاحبہ کے جو نواب لفٹنٹ گورنر حال کے نامی پیشرو کی بیوی تھین کھولا گیا - یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ ہز آنر لفٹنٹ گورنر حال بھی اس فنڈ کے کاروبار مین نہایت سرگرمی کے ساتھہ دلچسپی ظاہر کرتے ہین -

بعد مین یہ صلاح قرار پائی کہ بنا بر اغراض مندرجۂ اڈریس ایک جدید اسپتال کھولنے کے لیے صوبہ اودھ کے لوگون سے اپیل کیا جاوے اور اعانت چاہی جاوے میرے پاس اُس زر چندہ کی فہرست ہے جسکے ادا کرنے کا وعدہ لوگون نے کر لیا ہے اس فہرست مین علاوہ کثیر التعداد قلیل چندہ دینے والون کے بہت سے فیاضانہ چندے منجانب ذی رتبہ ہندوستانی صاحبان کے اور خیراتی فنڈ حسین آباد و ایسوسی ایشن تعلقداران اودھ کے تحریر ہین -

مجھکو معلوم ہوا کہ کمیٹی انتظامی مین صاحب کمشنر شریک ہین اور اُنکی امداد کے لیے چند انگریزی لیڈیان اور ہندوستانی صاحبان بھی شریک ہین - اس کمیٹی کے کل ممبر منتخب شدہ ہین اور ڈاکٹر کلیگھارن صاحب اسکے آنریری سکرٹری ہین

مین نے تفصیل وار حالات اِس غرض سے بیان کیے ہن کہ میری دانست مین اس خاص تجویز مین سب سے زیادہ نمایان یہ بات ہے کہ اسکو کسی خاص فرقہ سے ھی امداد اور تقویت نہین ملی ہے بلکہ اُن تمام لوگون سے مدد ملی ہے جو اپنے شہر والون کی بہبودی کے خواہان ہین - میرے خیال مین یہ امر سب سے زیادہ ثبوت اس بات کا ہے کہ جدید اسپتال اور اسکول کا کاروبار نہایت سرگرمی کے ساتھ انجام ہوگا اور اس کام کی عزت لوگون کے دلون مین محض عارضی اور اتفاقیہ نہوگی بلکہ دائمی ہوگی اور رفتہ رفتہ ترقی پکڑتی جائیگی -

اب مین اپنی جانب سے اور لیڈی لینسڈون کی جانب سے آپکا شکریہ ادا کرتا ہون اور آپکو یقین دلاتا ہون کہ ہم دونون کی یہ دعا ہے کہ یہ عمارت جسکا سنگ بنیادی اسوقت نصب ہونیوالا ہے اِس صوبہ کے لوگون کو عظیم اور دائمی فوائد پہونچائے -

نمبر ۲۵

اسپیچ بجواب ایڈریس مینونسپلٹی لکھنؤ
۸ - اپریل ۱۸۸۹ء

بتاریخ ۸ - اپریل ۱۸۸۹ء بروز دوشنبہ ایک ڈیپوٹیشن منجانب مینونسپلٹی لکھنؤ حضور لارڈ لینسڈون کی خدمت مین حاضر ہوا اور ایڈریس پیش کیا - حضور پرنور نے ایڈریس کے جواب مین یون ارشاد فرمایا -

جنٹلمین - مجھکو ممبران مینونسپل بورڈ لکھنؤ سے ملکر اور اُنسے وہ دلی مبارکباد پاکر جو اُنھون نے بہ حیثیت ذی اختیار قائممقام باشندگان شہر ہذا پیش کی ہے نہایت خوشی حاصل ہوئی - جن شفقت آمیز الفاظ مین آپ نے میرے عہدہ وایسرا ے کے لیے منتخب ہونے کا ذکر کیا ہے اُنسے مجھکو اسقدر تقویت حاصل ہوئی ہے کہ جسکے باعث کوئی شخص بھی جسکو میرا جیسا اہم کام سپرد ہوا ہو سوا ے ممنون ہونے کے اور کیا کرسکتا ہے - مین امید کرتا ہون کہ جو دوستانہ برتاو میرے ساتھ آپ لوگون نے کیا ہے ایسا ہی برتاو تمام ہندوستان کے لوگون کا میرے ساتھ ہوگا - اور مین آپکو یقین دلا سکتا ہون کہ میری دلی تمنا یہ ہے کہ اپنے عہد مین برابر ایسی کوشش کرون جس سے جنابہ ملکہ معظمہ کی ہندوستانی رعایا کو ہر طرح کی بہبودی اور سرسبزی حاصل ہو -

جو کام کہ مختلف حصص ہند مین جدید قائم شدہ مینونسپل جماعتین عمل مین لارہی ہین اُسکو مین نہایت دلچسپی کے ساتھ دیکھتا رہونگا - ان مینونسپلٹیون کے

نمبر ۲۶

اسپیچ بجواب ایڈریس مینونسپلٹی شملہ

۱۰ - اپریل ۱۸۸۹ء

حضور لارڈ لینسڈون و لیڈی لینسڈون صاحبہ بتاریخ ۱۰-اپریل ۱۸۸۹ء بوقت شام بمقام شملہ رونق افروز ہوے - مینونسپلٹی شملہ نے ایک ایڈریس خیر مقدم کا پیش کیا اُسکے جواب مین حضور انور نے یون ارشاد فرمایا -

مسٹر پریسیڈنٹ وممبران مینونسپلٹی شملہ - ہمارے ایسے مقام مین آنیکے لیے جہانکہ ہم نہایت خوشی کے ساتھ اپنی مدت قیام ہندوستان مین زیادہ تر حصہ سال کا بسر کرنے کی امید کرتے ہین جس چستی کے ساتھ آپ نے ہمارا خیر مقدم کیا ہے اُسکا شکریہ تہ دل سے ادا کرتا ہون - جس طور سے کہ آپکے بورڈ نے اس مقام کے مینونسپل کاروبار کا انتظام کیا ہے اُسکو مین نے بغور وطمانیت تمام سُنا ہے زمانہ حال مین جو جدید طریقون کی آزمائشین اس ملک مین کی گئی ہین اُن سے میرا جو کچھ کہ عمدہ نتائج مینونسپل طریقون کے اجرا ہونے سے حاصل ہونگے وہ اور کسی سے نہ حاصل ہونگے - مجھکو یہ بات سُنکر بہت خوشی حاصل ہوئی کہ آپ اُس امداد کی جو آپ کی مینونسپلٹی کو اب تک گورنمنٹ ہند سے ملی ہے بہت تعریف کرتے ہین - یہ بات بلا مبالغہ کہی جاسکتی ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا اس مقام کی ایک خاص طور پر احسان مند ہے کیونکہ جو لوگ انتظام سلطنت ہند مین مصروف ہین وہ سالہا سال سے اپنی تندرستی اور قوت اسی مقام کی صاف اور فرحت بخش

آب وہوا سے

آپ و ہوا سے پاتے رہے ہین اور مین امید کرتا ہون کہ یہ تندرستی اور قوت اُن لوگون نے ایسے کامون مین صرف کی ہے جنسے رعایا رہند کے لیے دوامی فائدے متصور ہین۔

اور جب علاوہ اُس صاف ہوا کے جو قدرت نے آپکو عطا کی ہے آپ نے ہمارے واسطے صاف پانی بھی مہیا کر دیا ہے تو ہمکو آپکے احسانات کے تسلیم کرنے مین ہرگز تامل نہ کرنا چاہیے۔ اگر آپ نہ ثابت کر دینگے تو مین نہایت خوش ہونگا کہ صرف یہی دو نون باتین ایسی نہین ہین جو آپ کر سکتے ہون۔ بلکہ علاوہ انکے اور بھی رفاہ عام کے بہت سے کام آپ کر سکتے ہین۔ اُن اشخاص کی تعداد جو اس مقام مین ہر سال آتے ہین برابر بڑھتی جاتی ہے اور جیسی کہ امید ہے اگر ریلوے کی آمد رفت مین زیادہ اصلاح جلد تر ہو گئی تو اور بھی زیادہ لوگ یہان آوینگے لہذا یہ اصلاحات اب خاصکر ضروری قرار دیے جائینگے اور ہم امید کرتے ہین کہ آپکی مینوسپلٹی کی توجہ سے یہ اصلاحات بکمال عمدگی عمل مین آوینگے

جس خوبی کے ساتھ آپ نے لیڈی لینسڈون کا ذکر کیا ہے کہ اُنھون نے اِس قابل تحسین کام کے جاری رکھنے کی کوشش کی ہے جسکی بنیاد نہایت عمدگی کے ساتھ لیڈی ڈفرن صاحبہ نے ڈالی تھی اُسکا شکریہ ادا کرتا ہون۔ لیڈی لینسڈون کی اور میری یہی تمنا ہے کہ جہانتک ممکن ہو اس قسم کے معاملات کو اُسیطور سے حوصلہ دیتے رہین جسطور پر کہ ہمارے پیشتر وان نے دیا تھا

آپ نے جو خواہش ظاہر کی ہے کہ اُس اہم کام کے انجام دینے کے لیے جو میرے سپرد ہوا ہے مجھکو تندرستی اور قوت حاصل ہو اسکا بھی مشکور ہون اور اسمین شک نہین کہ اس معاملہ مین تو مجھکو اس مقام کے احسانات ضرور تسلیم کرنے پڑینگے۔

مین امید کرتا ہون کہ میری مدت عہدہ وائسرائی ہند مین میرے تعلقات شملہ مینونسپلٹی سے ایسے ہی خوشگوار رہینگے جیسے کہ آپ نے اِس دلچسپ موقع پر کیے ہین۔

نمبر ۲۷

اسپیچ لارڈ لینسڈ ون جلسہ لیجس لیٹف کونسل

بوقت پیشی مسودۂ قانون چھاونی ہاے ۱۴ اگست ۱۸۸۹ء

جو جلسہ لیجس لٹیف کونسل کا تاریخ ۱۴۔ اگست منعقد ہوا تھا اُسمین جنرل حسنی
نے کمیٹی منتخب کی رپورٹ مسودۂ قانون چھاونی ہاے پھر پیش کی اور بیان کیا کہ ہاوس آف
کامنس کے ایک رزولیوشن کے باعث جو حال مین ہوا تھا قانون اٹڑ لگنے بیماریون کا
ہندوستان مین منسوخ ہوگیا ہے اور اسکا یہ نتیجہ ہوا ہے کہ ہندوستانی فوج کے دیسی اور
ولایتی سپاہیون مین امراض آتشک و سوزاک وغیرہ کی بہت کثرت ہوگئی ہے۔ اور یہ بھی
کہا کہ گورنمنٹ آف انڈیا کا یہ فرض ہے کہ ایسی خرابیون کے دفعیہ کی کوشش کرے۔
سر فریڈرک رابرٹس نے بھی یہی راے دی۔ ہز اکسیلنسی پریسیڈنٹ نے
تقریر ذیل فرمائی۔

میرے خیال مین گورنمنٹ آف انڈیا کو کمانڈر انچیف اِدمین بہادر کا نہ اور
باوقعت تقریر کا جو مشارٌالیہ نے ابھی حال فرمائی ہے بہت مشکور ہونا چاہیے
اگر اس معاملہ کے اہم ہونے مین کوئی شک باقی تھا تو وہ مشارٌالیہ کی تقریر سے
بالکل رفع ہوگیا اور مین یقین کرتا ہون کہ وہ لوگ جنکے سپرد اس مسودہ کے مطابق
قواعد مرتب کرنا ہوگا اس بات کی ضرور کوشش کرینگے کہ اُن پیش بینیون اور نصائح
پر جو ہز اکسیلنسی نے تبلائے ہین حتی الوسع بخوبی عمل کرین ــ مین نے حتی الوسع
بخوبی کے الفاظ اسواسطے استعمال کیے ہین کہ ہز اکسیلنسی نے یہ بھی فرمایا ہے

کہ ہمکو اس معاملہ مین پوری آزادی نہین حاصل ہے - شرائط مندرجہ رزولیوشن ہاوس
آف کامنس کی پابندی ہمپر فرض ہے اور جب تک یہ رزولیوشن نافذ رہیگا
ہمکو اُسپر کاربند رہنا پڑیگا - اِس رزولیوشن مین دو اُصول قائم کیے گئے ہین
اول یہ کہ گورنمنٹ آف انڈیا اپنے قوانین کے ذریعہ سے عورتون کی کہانی
جبرًا نہ کرانے پائیگی - دوم یہ کہ گورنمنٹ موصوف ہندوستان مین
زناکاری کی اجازت دینے یا انضباط کرنے کی سہولیت نہ پیدا کریگی - مین امید
کرتا ہون کہ بلا تجاوز حدود مقررہ کے ایسے تدابیر بہم پہونچانا ممکن ہے کہ اس
عارضہ کا بخوبی ایسا انسداد ہو جاے کہ جسکی وجہ سے یہ عارضہ ایسے سہل طور پر
نہ پیدا ہو جیسا کہ آج کل ہے - میری دانست مین جو قواعد کہ ہمکو مرتب کرنے
ہونگے وہ اُن عام ہدایات کے مطابق ہونگے جو مسودہ مین تحریر ہین اور اُنکا منشا
یہ ہوگا کہ وہ لوگ جو اس قسم کے عوارض مین مبتلا ہون اُس رقبہ محدود سے
جس سے کہ مسودہ مذکور متعلق ہے علٰحدہ کردیے جاوین اور اُنکے معالجہ کے واسطے
اسپتال بنوا دیے جاوین - اور یہ بات کہنا کہ ہمکو اس طریقہ پر کارروائی
نہین کرنی چاہیے ایک اِس قسم کی بیماری کے لیے مواخذہ کرنا ہے جو غالبًا
عنقریب اور مابعد بہت ہی مضر اور خراب نتائج پیدا کریگی - اور یہ اس قسم کی
آزادی ہوگی جو کسی اور اُڑ لگنے بیماری کے واسطے نہین طلب کیجاتی لیکن مین
یقین کرتا ہون کہ ایسی آزادی کے وہ لوگ بھی طالب نہونگے جو بدکاری کے
دفیعہ کے دل و جان سے خواہان ہین - مین امید کرتا ہون کہ جو معقول کارروائی
ہم اس ضروری معاملہ مین بہ پابندی شرائط متذکرہ بالا کرینگے عوام الناس
اُسکی تائید کرینگے -

نمبر ۲۸

اسپیچ لارڈ لینسڈون بوقت افتتاح نمایش تصاویر بمقام شملہ - بتاریخ ۲۹ - اگست ۱۸۸۹ء

بتاریخ ۲۹ - اگست ۱۸۸۹ء بروز پنجشنبہ بوقت شام ہزاکسیلنسی ویسرائے نے ٹاؤن ہال شملہ مین سالانہ نمایش تصاویر افتتاح فرمائی - صاحبان ذیل شریک جلسہ تھے - ہزاکسیلنسی کمانڈر انچیف مع لیڈی رابرٹس صاحبہ - ہز آنر لفٹنٹ گورنر پنجاب مع لیڈی لائل صاحبہ - ممبران کونسل ویسرائے - اور دیگر اعلی رتبہ کے روسار ملازم وغیر ملازم سرکار بھی حاضر تھے - ہزاکسیلنسی ٹاؤن ہال مین پانچ بجے شام کے مع لیڈی لینسڈون ولیڈی مسز مارس ولیڈی ماڈ انسن کے داخل ہوئے اور جناب محتشم الیہ کا استقبال ممبران کمیٹی تصاویر نے کیا - کرنل آر جی وڈ تھورپ آنریری سکرٹری نمایش نے سالانہ رپورٹ پڑھی جس سے کہ یہ معلوم ہوا کہ کل اقسام ملاکر تصاویر کی تعداد بہ نسبت سال گذشتہ کے کسیقدر زیادہ تھی - کرنیل موصوف نے فرمایا کہ روغنی تصاویر کی تعداد سال گذشتہ سے کم ہے اور آبی رنگ کی تصاویر کی تعداد سالگذشتہ کے برابر ہے - اوراس بات پر افسوس ظاہر کیا کہ سوسائٹی کی آمدنی بہت ہی کم ہے اگراس معاملہ مین کچھ ترقی نہ ہوگی تو یہ احتمال ہے کہ آخرکار یہ سوسائٹی بوجہ محتاجی کے نیست ونابود ہوجاویگی بمبیئی کی نمایش تصاویر جو گذشتہ ماہ فروری مین ہوئی تھی اُسمین آمدنی کے لحاظ سے بڑی کامیابی رہی اور اُس سوسائٹی نے بہت سے انعامات بھی تقسیم کیے - جب تک کہ شملہ مین بھی

یہی حالت بہو نمائش مین ضرور خلل واقع ہوگا - اِسکے بعد ہز اکسیلنسی لارڈ لینسڈون نے تقریر ذیل فرمائی -

یور آنر - یور اکسیلنسی سلیڈیز و جنٹلمین - اِس نمائش کے باضابطہ افتتاح کرنے سے پیشتر مین حسب رواج قدیمانہ آپ سے کچھ خطاب کرونگا - مین چاہتا ہون کہ جو کچھ مین کہون اُس سے سوسائٹی کو لغویت پہونچے یا مین اپنے شوق کو پورے طور سے ادا کرسکون - لیکن مجھکو یہ معلوم ہے کہ مجھکو اس کام کے لیے بہت زیادہ کوشش کرنے کی ضرورت نہین ہے کیونکہ یہ سوسائٹی ایسی کم عمر اور ناسمجھ نہین ہے کہ جسکو بڑے رتبہ کے لوگون کی ترغیب اور دلداری کی باتون کی ضرورت ہو - اِس سوسائٹی کو قائم ہوئے ۲۲ برس ہو چکے ہین پس اِس حساب سے اب یہ جوان ہو چکی ہے - اور اگرچہ جو کچھ کہ سکرٹری نے ابھی کہا ہے اُسمین کچھ اُمور عبرت انگیز ہین لیکن مجھکو یقین نہین آسکتا کہ شملہ جیسے مقام مین ایسی سوسائٹی بوجہ محتاجی نیست و نابود ہو جاوے (نعرہ تعریف) مجھکو اِس بات کی خوشی ہے کہ سوسائٹی انعامات بکشادہ پیشانی دیسکتی ہے - اور اُسکی امداد کے لیے مُربیون اور سرپرستون کی ایک جماعت موجود ہے حالانکہ اُس جماعت کے اشخاص تبدیل ہو جاتے ہین لیکن اُسکے اہالیان کی تعداد اور زور اُسوقت تک برابر زیادہ رہیگا جب تک کہ گورنمنٹ آف انڈیا تھوڑے یا بہت عرصہ کے لیے شملہ آتی ہے اور اُن عشاق کی شنوائی نہین کرتی جو کہتے ہین کہ محبت کا لطف میدان مین ہے پہاڑ سے اُتر آو -

(قہقہہ اور نعرہ تعریف)

میری طبیعت آپ کو اسپیچ دینے کو اسوجہ سے اور بھی نہین چاہتی کہ مین اِس قسم کے فنون کے معاملات مین کچھ اچھی واقفیت نہین رکھتا ہون -

مین جانتا ہون کہ میرے پیشرو فن مصوری مین بہت ہوشیار تھے لیکن مین افسوس کرتا ہون کہ مین اس فن سے صرف اتنا ہی واقف ہون کہ ایک مرتبہ مدرسہ مین پنسل سے کچھ واہیات سے نقوش کھینچے تھے سو وہ بھی اگر استاد کی اصلاح اُنپر پوری پوری نہ ہوتی تو بہت ہی واہیات ہوتے۔ (قہقہہ) لہذا مجھے یہ احتمال تھا کہ اگر مین اپنی لیڈیون اور جنٹلمینون کے روبرو جو اس فن مین مشتاق ہین کوئی اُستادی کی بات کہونگا تو اِن لوگون پر میری ناواقفیت ضرور ظاہر ہو جاویگی۔ اور جو کچھ اِس بارہ مین مین نے آپ سے کہا ہے اُسکی عذرخواہی اِس بات سے ہوسکتی ہے کہ تمام گورنر جنرلون۔ گورنرون یا دیگر قائممقامان سلطنت کو مختلف حصص سلطنت مین ایسے موقعون پر کسیقدر ہمہ دان بننا پڑتا ہے اور یہ لوگ اُن معاملات پر بھی تقریر کرنے کے مجاز سمجھے جاتے ہین جنسے اُنکو کوئی خاص واقفیت نہو۔ اور میرے خیال مین اِسمین کوئی ہرج بھی نہین ہے کیونکہ اگرچہ یہ لوگ اس فن کے اُستادون کے مانند تو تقریر نہین کرسکتے مگر معمولی برٹش عوام الناس کے برابر تو ان لوگون کو بھی واقفیت ہوتی ہی ہے۔ لیکن مین یقین کرتا ہون کہ اِس قسم کے فنون کے معاملات مین یہ عوام الناس کچھ بہت خراب واقفیت نہین رکھتے ہین۔ البتہ یہ بات ممکن ہے کہ اُنکو ان فنون کے علمی اُصول نہ معلوم ہون لیکن اُنکی جبلی سمجھ عموماً عمدہ ہوتی ہے۔ اور اگر یہ لوگ غلطی بھی کرتے ہین تو مدبران ملک کی شناخت مین کرتے ہین کیونکہ یہ بات تو ہے کہ بناوٹی مدبر لوگون کی عرصہ تک شناخت نہ کرسکین لیکن اہل فن یا اُنکی دستکاریون کے بارہ مین کبھی غلطی نہین کرتے۔ جن لوگون کی کہ فن مصوری مین شہرت چلی آتی ہے وہ شہرت کچھ دوسرے مصورون کی وجہ سے نہین ہے بلکہ عوام الناس کے باعث بھی

اب ہمکو اپنے دلمین یہ خیال کرنا چاہیے کہ یہ عوام الناس کسی تصویر کی عمدگی یا مصور کی لیاقت کا اندازہ کس طریقہ سے کرتے ہین - آپ بھی شاید مجھسے اتفاق کرینگے کہ اِس فن مین سب سے بڑھکر یہ بات ہے کہ مصور کی دستکاری سادہ اور صاف ہو یعنی قدرت کے خلاف نہو - اب ہمکو یہ بھی تحقیق کرنا چاہیے کہ قدرت کے خلاف نہونے سے ہماری کیا مراد ہے - پوپ شاعر کا ایک شعر ہے جسکو لوگ اکثر استعمال کرتے ہین اور اُسکا مطلب یہ ہے کہ یہ تمام قدرت کیا ہے صرف ایک ہنر ہے جس سے تو واقف نہین ہے - لیکن مین خیال کرتا ہون کہ شاید بالعکس اسکے یہ بھی صحیح ہے کہ تمام ہنر کیا ہے صرف قدرت کو بذریعۂ پنسل یا برش یا مصور کے یہ ہوشیاری دوسرے طور پر دکھانا ہے - تو پھر قدرت کے خلاف نہونے سے ہماری کیا مراد ہے میرے خیال مین ہماری یہ مراد ہے کہ اول تو ہم یہ نہین چاہتے کہ ہمارے مصور لوگ قدرت مین اضافہ کرنے کی زیادہ سعی کرین - بعض اوقات میرا یہ خیال ہوتا ہے کہ فوٹوگرافر لوگ اِس بارہ مین زیادہ گنہگار ہین - مین اُن اصحاب کا ذکر نہین کرتا ہون جنھون نے کہ بعض نہایت نفیس تصاویر اس نمائش مین دیے ہین لیکن ذکر اُن لوگون کا ہے جو ہمارے فوٹوگراف سنگل یا گروپ مین لیتے ہین اور جنکو اس بات کا شوق ہوتا ہے کہ قدرتی شکل وصورت پر کچھ اصلاح دین لیکن اِسمین کچھ ہم لوگون کا بھی قصور ہے کیونکہ ہمکو علی الخصوص اپنی تصاویر وُہی پسند آتی ہین جنمین قدرتی شکل وصورت پر کچھ اصلاح ہوتی ہے - مین آپکو تمثیل دیتا ہون جس سے آپکو معلوم ہوجاویگا کہ اس طریقہ سے کیا کیا خرابیان پیدا ہوتی ہین - حال ہین مین نے ایک وائسراے کے جنکا نام مین

نہین لونگا مع اُنکے ممبران کونسل کے تصویر دیکھی تھی۔ اور اگر مجھسے حقیقت پوچھیے تو وہ لوگ واقعی مین کسی طور سے بڈھے نہین ہین لیکن مین یقین کرتا ہون کہ اُن سب کی عمر ۳۰ برس سے زیادہ معلوم ہوتی ہے ۔ اور اگر تصویر ملاحظہ فرمائیے تو یہ معلوم ہوگا کہ ترددات ملکی سے ان لوگون کے چہرہ پر نام کو بھی جھریون کا نشان نہین ہے ۔ اور یہ خیال گذرتا ہے کہ روپیہ کی حالت ابھی تک عمدہ ہے یعنی ۱۔ شلینگ ۱۰ پنس کے برابر ہے اور روسی سرحد کی جانب سے بھی کچھ فکر نہین ہے اور جیساکہ بعض لوگ کہتے ہین گویا ہم اس سرکاری ملازمت مین بیفکری سے مزے اڑا رہے ہین برخلاف اسکے ہمکو اپنے مصور دوستون کو اس امر سے بھی آگاہ کرنا چاہیے کہ قدرتی اشیاء اور مناظر کی بالکل غلامانہ طور پر بھی نقل نہ کرین ۔ اس بات کی تشریح کی غرض سے مین ایک چھوٹا سا قصہ کہتا ہون جو مین نے کینڈا مین سنا تھا ۔ وہان میرے ایک دوست بہت عالم شخص تھے اور انکا تعلق کینڈا کے ایک یونیورسٹی مین تھا۔ انکا یہ دستور تھا کہ ہر خزان کے موسم مین جنگلات کو جایا کرتے تھے۔ اور چونکہ بہت مشاق مصور تھے وہان جا کر شکار وغیرہ کھیلنے کے بجاے تصاویر کھینچا کرتے تھے ۔ ایک روز شام کے وقت اپنی ڈونگی کو دریا کے کنارہ لگاکر اُسکی تصویر بنانے بیٹھ گئے ۔ چنانچہ انھون نے اپنی تصویر کے سامنے کے پردازمین وہ ڈونگی مع اُن دو باشندگان امریکہ کے بنائی جو اُس ڈونگی کو چلاتے تھے ۔ یہ دونون شخص بہت خوبصورت تھے لیکن چونکہ اُنکے کپڑے ایک سیاہ خانہ ساز پارچہ کے تھے میرے دوست نے اپنی تصویر کے سامنے کے پردازمین کچھ تھوڑا سا رنگ دینے کی غرض سے اُنمین سے ایک شخص کا کرتہ سرخ رنگ کا بنا دیا۔ جب وہ تصویر

بن چکی تو اُنھون نے اُن دونون شخصون مین سے ایک کو دکھا کر پوچھا کہ کھو یہ تصویر کیسی ہے۔ وہ تھوڑی دیر تک سوچتا رہا اور پھر اپنی اُنگلی اُس سُرخ کُرتہ پر رکھکر کہنے لگا کہ "یہ ڈیم جھوٹ" (قہقہہ) لہذا یہ چاہیے کہ ہمارے مصور لوگ دونون طریقون مین حد سے زیادہ نہ گذر جائین یعنے نہ تو یہ کیا کرین کہ جب قدرتی شکل وصورت پر جھریان موجود ہون تو اُنکو اپنی تصاویر مین نہ دکھاوین اور نہ قدرتی شکل کی ایسی نقل کرین جو کہ سادہ مزاج امریکہ کے ملاح کو پسند آئی تھی جسکی بیان کا نہ اور زور دار راسے مین نے آپکو ابھی حال سنائی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ مصور لوگون کو صرف قدرت کا مطالعہ ہی نہین کرنا چاہیے بلکہ اُسکے رازون کی تعبیر بھی کرنی چاہیے۔ ہم ان لوگون سے یہ توقع رکھتے ہین کہ وہ قدرت کے پردہ ہاے راز کو واکرکے اُسکی عجیب و غریب باتون کو ظاہر کرین تاکہ ہم عام لوگون کو جنکی کہ آنکھین اس قسم کی عادی اور مشاق نہین ہین وہ اسرار اور خوبیان جو قدرت نے پوشیدہ کر رکھی ہین نظر پڑین۔ میری دانست مین ہمارے نامی مصورون نے اسی طریقہ سے کارروائی کرنے کے باعث اتنی شہرت پائی ہے۔ اگر ہمارے پورٹریٹ بنانے والے مصورون کو خیال کیجیے تو یہ لوگ اسوجہ سے مشہور نہین ہوئے ہین کہ اُنھون نے اپنی تصاویر مین عمدہ عمدہ باتین تو ظاہر کی ہین اور خراب نہین ظاہر کین بلکہ یہ لوگ اسوجہ سے مشہور ہوئے ہین کہ اُنھون نے اُن لوگون کے چہرون مین جنکی کہ تصویر کھینچی گئی ہے اُنکی خاصیت مزاج اور فراست کو پورے طور پر ظاہر کر دکھایا ہے۔ اور مشابہت کے تمام خواص دکھلائے ہین۔ کیونکہ اگر یہ خواص نہ دکھائے جاوین تو ہر ایک مرد یا عورت کا چہرہ بھدا اور بےمعنی معلوم ہو۔ اور یہ سب تعریف انگلستان کے اُس اُستاد مصور کی نسبت صادق

آتی ہے جسکی بیوقت وفات سال گذشتہ مین ہوئی ہے۔ یہ اسطلب فرنک ہول سے ہے - جو کہ ایسا مصور تھا کہ اگر ہمارے زمانہ کے اِس قسم کے مصورون مین وہ تنہاہی ہوتا تو بھی ہمکو جہالت کے الزام سے بچا لیتا -

اچھا اب لینڈسکیپ کے مصورون کو خیال کیجیے - ان لوگون کو کامیابی کسوجہ سے ہوئی - صرف اسی وجہ سے کہ یہ لوگ شباہت قدرتی کے دکھانے پر قادر ہو گئے تھے اور کل قدرتی اشیار اور مناظر کے رموز و حسن و قبح سے واقف تھے - بلکہ ان چیزون مین جو رونق ہماری نظرون مین آتی ہے وہ اسوجہ سے ہے کہ ان لوگون نے اپنی تیزی طبع سے ان چیزون کو روشن و مزین کر دیا ہے -

اِس لحاظ سے میرے خیال مین مصور اور شاعر کے کام مین بہت مشابہت ہے مگر دونون قسم کے لوگون کی کامیابی کی وجہ یہی ہوئی ہے کہ قدرت سے انحراف نہین ہوا ہے - اب دو نامی شاعرون کے تصانیف پر غور کیجیے یعنے ورجل اور ٹنیسن - ہم مین سے بہت لوگ ان دونون سے خوب واقف ہونگے - یہ دونون استعارہ کا اکثر استعمال کرتے ہین اور ہمیشہ استعارہ قدرتی مناظر اور اشیار سے لیتے ہین - اِن لوگون کے تصانیف مین سو سطرین بھی ایسی نہ ملینگی جسمین کہین نہ کہین گھر سے باہر کی زندگی کا حال نہ ہو - لیکن کوئی مجھکو بتا دے کہ دونون ورجل اور ٹنیسن کے استعارات مین کوئی بھی فقرہ ایسا ہو جسمین کوئی غلطی یا ناموزونیت کا قصور ہو - فی الحقیقت اِن استعارات سے شاعر کے کلام کی تصویر معلوم ہوتی ہے اور یہ قدرت سے اسیقدر مطابقت رکھتے ہین جیسی کہ بیوک کے شروع کی کتب کے ڈڈوکٹ (تصاویر چوبی) یا وہ دلفریب حالات مفصلات کی زندگی جو کہ ریچارڈ جیفریز نے

لکھے ہین ۔ پس مین امید کرتا ہون کہ شملہ کی سوسائٹی تصاویر اسی قسم کی تعلیم قدرتی اشیار کی جانب دل لگائیگی اور اُسکو تقویت دیگی ۔ اور میری راے مین یہ کام کچھ مشکل بھی نہین ہے ۔ کیونکہ جس کثرت سے کہ دلفریب قدرتی اشیار اس ملک مین ہین اور کسی ملک مین نہین ۔ اور نہ کہین آثار صنادید ایسے دلچسپ ہونگے جیسے کہ یہان ہین ۔ نہ کہین دنیا کے پردہ پر انسان کی بود و باش ایسی خوشنما ہے نہ ایسے اختلافات اور عجیب اشکال اور نہ یہ کثرت نباتات کی ہے ۔ شملہ کے گرد نواح مین ہمارے مصورون کو ان قدرتی اشیار کے تلاش کرنے کی ضرورت نہین ہے ۔ البتہ یہ بات تو درست ہے کہ چند روز سے جو گھرے کے بادل چھا رہے ہین اُنمین کوئی لطف کی بات نہین ہے اور نہ بیچارے لرزان جھنپیان اُٹھانے والون یا کسی بڑے حاکم کو جو برساتی پہنے ہوے ہے دیکھنے مین کوئی خوبصورتی ہے ۔ لیکن جو کچھ کہ اس موسم مین بارش وغیرہ کا لطف یہان ہے اس سے بڑھکر لطف اور کیا ہو سکتا ہے ۔ علاوہ اسکے یہ کیا کچھ کم خوشنما معلوم ہوتا ہے کہ ہر گلی راستہ مین مختلف اقسام کے ہندوستانی باشندے نظر آتے ہین اور پھر اگرچہ یہان پہاڑ پر نباتات اُس کثرت سے تو نہین ہین جیسے کہ میدانون مین ہوتے ہین لیکن ہمارے قریب مین جنگلی درختون کے نہایت عجیب اور دلچسپ نمونہ موجود ہین ۔ خلاصہ یہ ہے کہ شملہ کے گرد نواح مین وہ مناظر موجود ہین جنسے کہ مصورون کو خوب امداد مل سکتی ہے اور مین امید کرتا ہون کہ وہ لوگ اِنسے مستفید ہونے مین دریغ نہ کرینگے ۔

لیڈیز و جنٹلمین ۔ تمام امور کو چھوڑ کر ان تصاویر کے بارہ مین جو یہان دیوارون پر آویزان ہین گفتگو کرنے مین مجھکو کسیقدر تامل معلوم ہوتا ہے مین نے کل جلدی مین یہ تمام تصاویر دیکھی تھین اور میری راے مین یہ تمام

قابل تعریف ہین - یہ خوشی کی بات کی ہے کہ اِن تمام تصاویر مین مین نے اُس طریقہ کا جسکی کہ مین نے ابھی سفارش کی ہے بہت ثبوت پایا - بہت سی ایسی تصاویر ہین جنہین میری دانست مین مصور نے اُس ملک کے کُل خواص جسکی وہ تصویر ہے نہایت عمدہ طرح سے دکھائے ہین - مجھکو خاصکر اُن تصاویر کی تعداد اور عمدگی دیکھکر زیادہ خوشی حاصل ہوئی جو لیڈی مصورون نے بنائی ہین اور اگرچہ مین خاص خاص تصاویر کا ذکر علیحدہ علیحدہ تو کرنا نہین چاہتا لیکن مین نے اُس تصویر کو بہت پسند کیا ہے جسپر "وایسرا سے کا انعام" عطا ہوا ہے - یعنی بمبئی کے بیک بے کی نفیس قابل تحسین تصویر جو مسیس جارڈن نے بنائی ہے - چند بہت تیز و طرار چہرے بھی جو مس ہوم نے بنائے تھے میری نظر سے گذرے اور اِس بات مین آپ میرے ساتھ ضرور اتفاق کرینگے کہ جو نقوش تیزاب کے ذریعہ سے مسیس ہیملٹن نے بنائے ہین وہ کُل تصاویر مین سب سے ضروری اور دلکش ہین - ایک اور لیڈی مصور نے بہت سی عمدہ تصاویر بنائی ہین - مین اِن سب تصاویر کا ذکر نہین کرونگا لیکن ایک تصویر ایسی ہے کہ جسکے نام پر تو سب لوگون کی جو تصاویر کے کمرہ مین گئے ہونگے میرے خیال مین ضرور نظر پڑی ہوگی یہ بھی فی الحقیقت ایسی ہی تصویر ہے جس مین بہت سے ایسے صفات ہین جو ظاہر انظر نہین آتے - اِس تصویر پر کچھ اِس خواہش سے نظر نہین پڑتی کہ جو خوبصورت پھل اُسمین بنا ہے اُسکے کھانے کو یا اُس بوتل کے کھولنے کو جو نہایت درست اور نفیس بنائی گئی ہے جی چاہتا ہے - (قہقہہ) اصل بات اِس تصویر کی بہت بہتری ہے - جب ہم لوگ مدرسہ مین پڑھا کرتے تھے تو آوِڈ شاعر کی تصنیف کی ہوئی ایک کتاب مین جو قالب بدلنے کے بارہ مین ہے یہ پڑھا کرتے

کہ زمانۂ سلف کے دیوتا اور دیبی آدمیون کو مختلف ذی روح اور غیر ذی روح صورتون مین بدل دیا کرتے تھے۔ بعضے بیچارے بدنصیب اِن دیوتاؤن کی ناراضی کی وجہ سے پرندون یا جانورون کی شکل مین تبدیل کیے جاتے تھے ایک بدبخت نوجوان ایک درخت کی جھاڑی کی شکل مین تبدیل کر دیا گیا تھا اور زمین مین خوب مضبوطی سے گڑ گیا تھا۔ یہ سب کوہ اولمپس کے دیوتاؤن کے کام تھے لیکن ہمارے شملہ کے ایک دیوتا نے خوب کیا ہے کہ ایک کرنیل کو انبہ کی رکابی اور شامپین شراب کی بوتل کی شکل مین تبدیل کر دیا ہے*۔

لیڈیز و جنٹلمین۔ مجھکو اب صرف ایک بات کہنی باقی ہے اور وہ یہ ہے کہ نہایت خوشی کی بات ہے کہ جو جو انگریزی فوجی افسر ہندوستان کے دور دراز کے حصص مین یا سرحد پر بود و باش رکھتے ہین انھون نے اُس بود و باش مین بہت سی فائدہ کی صورتین نکالی ہین اور منجملہ انکے کرنیل ہارٹ کی تعریف واجب ہے کیونکہ انھون نے بہت سی نفیس تصاویر گرد و نواح قطع کے بھیجی ہین۔ اِسی طرح کپتان ڈون جنھون نے کہ ملک برہما کے مختلف حصص کے مناظر دکھائے ہین۔ جو صاف اور اصل کیفیت شیر کی وفات کی میجر ڈیورنیڈ نے دکھائی ہے میری سمجھ مین وہ سب سے عمدہ اور بہادرانہ تصویر اِس نمایش مین ہے۔

* [ہزایکسیلنسی کا مطلب اُس تصویر سے تھا جو مسیس گیشا کرنے بنائی تھی اور جو فہرست مین " پرایویٹ سکرٹری کہان ہے" کے نام سے درج تھی جس کپڑے پر یہ تصویر بنائی گئی تھی اُس پر پیشتر وایسراے کے پرایویٹ سکرٹری کی تصویر شروع کی گئی تھی۔]

سواے اِنکے کرنیل اسٹراہان نے بہت سی عمدہ تصاویر بنائی ہین اور خاصکر وہ تصویر عمدہ بنی ہے جسمین گہرے سے گہرے ہوے پہاڑی ڈھالون کے درختون کا جنگل دکھایا ہے اور کرنیل پلان نے بھی اپنی تصاویر مین نہایت نفاست اور لیاقت سے رنگ دیا ہے - مین خیال کرتا ہون کہ ہم لوگون مین سے بہتون نے وہ پہاڑی مناظر کی تصاویر جو سر جن جنرل نے بنائی ہین دیکھی ہونگی چونکہ اب سر جن جنرل صاحب موصوف عنقریب اِس ملک سے جانے والے ہین لہذا افسوس ہے کہ اُنکی عدم موجودگی سے سوسائٹی تصاویر شملہ کو اور دیگر صیغہ جات کو ضرور نقصان ہوگا - ہم کرنل ٹیٹنر کے بھی ممنون ہین کہ انہون نے سیاہی سے کاغذ پر لکھی ہوئی تصاویر بنائی ہین جو سب پر فوق رکھتی ہین اور جنکے دیکھنے سے دل مین معاً یہ خواہش ہوتی ہے کہ اِن عجیب پہاڑون کو کسی طرح چل کر دیکھیے - مین کرنیل ووڈتھارپ کی بھی تعریف کرونگا کیونکہ علاوہ عمدہ تصاویر بنانے کے مشارٌ الیہ نے عہدہٗ سکرٹری کا کام نہایت جانفشانی اور محنت کے ساتھ کیا ہے - مین یہ دیکھکر بہت خوش ہوا کہ اِن مین بہت سے نوآموز مصور ایسے ہین جنکی تصاویر دیکھکر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ آیندہ نہایت عمدہ طور پر ترقی اور کامیابی حاصل کرینگے ہم ہز اکسیلنسی کمانڈر انچیف کو مبارکباد دیتے ہین کہ جو تصویر رنگینی مس رابرٹس نے اول ہی مرتبہ بنائی ہے اُسکی بہت تعریف ہوئی ہے بمشاہدہٗ اِس امر کے ہم یہ کہہ سکتے ہین کہ ہمارے مصور لوگ اور لوگون کو حتی الوسع اوائل عمر مین اپنا فن سکھانے کی ترغیب دیکر بہت رفاہ عام کر سکتے ہین - میرا بھی ذاتی خیال یہ ہے کہ جب تک کسی مرد یا عورت کی فن مصوری مین تعلیم نہو اُسکی تعلیم ناکمل رہتی ہے - بہرحال اِس بات کا تو

مجھکو پورا یقین ہے کہ ایسا کوئی بشر نہین ہے جو اِس فن کو سیکھکر محظوظ نہ ہوتا ہو اور سوسائٹی کا ایک زیادہ فائدہ رسان ممبر نہ ہوجاوے -

کام کرنیوالے آدمی کے لیے اِس سے بڑھکر اور کوئی تفریح نہین ہے اور بیکار آدمی کے واسطے اِس سے بڑھکر کوئی کھیل نہین ہے -

ہم لوگ جو مصوری کے کام سے واقف نہین اُن لوگون کے بہت احسانمند ہین جو واقف ہین کیونکہ یہ لوگ ہماری تفریحات اور لطف مین زیادتی اور ہمارے گھر آراستہ کرنے کے ذرایع پیدا کرتے ہین - اِنھین لوگون کی وجہ سے ہم قدرت اور قدرتی مخلوقات کا زیادہ مشاہدہ کرتے ہین اور انھین لوگون کے مذاق اور لیاقت کا ہماری کُل زندگی پر نہایت خوشگوار اثر پڑتا ہے شملہ کے لوگون کی جانب سے ہم سب ملکر سوسائٹی تصاویر کا شکریہ ادا کرتے اور دعا کرتے ہین کہ مجمل وجود سوسائٹی کو خوش نصیبی حاصل ہو اور اُس مصور کے بازو مین جسنے کہ اِس نمایش مین تصویرین بنائی ہین یا جو اب آیندہ بناوے روز بروز طاقت آوے - لیڈیز اور جنٹلمین - نمایش افتتاح کی گئی -

نمبر ۲۹

اسپیچ لارڈ لینسڈون جلسۂ لیجسلیٹف کونسل بوقت پیشی مسودۂ قانون بغرض ہرجہ دینے مالگذاران

۱۹ ستمبر ۱۸۸۹ء

جو جلسہ لیجسلیٹف کونسل کا بمقام شملہ بتاریخ ۱۹ ستمبر ۱۸۸۹ء منعقد ہوا تھا
اُسمین آنریبل مسٹر اسکوبل نے بنا بر حصول اجازت بغرض پیشی مسودہ قانون بغرض
ہرجہ دینے چند گواہان کے جنھون نے کرافرڈ کمیشن کے روبرو شہادت دی تھی تحریک
پیش کی اور بہت بسیط تقریر مین اُن حالات کا ذکر کیا جنکی وجہ سے اس معاملہ مین توضیع
قانونی کی ضرورت ہوئی اور اس مسودہ کے منشا کی پوری تشریح کردی آنریبل
مسٹر ہچنس نے وہ کارروائی سنائی جو اس معاملہ مین گورنمنٹ آف انڈیا
اور گورنمنٹ بمبئی نے کی تھی - اِسکے بعد ہزایکسیلنسی پریسیڈنٹ نے
تقریر ذیل فرمائی -

وہ واقعات جنکے باعث اس معاملہ مین قانون بنانے کی ضرورت ہوئی ہے
عام لوگون کو بخوبی معلوم ہین اور بیان اُنکی مشرح کیفیت بیان کرنے کی
کچھ ضرورت نہین ہے - علاوہ اسکے جو کچھ میرے آنریبل ساتھیون نے
بیان کیا ہے اُسمین مین کچھ اضافہ بھی نہین کرسکتا ہون - یہ بل جو کونسل
کے روبرو اب پیش ہے اس غرض سے مرتب کیا گیا ہے کہ گورنمنٹ
بمبئی کو جہانتک کہ مناسب معلوم ہو اُن مواعید کے ایفا کا اختیار دیا جاے

جو منجانب گورنمنٹ موصوف اُن اشخاص سے کیے گئے تھے جنھون نے مسٹر کرافرڈ کے مقدمہ مین اپنے جرم کا اقبال کرکے گواہی دی۔ میری راے مین یہ بات مناسب معلوم ہوتی ہے کہ اُس موقع اور محل کی بابت جسوقت کہ یہ وعدے کیے گئے تھے کوئی غلط فہمی نہو۔ یہ امر گورنمنٹ بمبئی کو اچھے طور پر ثابت ہوگیا تھا کہ اُس زمانہ مین اُس پریسیڈنسی کے ایک حصہ مین رشوت کا بازار خوب گرم تھا اور ایک اعلی درجہ کا ملازم سرکاری اس رشوت ستانی کو ترغیب دیتا تھا یا اپنے فائدہ کی غرض سے اس معاملہ مین چشم پوشی کرتا تھا۔ پس جب گورنمنٹ موصوف کو یہ یقین کامل تھا تو اُسنے اس گرم بازاری کے فرو کرنے کی یہ تدبیر نکالی کہ اُسی شخص کو جسکی وجہ سے یہ سب کارروائی ہوئی تھی ذمہ دار قرار دیا جاے اور اُسی کو سزا دیجاوے مگر اس مقدمہ کی ایسی صورت تھی کہ جبتک اُن لوگون کو جو اس معاملہ مین شہادت دے سکتے تھے یہ یقین نہ دلایا جاتا کہ اقبال کرنے سے اُنکو کوئی ضرر نہ پہونچیگا۔ واقعات کے انکشاف کے لیے ضروری شہادت نہین حاصل ہوسکتی تھی۔ اول اگر ایک جانب سے قانونی لحاظ کیا جاے تو اس امر کا فیصلہ کرنا گورنمنٹ بمبئی کا کام تھا کہ آیا اس قسم کے وعدے کیے جاوین یا نہ کیے جاوین۔ بنظر اسکے کہ یہ معاملہ بہت اہم تھا اور ملازمان سرکار مین سے یہ علت اور خرابیان دور کرنیکی اشد ضرورت تھی میری راے مین محض اس بنیاد پر کہ گورنمنٹ بمبئی نے اُس شخص پر جرم ثابت کرانے کی غرض سے جسکو کہ اُسنے سر برآوردہ مجرم خیال کیا تھا۔ اُن لوگون کو رہا کردیا جو مستوجب سزا تھے گورنمنٹ موصوف کی کوئی شکایت کسی اصول پر نہین ہوسکتی۔ چنانچہ میری دانست مین ایسے موقع پر ہرجہ دینے کا وعدہ بالکل قابل الزام نہین تھا۔ ماسواے اسکے ایسا وعدہ

کوئی غیر معمولی نہین تھا - کیونکہ ہمکو ایسے بہت سے مقدمات معلوم ہین جنمین
بڑے مجرمون کا جرم ثابت کرانے کی غرض سے چھوٹے مجرمون سے اس قسم
کے وعدے کرنے کی اجازت دیگئی ہے - قطع نظر ان سب باتون کے جس جرم
کی کو معافی دی گئی وہ بھی بخیال اُس موقع اور وقت کے جسمین کہ اُسکا ارتکاب
ہوا اور بخیال کثیر تعداد اُن اشخاص کے جنسے کہ ہرجہ کا وعدہ کیا گیا تھا ایسا
شدید نہین تھا کہ اُن اشخاص کے رہا کرنے مین جو کہ مستوجب سزا تھے کوئی
بہت بڑی نا انصافی ہوتی ہو -

جو کاغذات کہ گورنمنٹ آف انڈیا کے پاس بھیجے گئے ہین اُنکے مطالعہ سے
یہ صاف نتیجہ نکلتا ہے کہ گورنمنٹ بمبئی کی یہ بحث درست ہے کہ بہت سے ہمارے
ملازمان سے جنکو کہ مجرم سمجھا گیا ہے جبر اُروپیہ وصول کیا گیا تھا نہ کہ اُن لوگون
نے بخوشی خاطر رشوت دی تھی - اس بارہ مین صرف اتنا کہونگا کہ جو شہادت
کمیشن کے روبرو پیش ہوئی تھی اُس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُن لوگون مین
جنجھون نے یہ وعدے منظور کیے تھے مختلف درجہ کے لمزم تھے - اور اس امر کا
امتیاز کرنا بھی ہماری طاقت سے باہر نہ تھا کہ کونسے لوگ اُنمین سے بوجوہات
مندرجہ بالا قابل معافی تھے اور کونسے جرم رشوت دہی کے مجرم تھے - لیکن ان
تمام آدمیون سے بلا لحاظ اُنکے جرم کے درجہ کے گورنمنٹ بمبئی کی جانب
سے وعدہ ہرجہ کا کر دیا گیا - مگر اسمین شک نہین کہ گورنمنٹ بمبئی نے یہ
وعدے محض نیک نیتی سے اور اپنا فرض سمجھکر کیے - گورنمنٹ موصوف نے
اس معاملہ کو محض متعلق بہ پالسی خیال کیا اور جو خط وکتابت کہ اس بارہ مین
ہوئی ہے اُس سے صاف ظاہر ہے کہ اُسکو اپنی اس کارروائی کے جواز پر
کبھی شک وشبہہ بھی پیدا نہین ہوا -

اِن وعدون کے کرنے کے اور اشخاص موعدلہم کی گواہی دیدینے کے
چندماہ بعد اس کارروائی کے جواز کی بابت بحث ہوئی یہ امر پارلیمنٹ کے
ایک قانون سے متعلق ہے اور مین اسپر بحث کرکے کونسل کا وقت صرف نہین کرونگا
صرف اتنا کہنا کافی ہے کہ ہز اکسیلنسی گورنر کے مشیران قانونی کو اُسوقت یہ بات
نہ سوجھی کہ یہ معاملہ جسکا وہ فیصلہ کرتے تھے ایکٹ جارج سوئم سے متعلق تھا۔
اور مین جانتا ہون کہ اب بھی حالانکہ اُنکی توجہ اس معاملہ پر خاص طور پر دلائی
گئی ہے وہ لوگ اس بات کو نہ تسلیم کرینگے کہ ایکٹ مذکور اِس معاملہ سے
متعلق ہے۔ جو مطلب کہ ایکٹ مذکور کا اِن لوگون نے بتایا ہے وہ سکرٹری
آف اسٹیٹ نے منظور نہین کیا اور یہ لکھا ہے کہ ملکہ معظمہ کی گورنمنٹ کی
راے مین یہ وعدے ناجائز اور حد اختیار سے باہر تھے۔ جو دلائل کہ گورنمنٹ
بمبئی نے اپنی راے کی تائید مین پیش کیے ہین اُنپر ہمارے آنریبل ساتھی
(مسٹر اسکوبل) نے بخوبی غور کرلیا ہے اور پورے طور پر اُن امور کو بیان کردیا ہے
جنکی وجہ سے مشارٌالیہ کو اور نیز گورنمنٹ آف انڈیا کو سکرٹری آف اسٹیٹ
کی راے سے اتفاق ہے۔

اب گورنمنٹ بمبئی کی حالت کیا ہے۔ بہرحال اُنکی نیک نیتی کی ہرگز بحث
نہین ہے۔ اور جس مقصد کے لیے کہ اُسنے یہ کارروائی کی وہ ایسا مقصد تھا کہ
جسکے لیے یہ کارروائی ہر ایک ہوشیار شخص کو پسند آتی اور یہ مین ابھی حال کہہ چکا ہون
کہ جس قسم کے وعدے کہ گورنمنٹ موصوف نے کیے ازروے اصول نہ تو ہمارے
اخلاق کے خلاف تھے اور نہ ازروے رسم قدیمانہ ہمارے عدالتی ضوابط کے خلاف تھے
لہذا ہمارا فرض یہ ہے کہ گورنمنٹ موصوف کو حتی المقدور ایسی امداد دین کہ جسکے سبب سے
وہ اُن مواعید کو ایفا کرسکے جو اب اُسکو مجبوراً شکست کرنے پڑینگے —

اول توکسی بڑی پریسیڈنسی کی گورنمنٹ وعدے سہل طور سے بلاغور وفکر
کئے ہوئے نہین کرتی ہے اور جب کر دیا تو پھر اُسکا پورا پورا نباہ ہونا چاہیے
اِس سے زیادہ اور کوئی خراب بات نہین ہے کہ اِس ملک کے لوگون کے
دل مین یہ خیال ذہن نشین ہوجاے کہ گورنمنٹ آف انڈیا یا اُسکا کوئی حصہ
اُن متبرک عہد وپیمانون کی جو اُسکے کسی قائمقام یا وکیل مجاز نے کیے ہون کچھ
وقعت نہین سمجھتے۔ اور مین گورنمنٹ آف انڈیا و نیز سکرٹری آف اسٹیٹ
کی جانب سے کہتا ہون کہ اس معاملہ مین ہماری یہ خواہش رہی ہے کہ حتی الوسع
اِن تمام ذمہ داریون کو ایفا کردین جنکے اعتماد پر اِن گواہون نے کمیشن کے
رو برو شہادت دی ہے۔ لیکن سکرٹری آف اسٹیٹ کی یہ راے ہے کہ ہمارے
اس قسم کے وعدون کے پورا کرنے کی خواہش کی ایک حد مقرر ہے جس سے کہ ہم
تجاوز نہین کرسکتے۔ اور اس حد پر ہم اُسوقت پہونچ گئے جب یہ راے ہوئی
کہ خاص اس غرض سے ایک قانون بنایا جاے کہ جسکی رو سے اُن عدالتی اور
انتظامی عہدون کے کام انجام دینے کے لیے جسمین نہایت ایمانداری اور
دیانت داری کی ضرورت ہے وہی لوگ پھر برقرار رکھے جاوین جو ازروے قانون
ملازمت سرکاری کے قابل نہین رہے ہین بلکہ جنھون نے خود دیدہ و دانستہ
رشوت دہی یا رشوت ستانی کا اقبال کرلیا ہے اور اسلیے اُسمین وہ خواص
نہین ہین جنکے باعث کہ عام لوگ اُنپر اعتماد کرسکین۔ سکرٹری آف اسٹیٹ کی
یہ راے ہے کہ اگر ایسے معاملات مین وعدون کی حرف بحرف پابندی کیجاوے
اور اگر ایک قانون اس غرض سے جاری کیا جاویگا کہ اُن لوگون کو ایک
قانونی قید کی پابندی سے مستثنیٰ کیا جاوے جنکا قصور قابل معافی نہین تصور
کیا جاسکتا اور جنھنے کہ جبراً روپیہ وصول نہین کیا گیا ہے بلکہ جو لوگ

مدد معاون رشوت ستانی کے ہین تو اس مشہور جرم کے معاف کرنے مین ملازمت سرکار کو بہ نسبت اسکے کہ ایک سودے کے شرائط کے ایفا مین جو گورنمنٹ بمبئی نے کیا ہے ذراسی خلاف ورزی ہوجاوے زیادہ نقصان پہونچیگا - یہی راے گورنمنٹ آف انڈیا پسند کرتی ہے - باستثناء اُن اشخاص کے جنکا جرم واقعی سخت ہے اور لوگون سے گورنمنٹ بمبئی نے جو وعدے کیے ہین وہ حرف بحرف پورے کیے جاوینگے - ان دونون صورتون مین سے کہ یا تو وعدے مین کسیقدر منسوخی کر دیجاوے یا اُن لوگون کو جنھون نے کہ سرکاری نوکری کے ناقابل ہونے کا غور اپنے مُنھ سے اقبال کرلیا پھر نوکری پر برقرار رکھاجاوے ہماری راے مین وعدے کا کسیقدر منسوخ کرنا کم خرابی کی بات ہے -

جس بنیاد پر کہ ان لوگون کے ساتھ سختی یا نرمی کرنی چاہیے مین اُسکا ذکر اول کرچکا ہون - اسکی تصریح اس خط مین بہت صاف طور پر کردیگئی ہے جو گورنمنٹ بمبئی نے سکرٹری آف اسٹیٹ کی خدمت مین بھیجا تھا یہ خط ۳ - مئی کا لکھا ہوا ہے - اور اسمین اہلکاران مجرم کو دو اقسام مین تقسیم کیا گیا ہے - اول قسم مین وہ قلیل التعداد ملازم شامل ہین جنھون نے کہ برضا و رغبت خود اپنے کام کے لیے رشوت اس غرض سے دی کہ اُنکو ترقی ملجاوے یا سابق کے قصورون کی سزا سے محفوظ رہین یا جنھون نے کہ کسی شخص کے کہنے سے یا ذراسے لالچ کی وجہ سے اُن مراعات کو خریدا جنکے وہ اصلیت مین مستحق نہین تھے - دوسری قسم مین وہ ملازم شامل ہین جنھون نے کہ سخت مجبوری کی حالت مین روپیہ اس غرض سے دیا کہ ناحق تنزل نہ ہونے پاوے یا کسی ایسی جگہ کو تبدیلی نہ ہوجاوے جو آمدنی اور تندرستی

دونون کے لحاظ سے خراب ہو یا جنھون نے روپیہ نا امیدی کی حالت مین متوقع تقاضار کے بعد اس غرض سے دیا کہ کہین ملازمت مین داغ نہ لگ جاوے

اب اس امتیاز مندرجۂ بالا پر لحاظ کرکے ہماری یہ راے ہے کہ اُن ملازمان کو جنکی نسبت کہ یہ نہین کہا جا سکتا کہ اُنھون نے یہ فعل بمجبوری یا دباو سے کیا تھا بہرحال ان افعال کا نتیجہ ضرور ملنا چاہیے لہذا وہ اُس قید سے مستثنیٰ نہین کیے جانے چاہیین جو قانون جارج سویم کے موجب ایسے مجرمون پر لگائی جانی چاہیے۔ لیکن اِس حالت مین بھی گورنمنٹ بمبئی کو مجاز ہوگا کہ ان لوگون کو موقوفی کے معاوضہ مین کچھ معقول روپیہ دیکر اپنے مواعید ایفا کرے پس اس قسم کے ملازمان کی نسبت امور مندرجۂ ذیل قرار پائے۔

جو وعدے ان لوگون سے کیے گئے تھے اُنسے یہ مقصود تھا کہ اول تو ان لوگون کو سزا سے مستثنیٰ کیا جاویگا۔ دوسرے یہ کہ یہ لوگ باہمی نالشات اور استغاثہ جات سے محفوظ رکھے جاوینگے۔ تیسرے یہ کہ باوجود قانونی قید کے یہ لوگ اپنے اپنے عہدون پر برقرار رکھے جاوینگے۔ اچھا اب وعدہ اول و دوم تو مسلم اور پختہ رہینگے۔ لیکن تیسرے وعدے کو پورا نہین کرسکتے۔ صرف یہ کرسکتے ہین کہ ان لوگون کو برطرفی کے معاوضہ مین کچھ روپیہ دیدین۔ منجملہ اِسکے بعض لوگون کی موقوفی کا گورنمنٹ بمبئی اول ہی اشتہار دیچکی ہے۔

باقی رہے وہ لوگ جنکا قصور قابل معافی ثبوت ہوا ہے۔ اُنکے بارہ مین ہم بذریعہ رزولیوشن گورنمنٹ آف انڈیا کے وہ عہد و پیمان منظور کرتے ہین جو گورنمنٹ بمبئی نے کیے ہین اور سرکاری طور پر اطلاع دیتے ہین کہ ایسی کوئی کارروائی نہ کیجاوے جس سے اُنکی نوکری مین خلل واقع ہو۔ اس مسودہ قانون کی رو سے جو اب ہمارے روبرو پیش ہے دونون اقسام کے ملازمان اُن نالشات اور استغاثہ جات سے محفوظ رہینگے ۸۹.

جنکے کہ وہ مستوجب ہین۔

مین امید کرتا ہون کہ جو طریقہ اس معاملہ کے حل کرنے کا میرے آنریبل ساتھیون نے بتایا ہے اُسکو کونسل اور نیز عام لوگ پسند کرینگے۔ کیونکہ ایسے نازک اور پیچیدہ معاملہ کے تصفیہ کے لیے اس سے بڑھکر اور کوئی طریقہ نہین ہوسکتا ہمنے حتی المقدور گورنمنٹ بمبئی کی بات رکھنے کی بھی کوشش کی ہے۔ اور سرکاری ملازمت کی دیانت داری کو بھی محفوظ رکھا ہے۔ اسی حفاظت کی غرض سے گورنمنٹ بمبئی نے باوجود دشمنون کی بدگوئی کے اپنے ایک اعلیٰ رتبہ کے افسر کا جرم ثابت کرانے کے لیے مقدمہ کیا تھا۔ چونکہ ان دونون باتون کا ایک ساتھ پورا پورا ادا کرنا کسیقدر ناممکن تھا اسلیے ہمکو افسوس ہے کہ ہمکو مجبوراً گورنمنٹ بمبئی سے اُن مواعید کے ایفا مین جو گورنمنٹ موصوف نے کیے ہین کسیقدر خلاف ورزی کرانی پڑی۔ گورنمنٹ موصوف کی ایمانداری اور انصاف کے بارہ مین مجھکو یہ کہنا ضروری ہے کہ ان لوگون کی موقوفی مین گورنمنٹ موصوف کا بالکل قصور نہین ہے کیونکہ یہ موقوفیان اُسنے مجبوری و ناراضی اوردن کے حکم سے کی ہین بلکہ برخلاف اسکے گورنمنٹ موصوف کو ہمیشہ یہ خیال رہا ہے کہ اُن وعدون کا جو اُسنے کرلیے تھے پورے پورے طور پر اور ایمانداری سے ایفا ہو۔ اور گورنمنٹ موصوف اس فیصلہ کو جو آج سنایا جاتا ہے صرف اسوجہ سے منظور کرتی ہے کہ یہ حکم حاکم بالادست کا ہے۔ جو ہمت اور استقلال کہ اس تردد انگیز معاملہ کے تصفیہ مین ہز اکسیلنسی گورنر نے ظاہر کیا ہے اُسکی سکرٹری آف اسٹیٹ نے بہت تعریف اور تحسین کی ہے۔ اس تعریف اور تحسین مین ہم بھی شامل ہین اور ہماری یہ خواہش ہے کہ جہانتک ممکن ہو ہز اکسیلنسی کی گورنمنٹ کی تائید کرین۔ جو کچھ ہمنے کہا ہے اگر

اس سے گورنمنٹ موصوف کی کارروائی کامل طور پر منظور نہین ہوئی تو ہمکو
بھی افسوس ہے کیونکہ جو کچھ ہمنے کہا ہے اُسمین وہی امر مد نظر رکھا گیا ہے جو
ہز اکسیلنسی گورنر ممدوح نے مقدم خیال فرمایا تھا یعنی یہ کہ ہندوستان
مین ملازمت سرکار بے ایمانی وغیرہ سے پاک وصاف رہے۔ (یہ تحریک
پیش کی گئی اور منظور ہوئی۔)

مسودہ قانون بغرض ہرجہ دینے مالمتداران

بتاریخ ۱۷- اکتوبر ۱۸۸۹ء مسودہ قانون ہرجہ وہی مالمتداران پر
لیجس لیٹیف کونسل مین پھر بحث ہوئی اور یہ مسودہ منظور ہو کر قانون جاری ہوگیا
آنریبل مسٹر اسکوبل نے جسوقت اسپر بحث کرنے کی تحریک کی اُسوقت یہ فرمایا کہ
بمبئی سے چند مراسلات مشعر نامنظوری اس مسودہ کے آئے ہین۔ بہت سے
عام جلسون مین یہ رزولیوشن پاس ہوئے ہین اور بہت سے دیسی زبان کے
اخبارات مین یہ بھی آرٹکل شایع ہوئے ہین۔ کہ برٹش نیکنامی اور آبرو
مقتضی اس بات کی ہے کہ جو وعدے ہرجہ دینے کے بمبئی گورنمنٹ نے کیے
ہین اُنکو ایمانداری سے ایفا کر دیا جاے اور یہ کہ اگر کوئی کارروائی
اسکے خلاف کیجاویگی تو اُسکا نتیجہ خراب پیدا ہوگا۔ مسٹر اسکوبل نے ان
اعتراضات کا بہت طویل ذکر کیا اور اپنی اسپیچ کے آخر مین یہ فرمایا۔ "لہذا
اُن لوگون کے حق مین جنپر اس بل کا اثر پڑتا ہے انصاف ہوا ہے۔
یہ کوئی تعجب کی بات نہین ہے کہ بعض گواہان کو اور اُنکے رفیقون کو یہ
تصفیہ قابل اطمینان نہین معلوم ہوتا۔ اور یہ بھی کوئی تعجب کی بات نہین
ہے کہ اس معاملہ مین بہت سی زور شور کی فصیح گوئیان ہوئی ہون۔
لیکن میرے خیال مین عام لوگ ہمارے اس فیصلہ کو عموماً معقول اور با انصاف تصور کرینگے

اور گورنمنٹ کی تعریف کرینگے کہ ایمانداری سے دونون باتون کو ملاکر فیصلہ کردیا یعنی یہ کہ اُس وعدہ کو بھی ایفا کردیا جو کسیقدر جلدی مین کیا گیا تھا اور وہ عالی رتبہ فرض کا بھی قائم رکھا جسکے بدون ملازمت سرکار خصوصًا مشرقی ممالک مین ظلم کرنے اور جبرًا روپیہ لینے کے لیے بطور ایک ذریعہ کے کام مین لائی جاتی ہے۔ آنریبل مسٹر ہچنس نے بھی ان اعتراضات پر بحث کی اور یہ کہا سکرٹری آف اسٹیٹ نے گورنمنٹ آف انڈیا کو اجازت دیدی ہے کہ موقوف شدہ ملازمان کو اُنکی پوری تنخواہ جو وہ پاتے تھے بدستور دینا شروع کردے۔ ہز اکسیلنسی پریسیڈنٹ نے تقریر ذیل فرمائی۔

مثل اپنے آنریبل ساتھیون کے مجھکو تعجب نہین ہے کہ اس تجویز پر عرصہ ۳ ہفتہ مین جو اسکو کونسل مین پیش ہوے منقضی ہوا عام لوگون نے بہت بحث کی ہے اور بعض اشخاص نے بہت سے اعتراضات پیش کیے ہین۔ اس مقدمہ کے حالات اس قسم کے ہین کہ ہمکو ایسے اعتراضات کی شکایت کرنے پر مستعد ہونے کی کوئی خاص ضرورت نہین ہے۔ ہمنے تو ان تجاویز کو یا اُن انتظامات کو جو اسکے ساتھ ہون صرف یہی بتایا ہے کہ ایک نہایت پیچیدہ معاملہ کا یہ سب سے زیادہ مناسب اور امید بخش تصفیہ ہے۔ اور اس معاملہ کے تصفیہ مین اور مشکلات اسوجہ سے پیدا ہوگئی ہین کہ گورنمنٹ آف انڈیا کو اب صرف آخر مین جبکہ اس معاملہ کی صورت اور بھی زیادہ سخت پیچیدہ ہوگئی ہے دست اندازی کرنے کا موقع دیا گیا ہے۔ جیسا کہ مین نے چند روز ہوے جب بتلایا تھا ہمکو صرف اس بات کا دعوی ہے کہ جو تصفیہ کہ ہمنے تجویز کیا ہے وہ بلحاظ موقع اور حالات کے نہایت معقول اور بلحاظ اُن مختلف فوائد کے جنپر ہمارے فیصلہ سے اثر پڑیگا نہایت پُر انصاف ہے۔ جو اعتراضات کہ

ہماری اس تجویز کے خلاف کیے گئے ہین اگر یہ اعتراضات مجھکو کرنے پڑتے
تو مین کہہ دیتا کہ بہت سے اعتراضات منجملہ انکے محض بہ خیال فوائد ایک فریق
کیے گئے ہین اور دیگر فریقون کے فوائد کا مطلق خیال نہین کیا گیا ہے کیونکہ ہمکو
اس بات پر اصرار کرنے کا استحقاق ہے کہ جب ہمنے اس معاملہ پر غور کیا تھا
تو صرف یہی خیال تو مدنظر نہین رکھا تھا کہ گورنمنٹ بمبئی کی نیکنامی مین اُن
وعدون کی ذراسی خلاف ورزی سے جو اُسنے مجرم ماملتدارون سے کیے تھے
کیا اثر پڑیگا بلکہ اُس فرض کی پابندی بھی مدنظر رکھی تھی جو ہمکو اس ملک کے
لوگون کی جانب ہے اور اسمین شک نہین کہ جو کوشش ہمنے سرکاری ملازمت
کی خرابیون سے پاک وصاف رکھنے کی غرض سے کی ہے اُسکو اس ملک کے
لوگون سے بہت بڑا تعلق ہے - گورنمنٹ بمبئی کے عہد و پیمان کو ہمنے حتی الوسع
بہت تسلیم کیا ہے اور جو لوگ کہ ہماری تجاویز پر اعتراض کرتے ہین اُنھون نے
ہمکو اس بات کی کافی داد نہین دی ہے کہ ہمنے اُن ملازمان کے وعدے جنھون نے
کہ کرافرڈ کمیشن کے روبرو شہادت دی ہے کسقدر ایفا کیے ہین اور یہ کہ حرف
بحرف ایفاء اُن وعدون کا نہ کرنے مین ہمارا کیا مقصد ہے - اول امر کے
بارہ مین ہر ایک شخص اُن رایون کو پڑھکر جو حال مین شائع ہوئی ہین یہ
خیال کرلیتا کہ گورنمنٹ آف انڈیا کا ارادہ موقوف شدہ ماملتداران کو معاوضہ
دینے کا نہین ہے - میرے آنریبل دوست مسٹر ہچنس نے کونسل کو اس بارہ مین
تصفیہ کرنے کا طریقہ بتلا دیا ہے - میرا تو ضرور یہ خیال ہے کہ یہ ہماری تجاویز جنکو
سکرٹری آف اسٹیٹ نے منظور کرلیا ہے بہت فیاضانہ خیال کیجاویگی اور اُنسے
صاف ثبوت ہماری اُس خواہش کا ہوتا ہے جو گورنمنٹ بمبئی کے وعدون
کے حتی الوسع ایفاء کرنے کے بارہ مین رہی ہے -

۱۔ اگر یہ کہا جاوے کہ جب وعدہ کر لیا گیا تھا تو اُسکا پورا پورا ایفا ہونا چاہیے اور وہ لوگ جو خود اقبال کر کے از روے قانون قابل ملازمت سرکار نہین رہے تھے۔ بدستور ملازمت سرکار پر بحال رکھے جاوین تو اُن لوگون کو جنکی یہ راے ہے اپنے دلائل پر خوب غور کر کے دیکھنا چاہیے کہ آخر مین اُنکی اِس راے سے کیا نتیجہ نکلتا ہے۔ یہ بات خیال کر کے مجھکو شبہہ پیدا ہوتا ہے کہ بعض لوگون نے اِس بات کو فرض کر لیا ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا کے لیے یہ بہتر ہوگا کہ بمبئی گورنمنٹ کے وعدون مین جنکو کہ خیال رکھنا چاہیے کہ سب سے بڑے حاکم نے ناجائز قرار دیا ہے ذرا سی بھی خلاف ورزی نہ کیجاوے اور ملازمان رشوت دہندہ کی بحالی کی غرض سے قانون وضع کیا جاوے۔ اِس قسم کی فضول باتون سے یہ پایا جاتا ہے کہ اُن لوگون کے فوائد کا مطلق لحاظ نہین کیا گیا ہے جنکو کہ اگر یہ اہلکار موقوف نہوتے تو اُنکی دادرسی سے سابقہ پڑتا اور جنکو کہ موقع شکایت ہوتا اگر وہ فریادرسی کے واسطے اُن اہلکاران کے پاس جاتے جنکی کہ دیانت داری مین جیسا کہ ثابت ہو چکا ہے۔ دھبہ لگ گیا ہے۔ یہ معاملہ کی صرف ایک صورت ہے لیکن دوسری صورت معاملہ کی جو کہ بہت ہی اہم ہے وہ اور پیش آتی ہے۔ میری دانست مین جن لوگون کی کہ یہ راے ہے کہ ان موقوف شدہ اہلکارون کا چال چلن ایسا نہ تھا کہ جس سے وہ مستوجب ایسی سخت سزا کے اور ناقابل ملازمت سرکار ہوتے وہ لوگ اِس ملک کی عام نیک چلنی پر بٹہ لگاتے ہین۔ اِس سے واقعی یہ نتیجہ نکلیگا کہ جو اُمور بالکل ناقابل ملازمت سرکار دیگر ملکون مین خیال کیے جاتے ہین وہ ہندوستان مین ایسے خیال نہین کیے جاتے یا کہ رشوت ستانی ہندوستان مین ایسا عیب نہین

شمار کیا جاتا جیسا کہ انگلینڈ مین خیال کیا جاتا ہے گویا کہ ہندوستان مین عام لوگ ایسے اُمور کی چندان پروا نہین کرتے اور یہ کہ گورنمنٹ آف انڈیا کو اِن معاملات مین کچھ توجہ نکرنی چاہیے۔ میری دانست مین خراب نتیجہ ہندوستان یا دیگر ملک مین پیدا کرنے والی تدبیر اس سے بدتر اور کوئی نہین ہے۔ گورنمنٹ آف انڈیا کی ہمیشہ سے یہ پالسی رہی ہے کہ ہندوستان کی رعایا کو وقتاً فوقتاً ایسے موقع دیے جائین کہ جس سے وہ سلطنت کے اہم اور ضروری معاملات مین کام آوے۔

مجھکو اس بات کی نہایت خوشی ہے۔ اور اسی خیال سے مجھکو اس بات کا بڑا افسوس ہے کہ وہ لوگ جو کہ ہندوستانیون کے رفیق اور وکیل ہین ایسی کارروائی کرین جس سے یہ خیال پیدا ہو کہ ایسے اہم معاملہ مین جیسا کہ یہ ہے ہندوستان کے لوگ اپنی رائے صائب نہین دے سکتے۔ گورنمنٹ بمبئی کی یہ بات واقعی قابل تعریف تھی کہ اُسنے اُس انگریزی حاکم پر جسپر کہ رشوت ستانی کا شبہہ تھا بہت مناسب طور سے تدارک کیا۔ لہذا یہ اُمید کیجاتی ہے کہ گورنمنٹ انڈیا کی اس کارروائی پر بھی عیب جوئی نہ کیجائیگی کہ اُن ہندوستانی اہلکارون کو کہ جو بلاشک اسی جرم مین شامل تھے اُنکو سرکاری ملازمت مین بحال نہ کیا۔

نمبر ۳۱

اسپیچ لارڈ لینسڈون جلسۂ لیجس لیٹیف کونسل بوقت پیشی مسودۂ قانون سرکاری رازداری ۱۷ اکتوبر ۱۸۸۹ء

جو جلسۂ لیجس لیٹیف کونسل کا بتاریخ ۱۷ اکتوبر ۱۸۸۹ء بمقام شملہ ہوا تھا اُسمین آنربل مسٹر اسکوبل نے تحریک کی کہ مسودۂ قانون (جو مشارُالیہ نے جلسۂ سابق مین پیش کیا تھا) بغرض انسداد افشاے راز حالات و کاغذات سرکاری پر بحث کیجاوے ہز اکسیلنسی وایسراے نے تقریر ذیل فرمائی۔

ہمارے آنربل ساتھی مسٹر اسکوبل نے بوقت تحریک بابت پیشی مسودہ ہذا اپنی راے یہ ظاہر فرمائی ہے کہ ہندوستان مین بہت عرصہ سے اس قانون کی ضرورت ہے۔ میری بھی بالکل یہی راے ہے۔ اس تھوڑے عرصہ اپنے قیام ہندوستان مین مجھکو بخوبی معلوم ہوگیا ہے کہ جب تک اس قسم کا قانون نہ بنایا جایگا فوائد عام خلائق مین ضرور ہرج واقع ہوگا۔ اس بات کا کہنا فضول ہے کہ اگر یہ دغابازی یعنے سرکاری کاغذات اور حالات کا ظاہر کرنا یا اُنکا شائع کرنے کی غرض سے حاصل کرنا برابر بلاسزا کے جاری رہے تو اس سے کیا کیا نتیجہ پیدا ہونگے۔ میری راے مین یہ نہایت ضروری بات ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا کے ہاتھ مین ایک ایسا اختیار رہنا چاہیے جسکے ذریعہ سے جب کبھی ضرورت ہو ایسے مجرمون کو سزا دے سکے۔ تاکہ اور لوگون کو عبرت حاصل ہو۔ لیکن میرا مطلب یہ نہین ہے

کہ گورنمنٹ آف انڈیا کو اس قسم کی سزا کے قانون وضع کرنے کے ذریعہ سے ہی
اُس رازداری پر اعتماد ہو جاوے جسکا قائم رکھنا چند کاروبار سرکاری
مین نہایت ضروری ہے - یہ خوشی کی بات ہے - کہ وہ لوگ جنکو اس قسم
کی خبرون کے اظہار کا ہر وقت موقع رہتا ہے یعنی اہلکاران ملازمت سرکار
ہمیشہ اُس نیکنامی کے مستحق ہین جو وہ اپنی ایمانداری اور ہوشیاری کی وجہ سے
حاصل کرتے ہین - اِن لوگون کو بڑے بڑے معاملات سرکاری کی بابت
کاغذات دیکھنے اور اُنکے مضمون افشا کرنے کے بے انتہا موقع ملتے ہین - ہم
سب خوب واقف ہین کہ ایسی خبرون کی بہت قدر ہوتی ہے اور بعض اوقات
اُنکے ذریعہ سے روپیہ بھی ہاتھ آتا ہے - ہمیشہ ایسے لوگ ملتے ہین جو سرکاری رازداری
کی خلاف ورزی کی ترغیب دینے کو آمادہ ہوتے ہین اور اُن لوگون کو طرح طرح کا
لالچ دلاتے ہین جو کہ اس خلاف ورزی کا ارتکاب کر سکتے ہون - علاوہ برین
یہ بہت بدنامی کی بات ہے کہ حال مین اخبارات نے صرف ہندوستان مین ہی
نہین اس بدچلنی کی کار عظیم کے نام سے ترغیب دے رکھی ہے - پس اس صورت مین
اگر وہ لوگ جنکو روزمرہ سرکاری خبرون کے ملنے کا موقع رہتا ہے کہ گاہے
اس قسم کی خلاف ورزیان کرین تو کوئی تعجب کی بات نہین ہے - اب اس
بل کے ذریعے سے ہمکو ایسے معاملات کے دونون فریقون کو یعنی ایسی خبرون
کی چوری کرنے والون کو اور چوری کی ہوئی خبرون کے لینے والون کو سزا
دینے کا اختیار حاصل ہوگا - اور اس بات کی قوی امید ہے کہ اس قانون
کے پاس ہونے سے نتیجہ مطلوبہ بخوبی پیدا ہوگا جو کچھ کہ مین نے ابھی حال کہا ہے
اسکی تائید مین مین حال کے ایک معاملہ کا ذکر کرتا ہون جسمین نہایت فحش طریقہ
پر سرکاری خبر کو افشا کیا گیا ہے -

کلکتہ کے ایک اخبار نے جسکا نام امرت بازار پتر کا ہے حال مین
سرکاری کاغذ کے مضمون کے نام سے ایک مضمون شائع کیا تھا اور یہ لکھا تھا
کہ اصل کاغذ ہز اکسیلنسی کو دفتر صیغہ ریاستہاے غیر مین ملیگا۔ اس اخبار
کی راے مین اُس عبارت مین جو اُسنے تحریر کی تھی مہاراجہ کشمیر کی تخت
سے اُتارنے کی اصل وجہ درج تھی۔ اس کاغذ کی نسبت کہا گیا ہے کہ وہ
ایک میمورنڈم ہے جو مئی ۱۸۸۸ھ مین سر ایچ ایم ڈیورنڈ سکرٹری ریاستہاے
غیر نے اُس زمانہ کے وایسراے لارڈ ڈفرن کی خدمت مین بھیجا تھا
اور اُسکی عبارت یہ ہے "بخدمت ہز اکسیلنسی مین اس باب مین مسٹر
پلوڈن رزیڈنٹ ریاست کشمیر سے اتفاق راے نہین کرتا۔ کیونکہ مسٹر
موصوف کی راے ایسی معلوم ہوتی ہے کہ کشمیر کو ہر طرح سے علحدہ کر دیا جاوے
اور اگر ہمکو کچھ کارروائی کرنی ہے تو اُسکو ہم خود کر لین۔ جہانتک مین نے
اس تجویز پر خیال کیا ہے مجھکو یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہمکو اس معاملہ
مین آشکارا دخل اندازی صرف اسقدر ہی کرنی چاہیے کہ گلگیٹ کے
مقام مین ذمہ دار فوج رکھنے کا بندوبست کیا جاوے اور اس معاملہ مین
دربار کشمیر ہمسے ضرور اتفاق کریگا۔ لیکن اگر ہم گلگیٹ پر قبضہ کرینگے یا ریاست
کشمیر کی سرداری گردنواح کی چھوٹی چھوٹی ریاستون مین سے دور کرینگے یا
علاوہ برین ابھی فی الحال خاص کشمیر مین برٹش افواج رکھینگے تو دربار کشمیر
ہمارے خلاف ہو جائیگا اور مشکلات زیادہ بڑھ جاوینگی۔ لہذا میری راے
مین یہ بات ضروری نہین ہے۔ بلاشک جو تعلقات کہ کشمیر کو ان چھوٹی چھوٹی
ریاستون سے ہین وہ عملی طور پر ہمارے اہتمام مین رہنی چاہیین سو یہ بات
آب بھی ہے۔ اور حقیقت تو یہ ہے کہ لچھمن داس کی موقوفی کے بعد دربار

نے مسٹر پلوڈن سے خود درخواست کی ہے کہ حکام گلگیٹ کو بلا استفسار دربار
کے براہ راست احکام بھیجدیا کرین۔ اگر گلگیٹ مین ہمارا کوئی لائق اور
حلیم مزاج حاکم رہے جو کہ افواج کشمیر کا پورا پورا انتظام کرلے اور بلاضرورت
اپنا رعب جمانے کی کوشش نہ کرے تو ہم امید کرتے ہین کہ تھوڑے ہی عرصہ
مین سب معاملہ ہمارے ہاتھ مین آجاویگا اور کسی کو ناگوار نہ گذریگا'' یہانتک
تو یہ عبارت صحیح نقل اُس منٹ کی ہے جو سر مارٹمر ڈیورنڈ نے تاریخ مذکورۂ بالا
کو لکھا تھا۔ اور اِسمین کچھ شک نہین کہ یہ عبارت کسی شخص نے جسکو کہ سر مارٹمر
ڈیورنڈ کے منٹ کی نقل کرنے یا اس حصہ کے برزبان کرنے کا موقع
ملا ہو اخبارون کو بھیج دی ہو۔ چند الفاظ اسمین غلط بھی تحریر ہین لیکن وہ
ایسے بہت ضروری نہین ہین۔ مین خیال کرتا ہون کہ کونسل اس بات پر
خیال کریگی اور میرے ساتھ اتفاق کریگی کہ جو فقرات مین نے ابھی حال مین
پڑھے ہین اُنسے یہ نتیجہ نہین نکالا جاسکتا کہ گورنمنٹ آف انڈیا کا دانت
ریاست کشمیر پر ہے۔ آنریبل ممبر صاحبان کو ضرور یاد ہوگا کہ جسوقت یہ منٹ
لکھا گیا تھا اُسوقت گلگیٹ کی سرحد پر بہت بدانتظامی تھی اور ہنگامے برپا تھے۔
ہنزا اور ناگر کے سردار دونون کشمیر سے باغی تھے اور چپیروت کو فتح کرلیا تھا۔
اور مہاراجہ کی عملداری کے دیگر مقامات پر باغیون کا بہت زور تھا جو کہ ریاست
کے حکام کا مقابلہ کرنے کو آمادہ تھے۔ اِن واقعات سے یہ بات صاف
ظاہر ہوتی ہے کہ دربار کشمیر کا سرحدی انتظام ناکمل اور کمزور تھا۔ اور اسلیے
وہان کے اُسوقت کے رزیڈنٹ نے اس غرض سے تجاویز پیش کی تھین کہ
اُسکی مدد کیجاوے۔ اور اسی غرض سے مسٹر پلوڈن نے یہ صلاح دی تھی
کہ گلگیٹ مین ایک انگریزی پولٹیکل اجنٹ مقرر کیا جاوے اور مسٹر موصوف کی

یہ بھی رائے تھی کہ کشمیر مین افواج بھیجنا مناسب ہوگا۔ اُس کاغذ مین جسکا کہ ایک حصہ مین نے ابھی پڑھا تھا سکرٹری ریاستہاے غیر نے ان تجاویز پر بھی اعتراض کیا ہے اور اس عبارت کے بعد سے فقرات مین جو مین نے اصل منٹ سے دیکھے ہین سکرٹری موصوف نے رزیڈنٹ کی تجاویز پر اعتراض اسی بنا پر کیا ہے کہ مسٹر پلوڈن برٹش دست اندازی پر زیادہ اعتماد کرتے ہین اور ریاست کی کوششون پر کچھ اعتبار نہین کرتے۔ سر مارٹمر نے اپنا یقین ظاہر کیا ہے کہ ہم حکام کشمیر کی حالت کو مدد بہو نچا سکینگے اور اصلاح کر سکینگے اور یہ کہ جو افسر وہان بھیجا جاوے وہ دربار کی منظوری اور امداد سے کام کرے اور افواج کشمیر کا کمانڈ اسکے اختیار مین نہ دیا جاوے اور نہ اُسکو کسی فوجی مہم کے مرتب کرنے کا اختیار دیا جاوے اور وہ افسر اپنی موجودہ فوجی مشکلات کی اطلاع گورنر کو صرف اُس حالت مین کرے جب دربار کی بھی خواہش ہو۔ کیا آپ اس بات کو یقین کر لینگے کہ منٹ کا وہ کُل حصہ جسمین سے مین نے انتخاب کیا ہے چھوڑ دیا گیا ہے یا دیدہ و دانستہ چھپایا گیا ہے اور اسکے بجاے وہ عبارت جو مین اب پڑھتا ہون لکھدی گئی ہے۔

"فی الجملہ ہمکو اول یہ کام کرنا چاہیے کہ عارضی طور پر ایک چیدہ فوجی افسر کو (کپتان اے ڈیورنڈ صیغہ اخبار) مع ایک ادنے درجہ کے میڈیکل افسر کے چپ چاپ بھیجدینا چاہیے۔ یہ دونون جسوقت اور جہان ضرورت ہوگی دربار سے مدد لینگے۔ اور کوئی بے امتیازی نہ ظاہر کرینگے پس جس کام کے لیے یہ جاتے ہین اُسکا دربار کو شبہہ بھی پیدا نہوگا۔ اور معاملات متعلق بہ مشکلات فوجی مین یہ دونون دربار سے منظوری لے لیا کرینگے۔ جسوقت کہ ہمنے یہ بات ذہن نشین کردی کہ یہ سب کام ہمارے دربار کی بہبودی کے واسطے ہو رہے ہین

اُسوقت ہمارا مطلب ضرور حاصل ہو جائیگا رفتہ رفتہ یہ بات ثابت ہو جائیگی کہ یہ میری صلاح خراب نہین ہے - بلکہ مجھکو قوی امید ہے کہ اس صلاح کے ذریعہ سے وہ مطلب بلا مزاحمت حاصل ہو جائیگا جو لارڈ ڈفرنگ کے عہد حکومت مین سوچا گیا تھا اور بعد غور کرنے کے ترک کر دیا گیا تھا -

یہ انتخاب باستثنائے اُس ڈیڑھ سطر کے جسمین یہ ذکر ہے کہ ایک افسر عارضی طور پر گلگیٹ بھیجا جاوے باقی محض جعلی ہے - اور صرف یہی بات نہین ہے کہ یہ عبارت سر مارٹمر ڈیورنڈ کے منٹ مین نہین ہے بلکہ تمام ضروری باتون کے بارہ مین یہ سر مارٹمر موصوف کی رائے کے خلاف بیانی ہے - یہ کیا ہے کہ کہین تو سر مارٹمر کے ضروری فقرات کو بالکل دیدہ و دانستہ چھپایا گیا ہے اور کہین اُنکی جانب سے وہ الفاظ لکھدیے گئے ہین جو کہ اُنھون نے کبھی استعمال نہین کیے بلکہ جنکا مطلب اُنکے نوشتہ سے بالکل خلاف ہے -

مین پہلے کہہ چکا ہون کہ منٹ کے وہ حصص دیدہ و دانستہ چھپائے گئے ہین جنسے اُس پالسی کا اعتدال بخوبی ظاہر ہوتا ہے جو سکرٹری ریاستہائے غیر کو پسند آئے تھے اور جسکو وایسرائے نے منظور کیا تھا - جب اُس عبارت پر خیال کیجیے گا جسکا مضمون اخبار والے نے اپنی طرف سے گانٹھا ہے تو آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ کیا کیا فضول باتین لکھی ہین اور جو لوگ کہ سر مارٹمر ڈیورنڈ کے طرز عبارت سے واقف ہین اُنکو صاف معلوم ہو جاویگا کہ یہ اُن کی لکھی ہوئی نہین ہے - علاوہ برین اِس عبارت مین ایسی تجاویز بکثرت ہین جنسے کہ یہ پایا جاتا ہے کہ کشمیر کے بارہ مین ہماری پالسی بالکل بے ایمانی اور بددیانتی کی تھی - اِس قسم کے وہ فقرات ہین جنمین یہ ذکر ہے کہ جو افسران گلگیٹ کو جاوین وہ اسطرح سے کارروائی کرین کہ جس کام کے لیے یہ جاتے ہین

اُسکا دربار کو شبہہ بھی نہو" اور یہ بیان " کہ جسوقت ہمنے یہ بات ذہن نشین کر دی کہ یہ سب کام ہمارے دربار کی بہبودی کے واسطے ہو رہے ہین اُسوقت ہمارا مطلب ضرور حاصل ہو جائیگا" اور اسی مطلب کی بابت بعد مین لکھاہے کہ " جو لارڈ ڈلفرینگ کے عہد حکومت مین سوچا گیا تھا اور بعد غور کرنے کے ترک کر دیا گیا تھا -

تحریر اخبار کے مطابق منٹ سطور کے آخر مین عبارت ذیل تحریر ہے -
آخر کار سیجر بیلس منجانب دربار کشمیر کو جاوین اور بہتر انتظام ریاست کے لیے ایک پختہ اسکیم (تجویز) پیش کرین - کیونکہ فی الحقیقت آج کل ریاست کا انتظام نہایت خراب ہے - اس تجویز مین ہمارے اُن انتظامات کا مسودہ بھی شامل ہو جو ہمنے بنظر استحکام گورنمنٹ پالیسی کے کئے ہین - بعد انقضاے چھ ماہ کے ہم اس بات کا فیصلہ کرسکینگے کہ گلگیٹ کے مقام پر مستقل طور پر پولٹیکل ایجنسی اور سرحد کی حفاظت کی غرض سے کنٹنجنٹ فوج جسکے واسطے دربار نے روپیہ اور فوج سرکار کو دینا منظور کرلیا ہے رکھی جاوے - دستخط (ایچ ایم ڈیورنڈ - ۶ - مئی
بہت اچھا - (دستخط لارڈ ڈفرن - ۱۰ - مئی

ان فقرات کی بابت مین صرف یہ کہونگا کہ اول کا حصہ بالکل غلط ہے کیونکہ سرمارٹمر ڈیورنڈ نے ہرگز یہ مشورہ نہین دیا تھا کہ سیجر بیلس ریاست کے انتظام کی اسکیم پیش کرین بلکہ صرف یہ لکھا تھا کہ کچھ عرصہ بعد سیجر بیلس کشمیر کو جاوین اور وہان اس بارہ مین مشورہ کرین کہ دربار سے سرحدی حفاظت کے لیے کسقدر مدد ملیگی - آخری فقرہ محض جعلی ہے کیونکہ اصل منٹ مین لفظ " پالیسی " کے بعد کوئی لفظ نہین ہے - یہ بات تو ہے کہ آخر الذکر

امر کو والیسراے نے منظور کیا ہے لیکن اسطور پر نہین جیسا کہ جعلی عبارت مین لکھا ہے -

جو مقصد گورنمنٹ آف انڈیا کا ۱۸۸۹ع مین معاملات کشمیر مین دست اندازی کرنے کا تھا اور جن محدود شرائط کے سر مارٹمر ڈیورنڈ نے بمنظوری والیسراے اس دست اندازی مین پابندی لگا دی تھی ان سب باتون کو مین اوپر ظاہر کر چکا ہون - اب اس امر کا جتانا بیکار ہے کہ جو فقرات مین نے سر مارٹمر موصوف کے فرضی منٹ کے جعلی حصہ سے پڑھے ہین وہ کسقدر شرارت اور غلط فہمی سے بھرے ہوے ہین -

اُن لوگون کی جوابدہی بہت سخت ہے جو صرف اُن کاغذات کی تشہیر عام ہی نہین کرتے جو سراسر بہ ارتکاب جرم خیانت مجرمانہ حاصل ہوے ہون بلکہ اس بات کے دیکھنے کی بھی تکلیف گوارا نہین کرتے کہ یہ کاغذات اصلی اور صحیح ہین یا نہین -

اس معاملہ مین یہ جعلی خبر صرف اس غرض سے شائع کی گئی ہے کہ ہندوستان کے لوگون کو یہ یقین دلایا جاوے کہ جو کارروائی گورنمنٹ آف انڈیا نے حال مین کشمیر مین کی ہے وہ اُنھین مقاصد کے باعث ہوئی ہے جنکو اول درجہ کے ضروری سرکاری کاغذات مین اور نیز سکرٹری آف اسٹیٹ کی عام تقریرون مین جو محتشم الیہ نے برٹش پارلیمنٹ مین دی ہین ناجائز قرار دیا گیا ہے - اس ارٹکل کے شایع کرنے والون کو اُن غلط بیانیون پر جو یہ لوگ گورنمنٹ آف انڈیا کی بابت برابر کرتے رہے صبر نہوا اور اب بلا پس وپیش ایک خفیہ نوٹ کا تحریف شدہ مضمون اس غرض سے شایع کر ڈالا کہ گورنمنٹ کی اُسوقت کی راے اور کارروائی کا بالکل خلاف اور ناممل

ہے

حال ظاہر ہو - گورنمنٹ آف انڈیا کو نہ تو جب یہ خواہش تھی اور نہ اب ہے
کہ ریاست کشمیر کو نقصان پہونچاکر اپنا فائدہ کرے - اور ہماری جب بھی یہی
خواہش تھی اور اب بھی ہے کہ اس ریاست کی لیاقت اور عمدگی سے حکمرانی
ہو - اور ہمکو بہت ہی کم دست اندازی کرنی پڑے نہ ہماری خواہش یہ ہے
کہ کبھی آیندہ زمانہ مین بھی اس ریاست کی خودمختاری چھین لینے کی نیت
کرین - مجھکو امید ہے کہ رفتہ رفتہ ہماری صدق دلی کا اُن لوگون کو بھی
یقین آجاویگا جو برابر اس قسم کی غلط بیانیان سُن سُنکر جیسی کہ اس معاملہ
مین ہوئی ہین گمراہ ہوگئے ہین اور یقین ہے کہ جب ہمارے نکتہ چینون کی
ایسی کارروائیون کا جیسی کہ اس معاملہ مین ہوئی ہین حال منکشف ہوگا تو
سب لوگون کو خوب معلوم ہوجاویگا کہ ایسے متعصبانہ خیالات پیدا کرنے کے
لیے کیسی کیسی کارروائیان کیجاتی ہین - اس معاملہ سے کونسل کو آگاہ کرنا مینے
دو غرض سے اپنا فرض سمجھا - اول یہ کہ اس قسم کی بد چلنی کی جسکے انسداد
کے لیے یہ بل پیش ہے ایک مثال معلوم ہوجاوے - اور دوم یہ کہ عام طور پر یہ بات
ظاہر ہوجاوے کہ اس قسم کے معاملات مین قانون جدید کا نفاذ ہوا کریگا اور
وہ لوگ جو سرکاری کاغذات کو بلامنظوری شایع کرینگے اُس قانون کے منشاء
مین شامل ہونگے عام اس سے کہ خواہ ایسے کاغذات کے مہیا کرنے والون کا
پتہ لگے یا نہ لگے اور یہ کاغذات پورے شایع کیے جاوین یا ایسی تحریف شدہ اور قلم زدشدہ
صورت مین جیسے کہ معاملہ متذکرہ بالا مین تھے شایع کیے جاوین - [یہ تحریک
پیش کی گئی اور منظور ہوئی - اور اسکے بعد یہ بل پاس ہوکر قانون جاری
ہوا] -

نمبر ۳۲

اسپیچ بجواب ایڈریس مینونسپلٹی

راول پنڈی - ۲۴ - اکتوبر ۱۸۹۹ء

بتاریخ ۲۲ - اکتوبر روز سہ شنبہ بوقت ۱۰ بجے صبح کے حضور وائسرائے مع جنابہ لیڈی لینسڈون صاحبہ و دیگر اہالیان اسٹاف کے بغرض دورہ موسم خزان شملہ سے روانہ ہوئے شب کو مقام پنجور مین قیام فرمایا اور دوسرے روز انبالہ مین رونق افروز ہوئے - یہان سے نواب لفٹنٹ گورنر پنجاب جناب معظم الیہ کے ساتھ ہوئے اور راول پنڈی مین بتاریخ ۲۴ - اکتوبر بوقت ۲ بجے شام کے نزول اجلال ہوا - حضور وائسرائے مع لیڈی لینسڈون صاحبہ وغیرہ کے صاحب کمشنر کے مکان پر مقیم ہوئے - یہان مینونسپل کمیٹی راول پنڈی نے ایک ایڈریس مبارکباد کا پیش کیا - اس ایڈریس مین راولپنڈی کے گذشتہ تاریخی حالات اور اُسکا فوجی اسٹیشن ہونے کی ضرورت اور شہر کے لیے آب صاف کی بہم رسانی کا ذکر تھا - لارڈ لینسڈون کی آمد کے یادگار مین سردار کرپال سنگھ پریسیڈنٹ مینونسپلٹی اور اُنکے برادر زادہ نے ایک لائبریری نذر کرنے کا ارادہ کیا تھا یہ لائبریری انگریزون اور نیز ہندوستانیون کے لیے ہے اور یہ ارادہ کیا گیا تھا کہ وہ حضور وائسرائے کے نام سے موسوم کیجاوے -

حضور ہز اکسیلنسی نے بجواب ایڈریس یون ارشاد فرمایا -

مسٹر پریسیڈنٹ - وائس پریسیڈنٹ و ممبران مینونسپلٹی راولپنڈی

جسطرح پر کہ آپ نے میرا خیر مقدم کیا ہے اُسکا شکریہ تہ دل سے ادا کرتا ہون

یہ نہایت خوشی کی بات ہے کہ اس وسیع سرحدی دورہ کے اول ہی روز قیام مین مین نے آپکی دوستی کے ایسے اظہارات سنے - مین یقین کرتا ہون کہ آپ اس بات پر تعجب نہ کرینگے کہ کوئی جدید وایسراے اُن تدابیر مین دلچسپی ظاہر کرے جو حال مین بنظر استحکام ہمارے شمال سرحدی حفاظت کے کیگئی ہین یا مین بچشم خود اُن کارروائیون کے دیکھنے کی جو ابتک ہو چکی ہین خواہش ظاہر کرون اور حالات موقع سے اور زیادہ واقفیت حاصل کرون تاکہ یہ واقفیت اُسوقت کام مین آوے جبکہ اِس معاملہ کے متعلق گورنمنٹ ہند کو کبھی مزید کارروائی کرنی پڑے -

جیسا کہ آپ نے کہا ہے گورنمنٹ ہند کے مشیران فوجی کی راے مین راولپنڈی کا ہمیشہ سب سے زیادہ خیال رہا ہے اور آپکو اس امر سے اطمینان ہوگا کہ جب سے یہان زیادہ فوج رہنے لگی ہے تب سے آپکی مینوسپلٹی کی دولت اور سرسبزی مین زیادہ ترقی ہوگئی ہے - مین امید کرتا ہون کہ آپکے اس بارہ مین ذکر کرنے سے یہ پایا جاتا ہے کہ یہان کے شہر کی آبادی اور فوجی آبادی کے مابین بہت دوستانہ ربط ضبط ہے - واقعی یہ بات قابل خوشی ہے -

بدریافت اس امر کے کہ یہانکی مینوسپلٹی اُن فرائض کی انجام دہی مین جنکا برتاو یہان کے باشندون کے ساتھ ہونا چاہیے عدم توجہی ظاہر نہین کرتی ہین نہایت خوش ہوا - چنانچہ حال مین آپ نے یہان کے عوام کے لیے بہمرسانی آب خالص کا بندوبست کردیا ہے - مین یقین کرتا ہون کہ جو کوشش آپکو اس معاملہ مین کرنی پڑی ہین اُنپر آپ کبھی تاسف نہ کرینگے اور جو کچھ تکلیف اور خرچ آپکو اس بابت برداشت کرنا پڑا ہے اُسکا بڑا بھاری اور کافی اجر

آپکو ملیگا کہ یہان کے لوگون کی تندرستی اور آسایش مین ترقی ہوگی۔

سردار کرپال سنگھ۔ مین یہ خبر سُنکر نہایت خوش ہوا کہ آپکا اور نیز آپکے برادر زادہ سردار سجان سنگھ کا یہ منشاء ہے کہ علاوہ دیگر کارہاے رفاہ عام جو آپ کر چکے ہین اب اس شہر مین ایک لایبریری کا مکان بنوانا چاہتے ہین اور یہ کہ اس لایبریری سے ہر دو صاحبان انگریز و ہندوستانی مستفید ہو سکینگے اسمین شک نہین کہ ایسی لایبریری کے قائم ہونے سے ہر فرقہ کو بے انتہا فائدہ پہونچیگا اور مین امید کرتا ہون کہ سب لوگون کے لیے ایک عام دلچسپی کا ذریعہ ہاتھ آویگا۔ اگر آپ کا یہ ارادہ ہے کہ اس جدید لایبریری کو میرے نام سے موسوم کرین تو مین اس اعزاز کو تہ دل سے قبول کرتا ہون۔

اب صرف یہ اور کہنا چاہتا ہون کہ میری یہان تھوڑے قیام کی وجہ یہ ہے کہ مجھکو بے شمار کام ایسے درپیش ہین کہ جنکی وجہ سے مین اپنے سفر مین زیادہ توقف نہین کر سکتا۔

مسٹر پریسیڈنٹ و جنٹلمین۔ جس مہربانی اور اخلاق کے ساتھ آپ مجھسے پیش آئے ہین اسکو مین نہایت خوشی سے یاد رکھونگا۔ مین یقین کرتا ہون کہ اس مہربانی کو اُن خیر خواہانہ خیالات کا اظہار سمجھنا چاہیے جو آپ جناب ملکہ معظمہ دام اقبالہا کی اور اُس گورنمنٹ کی جانب رکھتے ہین جو جناب ممدوح کی اس ملک مین قائمقام ہے۔

نمبر ۳۳

اسپیچ لارڈ لینسڈون بجواب ایڈریس
مینوسپلٹی پیشاور - ۲۹ - اکتوبر ۱۸۹۲ء

والیسراے نے مع لفٹنٹ گورنر کے بمقام پیشاور بتاریخ ۲۸ - اکتوبر بوقت ۵ بجے شام نزول فرمایا - جناب محتشم الیہ کا استقبال صاحب کمشنر کے مکان پر کرنل او مینیی کمشنر اور دیگر افسران ڈویزن وضلع وجنرل کین کمان افسر ضلع اور ممبران مینوسپل کمیٹی ودیگر روساء شہر نے کیا - دوسرے روز ہز اکسیلنسی مع لیڈی لینسڈون صاحبہ وسر جیمس لائل ودیگر افسران فوجی وملکی شہر مین تشریف لیگئے جب ہز اکسیلنسی گورکوٹھڑی مین پہونچے جو نہایت قدیم اور تاریخی عمارت اس شہر کی ہے تو جناب محتشم الیہ کا استقبال ممبران مینوسپلٹی پیشاور نے کیا اور فارسی زبان مین اڈریس پیش کیا - کمیٹی نے اس بات کو نہایت مبارک خیال کیا کہ ایسے والیسراے تشریف لائے ہین کہ ہمیشہ سلطنت کی سرحدون کی حفاظت کرنا جنکا خاص حق ہے - اور ہز اکسیلنسی کے سرحدی شہر پیشاور مین رونق افروز ہونے سے ظاہر ہوتا ہے کہ جناب محتشم الیہ کو اپنی ذمہ داریون کی انجام دہی اور رعایا پروری کا بہت خیال ہے - بعد ازان کمیٹی نے اس شہر کے گذشتہ ۱۲ سال کے حالات اور عام ترقیات کا ذکر کیا - ہز اکسیلنسی نے جواب مین یہ فرمایا -

جنٹلمین - مین مجبور ہون کہ اُس زبان مین تقریر نہین کرسکتا جسمین آپ نے اپنا اڈریس پیش کیا ہے اور مین مسٹر مرک سے درخواست کرتا ہون

که جو کچھ مین کہون اُسکو اُن لوگون کو سمجھا دین جو زبان انگریزی سے واقف نہین ہین - مین آپکا ایڈریس نہایت خوشی کے ساتھ قبول کرتا ہون اور جسطور پر آپ نے میرا خیر مقدم کیا ہے اور جو خیرخواہانہ باتین مین نے ابھی سنی ہین اُنکا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہون - آپ نے فرمایا ہے کہ جس انگریزی لقب سے مین ممتاز ہون اُسکے بلاشک اول یہ معنی تھے کہ جو شخص اس لقب سے سرفراز ہوتا تھا وہ سلطنت کے سرحدی معاملات کا ذمہ دار ہوتا تھا مین امید کرتا ہون کہ مسٹر مرک میرے دوستون کو اس بات کا یقین دلا دینگے کہ مین اس قسم کے اہم معاملات کا جو کہ اثناء دورہ مین ضرور میری نظر مین آوینگے پورا خیال رکھونگا - گورنمنٹ آف انڈیا نے اس بات کو پورا پورا تسلیم کرلیا ہے کہ پیشاور ایک عظیم سرحدی شہر ہے اور اسی خیال سے مین اپنے اول ہی دورہ مین اس شہر کے دیکھنے کے واسطے آیا ہون - جو کچھ ذکر آپ نے اپنے ایڈریس مین اُن فوائد کے بارہ مین کیا ہے جو اس گرد و نواح کے لوگون کو عادلانہ حکومت ملکہ معظمہ سے حاصل ہوئے اُسکو سُنکر مجھکو بہت اطمینان ہوا - ملکہ معظمہ کی گورنمنٹ کی یہ خواہش دلی ہے کہ ہندوستان کے لوگون کو معلوم ہوجاوے کہ ہمکو اس ملک کے لوگون کی بہبودی اور سرسبزی کی بہت فکر ہے - بہت خوشی کی بات ہے کہ آپ تسلیم کرتے ہین کہ پیشاور مین گذشتہ ۴۰ برس کے عرصہ مین عام ترقی ہوئی ہے یعنی یہ کہ جان و مال کی حفاظت پوری پوری ہے - تعلیم کو ترقی ہے - ریلوے اور دیگر وسائل آمد و رفت روز بروز زیادہ ہوتے جاتے ہین اور ان وجوہات سے حاکم اور محکوم دونون کو طمانیت حاصل ہے -

جنٹلمین - مین آپکے اس خیرخواہانہ ایڈریس کو بحیثیت قائممقام ملکہ معظمہ

کے قبول کرتاہون اور جنابہ ملکہ معظمہ کو ضرور اطلاع دونگا کہ آپ لوگون کی یہ خواہش ہے کہ جنابہ ممدوحہ کو آپ لوگون کے خیرخواہانہ خیالات سے آگاہی ہو جاوے۔ آخر مین جو کچھ دعا آپ نے میری تندرستی اور سرسبزی کے واسطے دی ہے اُسکا دلی شکریہ ادا کرتاہون اور امید کرتاہون کہ اپنے عہد مین اُس مفید کام کو بہ کامیابی جاری رکھ سکون جو میرے پیشیر و صاحبان نے شروع کیا ہے اور جس سے اِس ملک کے لوگون کو اتنے عمدہ نتائج حاصل ہوے ہین جو ملاقات آپ سے اسوقت ہوئی اُسکو بخوشی تمام یاد رکھونگا اور جو ایڈریس کہ نہایت خوبصورت صندوقچہ مین آپ نے نذر کیا ہے اُسکو بطور خوش یادگار اس شہر مین آنے کی رکھونگا۔ [مسٹر مرک ڈپٹی کمشنر پیشاور نے ہز ایکسلنسی کی اسپیچ کا اردو مین ترجمہ سنایا اُسکے بعد ڈیپوٹیشن کے چند سربرآوردہ ممبران لارڈ لینسڈون کی خدمت مین پیش کیے گئے۔ بعد ازان ہز ایکسلنسی گورکٹری کی چھت پر تشریف لیگئے اور وہان سے شہر اور گرد و نواح کی سیر فرمائی۔]

نمبر ۳۴

اسپیچ لارڈ لینسڈون بجواب اڈریس اڈورڈس چرچ مشن ہائی اسکول پشاور

تاریخ ۲۹- اکتوبر ۱۸۸۹ء

گورکوٹری سے روانہ ہوکر ہزاکسیلنسی اڈورڈس چرچ مشن ہائی اسکول کو تشریف لیگئے - راستہ مین آل سینٹس چرچ مین بھی ہوتے گئے اسکول مین لارڈ اور لیڈی لینسڈون کا استقبال پادری ورتھنگٹن جوکس صاحب اور دیگر اہلکاران کالج نے کیا - جب ہزاکسیلنسی بڑے کرہ مین داخل ہوے تو قریب ۳۵۰ طالبعلمون نے جو گیلری مین بیٹھے ہوے تھے اور جنمین ہر طرح کے طلبا تھے بہت زور سے نعرۂ خوشی بلند کیے - جو اڈریس مبارکبادی کا پادری جوکس صاحب نے منجانب اسکول پڑھا تھا اُسکے جواب مین ہزاکسیلنسی نے حسب ذیل تقریر فرمائی -

مسٹر جوکس - جنٹلمین مشن - ماسٹران وطلبا مشن اسکول یہ اڈریس آپ کے ہاتھون سے لیکر اور ایسے مدارس سے واقف ہوکر جنھون نے کہ پہلے سُنا ہے بہت شہرت پائی ہے مین بہت خوش ہوا - بہ حیثیت افسر اعلیٰ ہونے گورنمنٹ آف انڈیا کے مین اُس نیک کارکردگی کو تسلیم کرتا ہون جو افغان چرچ مشن نے کی ہے - جب ہم سرحد پر آتے ہین تو ہماری توجہ معاملات حفاظت اور فوجی ریلون اور قلعون وغیرہ پر جو یہان تعمیر ہوئے ہین اور ہے

اُن افواج پر جو اِن قلعون مین رہتی ہین رہتی ہے۔ یہ بہت اطمینان کی بات
ہے کہ افغان چرچ مشن ہماری کوششون کی تائید مین ہر سال بہت سے
نوجوانون کو ایسی تعلیم دیتے ہین جسکی وجہ سے یہ لوگ وفادار اور لائق رعایاء
سرکار ہونگے اور اُنپر آئیندہ گورنمنٹ اعتماد کریگی۔
آپ نے اپنے سابق کے دو طلباء کے نام لیے ہین جو دونون نہایت مشہور
آدمی ہین اور جنھون نے کہ آپ کے مدرسہ کو بہت شہرت دی ہے مجھکو
یقین ہے کہ رفتہ رفتہ آپ کے مدرسہ مین ایسے بہت سے طلباء ہونگے
جنکے باعث شہرت ہوگی اور اُس نامور ملازم سرکار کی یادگار قائم رہیگی جسکے
نام سے یہ مدرسہ موسوم ہے۔ میرے خیال مین ہندوستانی آدمی کو تقلید
کرنے کے لیے سر ہربرٹ ایڈورڈس سے زیادہ لائق اور مشہور آدمی
نہین مل سکتا ہے جسنے کہ اِس مدرسہ کو بے انتہا فائدہ پہونچایا ہے اور جسکا نام
پیشاور کے باشندون کو ہمیشہ یاد رہیگا۔ یہان سے جانے سے پیشتر مین یہ کہنا
چاہتا ہون کہ مین طلبا سے ملاقات کرکے آج نہایت محظوظ ہوا۔ بہت سے
انگریز لوگ اپنے پُرانے مدرسون کی بہت شفقت کے ساتھ یاد کیا کرتے ہین
پس مجھکو امید ہے کہ یہان کے طلباء بھی اِس مدرسہ کو اپنا فخر سمجھینگے اور یہ
خیال کرینگے کہ وہ سب ملکر اِس مدرسہ کی ناموری قائم رکھنے کی کوشش کرین
اگر اِس موقع پر آپ کو نصیحت دینا مناسب ہو تو مین آپ لوگون کو یہ نصیحت
دیتا ہون کہ تعلیم کے اصلی معنے صرف کتابی تعلیم ہی نہین ہین بلکہ اِس سے
اور زیادہ مراد ہے پس جب تک کہ آپ اِس مدرسہ مین تعلیم پا وین آپ کو
یہ چاہیے کہ وہ برتر قسم کی تعلیم حاصل کرین جسمین صرف مدرسہ کے سبق یاد
کرلینے کی ہی لیاقت نہو بلکہ وہ خواص حاصل ہون جو عمدہ طالبعلم یا عمدہ

رعیت کے واسطے نہایت ضروری ہین - خیر خواہی - غرت حاکم وقت - انکساری اپنا پاس - صداقت (آپ کے اوپر دیوار پر الفاظ "غرت" اور "حق" کے لکھے ہین -) اور حمیت - یہ ایسے سبق ہین جو پڑھنے سے نہین یاد ہو سکتے ہین جب تک کہ ایسے پڑھنے کی تائید دیگر آثار سے نہو - اب مین یہ کہکر ختم کلام کرتا ہون کہ مین آپ کی بہبودی کی دل سے دعا مانگتا ہون اور پھر کہتا ہون کہ اس موقع پر آپ سے ملاقات ہونے کے باعث مجھکو بہت خوشی حاصل ہوئی - مسٹر جوکس جو ایڈریس کہ آپ نے پڑھا ہے اُسکا شکریہ ادا کرتا ہون اور میری یہ خواہش دلی ہے کہ اِن مدارس کو پوری پوری کامیابی اور سرسبزی حاصل ہو (زور سے اور متواتر نعرہ خوشی) -

[اسکے بعد طلبار نے انگریزی پشتو - اور عربی زبان مین کچھ برزبان یاد کیے ہوے اشعار سُنائے - دو افغانی طلبار نے شکسپیر ناٹک کنگ جان (بادشاہ جان) مین ہوبرٹ کا سین دکھایا - اُسکو دیکھکر ہز اکسیلنسی نہایت خوش ہوے اور اُنکی انگریزی لیاقت کی بہت تعریف کی - اسکے بعد ہز اکسیلنسی لارڈ لینسڈون اور ہر اکسیلنسی لیڈی لینسڈون کے لیے تین چیرس (نعرہ خوشی) پرنسپل نے دیے اور لڑکون نے اُسکو باآواز بلند کہا -

نمبر ۳۵

اسپیچ بوقت عطاے تمغہ سپاہیان
خیبر رئفلس پلٹن کو - ۳۱ - اکتوبر ۱۸۸۹ء

بتاریخ ۳۱ - اکتوبر ۱۸۸۹ء حضور والیسراے نے بمراہی کمانڈر انچیف ہندوستان و لفٹننٹ گورنر پنجاب پیشاور کے قلعہ کی فوج کا ملاحظہ فرمایا - اِس فوج مین چھ ہزار پیادہ اور ایک ہزار سوار تھے اور ۶ - توپین تھین - مارچ پاسٹ کے بعد تُرپ قطار مین چلنے لگے اُسوقت حضور والیسراے نے سات افسران غیر متعہدہ اور سپاہیان خیبر رئفلس پلٹن کو تمغے عطا کرنے شروع کیے - اِن لوگون نے کالے پہاڑ کی مہم پر نہایت عمدگی کے ساتھ کارزار کی تھی - بعد ختم ہونے اِس رسم کے حضور لارڈ لینسڈون نے یون ارشاد فرمایا -

سر فریڈرک رابرٹس - آپ کی اِس درخواست کی تعمیل کرنے مین مجھکو بہت مسرت حاصل ہوئی کہ پریٹ سے روانہ ہونے کے قبل مین سپاہیان خیبر رئفلس پلٹن کو تمغے عطا کرون -

آپ کی زبانی یہ بات معلوم ہوئی کہ جب گورنمنٹ آف انڈیا نے کالے پہاڑ کی مہم پر فوج بھیجنے کا ارادہ کیا تو خیبر رئفلس پلٹن نے اپنے کمان افسر کی معرفت یہ خواہش ظاہر کی کہ اُنکو اِس مہم پر بھیجا جاوے - چنانچہ چند سپاہی اِس رجمنٹ کے بھیجے گئے تھے - بدریافت اِس امر کے مجھکو بہت خوشی ہوئی کہ ان سپاہیون نے نہایت بہادری کے ساتھ آپ کے اطمینان کے قابل کام کیا -

لہذا یہ کہنا فضول ہے کہ ان تمغون کے عطا ہونے سے صرف اُن سپاہیون ہی کا اعزاز نہین بڑھا جنکو کہ یہ تمغے عطا ہوے ہین بلکہ کُل رجمنٹ کو افتخار حاصل ہوا ہے ۔

مین نہایت خوش ہونگا اگر ان سپاہیون کو یہ سمجھا دیا جاوے کہ اِس موقع پر مین پلٹن ہذا کی پریڈ اور شان سپہ گری دیکھکر اور اپنے روبرو سپاہیون کو تمغے عطا کرنے سے نہایت محظوظ ہوا ۔

کرنل وار برٹن پولٹیکل افسر خیبر پاس نے حضور والسرائے کی اسپیچ کا ترجمہ سپاہیون کو سُنایا ۔

نمبر ۳۶

اسپیچ لارڈ لینسڈون بوقت افتتاح پُل

قرم - ۸ - نومبر ۱۸۸۹ء

ہز اکسیلنسی وائسرائے اور ہز اکسیلنسی کمانڈر انچیف مع سر جیمس لائل سر جیمس براون سی - ایم - جی - اور بہت سے اہلکاران کے بتاریخ ۷ ماہ حال بوقت ڈیڑھ بجے دن کے ایڈوارڈس آباد مین رونق افروز ہوے - ڈپٹی کمشنر کے مکان پر جو ہز اکسیلنسی کے نزول کے واسطے تجویز کیا گیا تھا جناب محتشم الیہ کا استقبال افسران فوجی اور ملکی نے کیا - شام کے وقت سرکاری باغات مین بہت سے افسران ایڈوارڈس آباد کے ہز اکسیلنسی کے روبرو پیش کیے گئے - دوسرے روز صبح کے وقت ہز اکسیلنسی نے پُل قرم افتتاح فرمایا - ہز اکسیلنسی کے ہمراہ حکام ذیل تھے - کمانڈر انچیف لفٹننٹ گورنر پنجاب - سر جیمس براون - کرنیل کیمبل سی - بی - کمان افسر افواج سرحدی - کمشنر دیرہ جات - اور اہلکاران ہمراہی ہز اکسیلنسی اِس تعمیر کے بارہ مین مسٹر فینیر سپرنٹنڈنگ انجنیر نے وائسرائے کے روبرو ایک ایڈریس پڑھا -

ہز اکسیلنسی نے فرمایا کہ اِس مفید اور ضروری تعمیر کے ملاحظہ سے مجھکو بہت خوشی ہوئی - جسقدر فوائد کہ برٹش عملداری کے باعث اِس ملک کو حاصل ہوے ہین اُنمین سے سب سے زیادہ مفید اور دیرپا وہ فوائد ہین جو وسائل آمد و رفت کی اصلاح سے حاصل ہون - اور ایسی اصلاح کی وجہ سے

اور دیگر اصلاحات صرف متعلق بہ ترتیب فوج ہی نہین بلکہ تجارتی اور انتظامی ناممکن تھین - اُس عظیم سڑک مین جو دوہری ریلوے لائنون کو اور بعضے سرحدی بڑے بڑے فوجی مقامات کو ملاتی ہے - یہ پُل نہایت ضروری تھا - جو صاحبان یہان موجود ہین اُنمین سے بہت سے منجملہ اُنکے ہز اکسیلنسی کمانڈر انچیف اس بات کے شاہد ہین کہ سابق مین بوجہ اِسکے کہ چند موسمون مین دریاے قرم عبور نہین ہوسکتا تھا کسقدر توقف ہوتا تھا اور کیسے کیسے خطرات اور دقتین اُٹھانی پڑتی تھین - مین پنجاب گورنمنٹ کو اور اُن افسران کو جنکو اس پل کی تعمیر سے تعلق ہے دلی مبارکباد دیتا ہون کہ باوصف اُن مشکلات کے جو بلا مبالغہ ایڈریس مین درج ہین اس پُل کی تعمیر مین کامیابی رہی - مین اس بات مین آپ سے اتفاق کرتا ہون کہ اِس قسم کی تعمیرات پر اُن قومون کے نوکر رکھنے مین جو گرد و نواح کے اضلاع مین بود و باش رکھتے ہین بہت فائدہ ہے اور مین امید کرتا ہون کہ صرف اسی کام پر فرض نہین ہے بلکہ اور مختلف مقامات سرحدی پر جہان تعمیر جاری ہے اِنھین اقوام کو نوکر رکھا جاوے مجھکو یقین ہے کہ اِن لوگون کے مفسدانہ عادات دور کرنے کے واسطے اِس سے بڑھکر اور کوئی ترکیب نہین ہے - مین امید کرتا ہون کہ وہ وقت ابھی دور ہو جب مسلح فوج سرحد پر سلطنت کی حفاظت کے واسطے اِس پُل پر ہوکر جاوے اگر ایسا اتفاق ہوا تو اہل ملک اُن شخصون کے مشکور ہونگے جنھون نے ایسی سڑک نکالنے کی راے دی - اور اُن افسرون کے جنکی لیاقت اور محنت سے اس کام کا تکملہ ہوا - اب مین اِس پُل کو افتتاح کرتا ہون -

نمبر ۳۷

اسپیچ بجواب اڈریس باشندگان قطع

۱۶ - نومبر ۱۸۹۰ء

حضور والیسراے مع لیڈی لینسڈون صاحبہ کے قطع مین بتاریخ ۱۶ - نومبر بروز شنبہ بوقت ۶ بجے شام کے رونق افروز ہوے - اسٹیشن ریلوے پر جناب محتشم الیہ کا استقبال سر رابرٹ سینڈمین جنرل سر جارج وائٹ و افسران فوجی و ملکی قطع اور دیسی سردارون نے کیا جنمین خان قلات اور جام لوس بیلا اور دیگر دیسی عمائد شریک تھے - باشندگان قطع کی جانب سے ایک ڈیپوٹیشن نے حضور والیسراے کی خدمت مین ایک اڈریس پیش کیا اس اڈریس مین تحریر تھا کہ عرصہ چودہ سال کا ہوا جب شہر قطع سرکاری قبضہ مین آیا ہے اُسوقت اِس شہر مین صرف ایک چھوٹا سا بازار تھا اور خان کا ایک قلعہ تھا - لیکن اُس وقت کے بعد اب بہت سی ترقیان ہو گئی ہین - تعلیم اور علم ڈاکٹری کو ترقی ہے - اڈریس مین یہ بھی تحریر تھا کہ حال مین جو سیلابی ہوئی تھی اُس سے بہت آفات نازل ہوئی چنانچہ پانی کے نکاس کی ایسی تدبیرین کیجاتی ہین جسکے باعث یہ حادثہ پھر واقع نہو - گورنمنٹ سے اِس کام کے لیے اور تعلیم کے واسطے امداد چاہی گئی تھی حضور ہزاکسیلنسی کی خدمت مین یہ بھی درخواست کی گئی تھی کہ اِس جگہ مسافرون کا اور مال کا ریلوے محصول بہت زیادہ ہے - اڈریس کے آخرین یہ ذکر تھا کہ سر رابرٹ سینڈمن کے عاقلانہ انتظام اور مسٹر بارنس پولٹیکل اجنٹ کی کوششون

سے قطع کی موجودہ حالت مین نہایت سرسبزی ہوئی ہے۔حضور والیسراے نے
بجواب اڈیرلیس یون ارشاد فرمایا۔

جنٹلمین۔نہایت خوشی کا امر ہے کہ مجھکو یہان آنے پر آپ سے ملاقات
حاصل ہوئی اور مین نے اُن لوگون کے اظہار خیرخواہی سُنے جنکی جانب سے
کہ آپ لوگ مجھسے خطاب کر رہے ہین۔جو حیرت انگیز ترقی کہ اِس شہر قطع
نے اِس تھوڑے زمانہ مین جب سے یہ برٹش گورنمنٹ کے قبضہ مین آیا ہے
کی ہے اُسکا بیان آپ نے نہایت پسندیدہ اور پُرمعنی عبارت مین کیا ہے۔
اگر آپ یہ کہین تو بھی بجا ہے کہ سلطنت ہند کے اور کسی حصہ کو قلیل مدت
مین اِس سے زیادہ سرسبزی حاصل نہین ہوئی۔اور میری راے مین آپ کو
یہ بھی اندیشہ نہین کرنا چاہیے کہ جو ترقی زمانہ گذشتہ مین حاصل ہوئی ہے
وہ زمانہ آیندہ مین برابر نہ حاصل ہوتی رہیگی یا اُس ریل کی وجہ سے جو
جلدی تیار ہونے والی ہے آپ کا شہر قطع اِس ملک کے بڑے شہرون
مین نہ شمار ہونے لگیگا۔

بدریافت اِس بات کے مجھکو نہایت خوشی حاصل ہوئی کہ آپ یہان کے
لوگون کی صرف جسمانی بہبودی کی ہی فکر نہین کرتے ہین بلکہ آپ نے
آیندہ نسل کی دماغی ترقی کا بھی پورا سامان کر دیا ہے۔اور یہ بھی خوشی
کی بات ہے کہ آپ نے یہ سامان دونون لڑکون اور لڑکیون کے واسطے
کیا ہے آپ اطمینان رکھین کہ جو اپیل آپ ایک اسکول کی جانب سے کرنیوالے
ہین اُسپر گورنمنٹ خوب غور کریگی۔یہ سنکر مین بہت خوش ہوا کہ آپ کے
شہر مین ایک عمدہ اسپتال ہے اور اِس اسپتال مین آپ نے ایک زنانہ
وارڈ متعلق لیڈی ڈفرن فنڈ کے اضافہ کیا ہے۔اِس فنڈ کے انتظام سے

لیڈی لینسڈون کو ایک خاص دلچسپی ہے۔ مجھکو یہ سُنکر بہت افسوس ہوا کہ بوجہ طغیانی آپ کے شہر کو حال مین بہت سے نقصانات ہوئےہین لیکن مین امید کرتاہون کہ اس آفت کے انسداد کا انتظام کرنے مین آپ لوگون کو کچھ دقت نہ پیش آویگی۔

آپ کے ریلوے کا محصول بہ نسبت اور ریلون کے زیادہ ہونے کی یہ وجہ ہے کہ اس ریلوے کی تیاری مین بمقابلہ اور ریلون کے بہت کثیر صرفہ پڑا ہے لیکن یہ معاملہ قابل بحث ہے اور مین اس بارہ مین آنریبل ممبر صیغہ تعمیرات کا مشورہ لونگا۔ گورنمنٹ آف انڈیا کا یہ منشا نہین ہے کہ ایسے زیادہ محصول لگائے جاوین جنکے باعث تجارت بند ہوجاوے بلکہ ہماری دلی تمنا یہ ہے کہ حتی المقدور ہر ایک ذریعہ سے تجارت کو خوب حوصلہ دین۔

جو شہادت کہ آپ نے سررابرٹ سینڈمن اجنبٹ گورنر جنرل کی عقلمندی اور قوت انتظامی کی دی ہے اُسکو سُنکر مجھکو نہایت اطمینان ہوا سررابرٹ سینڈمن پر گورنمنٹ آف انڈیا کو پورا پورا اعتماد ہے اور اس حصۂ سلطنت ہند کے بارہ مین اُنکا نام ہمیشہ بکمال عزت یاد رہیگا۔

جو کچھ تعریف آپ نے مسٹر بارنس کی کی ہے اُس سے میرے اتفاق کرنیکا عملی ثبوت یہ ہے کہ مین نے مسٹر بارنس کو ایک ایسے عہدہ کے لیے منتخب کیا ہے جسمین بہت زیادہ لیاقت درکار ہے اور جو اُس صیغہ گورنمنٹ سے متعلق ہے جسکا مین خاصکر جوابدہ ہون۔

اے صاحبو مین یہ بات سُنکر نہایت مسرور ہوا کہ میری ابتدا اپنی مدت عہدہ مین یہان آنے سے آپ نے یہ مراد لی ہے کہ مین آپ کے شہر کے اور اس حصہ سرحد کے ساتھ نہایت دلچسپی رکھتا ہون۔ مین یقین کرتا ہون کہ جو موقع

اِسوقت مجھکو یہان آگراس بات کے دیکھنے کا ملا ہے کہ کیا کارروائی ہوچکی ہے
اور کیا باقی ہے اُس سے مجھکو نہایت فائدہ ملیگا۔

اپنی جانب سے اور لیڈی لینسڈون کی جانب سے اُن دوستانہ
مبارکبادیون اور دعاؤن کا شکریہ ادا کرتا ہون جو آپ کے ایڈریس کے
آخر مین درج ہین اور مین آپ کو یقین دلاسکتا ہون کہ آپ اطمینان رکھین
کہ مین آپ کی بہبودی اور سرسبزی مین دلی مذاق رکھتا ہون۔

نمبر ۳۸

اسپیچ بوقت دربار بمقام قطع

۲۰ - نومبر ۱۸۸۹ء

تاریخ ۲۰ - نومبر ۱۸۸۹ء بروز چہارشنبہ بوقت ایک بجے دن کے حضور وائسرائے نے بغرض ملاقات ہز ہائنس خان قلات و جام لوس بیلا و دیگر سرداران بلوچستان وغیرہ کے ایک دربار عام منعقد فرمایا - یہ دربار میونسپل ہال مین منعقد ہوا تھا - اور اسمین ہز اکسیلنسی سر فریڈرک رابرٹس و سر رابرٹ سنڈمن اور قطع کے جملہ فوجی اور ملکی افسر موجود تھے - جبکہ معمولی مراسم ادا ہو چکے تو خان قلات اور جام لوس بیلا حضور وائسرائے کی خدمت مین پیش کیے گئے حضور وائسرائے کھڑے ہوے اور یون ارشاد فرمایا -

یور ہائنس و سرداران قلات و بلوچستان - مجھکو اس دربار مین آپ سے اور جام لوس بیلا اور دیگر سرداران بلوچستان اور خانان اور ارباب سے ملکر نہایت خوشی حاصل ہوئی -

آپ کو یاد ہوگا کہ عرصہ دو سال کا منقضی ہوا جب میرے پیشرو قطع مین تشریف لانے کو تھے تو انکو آپ سے اسی طور پر ملاقات کرنے اور آپ سے اور دیگر سرداروں سے ذاتی دوستی پیدا کرنے کی امید تھی - اور مین یہ بھی جانتا ہون کہ جب یہ صلاح قرار نہ پائی تو لارڈ ڈفرن کو بہت ناامیدی ہوئی تھی کیونکہ انکی دلی خواہش یہ تھی کہ ایسے موقع پر اُس دوستانہ ارتباط کو جو گورنمنٹ ہند

اور اِس ملک کے حکمران و رعایا کے درمیان ہے عام طور پر استحکام دین —

مجھکو اِس بات کی خوشی ہے کہ لارڈ ڈفرن کے منشاء مین نے پورے کیے اور مین اِسکو نہایت خوش نصیبی سمجھتا ہون کہ مین ہی پہلا والیسراے ہون جسکو قطع مین آپ سے اور دیگر سردارون سے باہمی ملاقات کرنے کا موقع ملا-

عرصہ بارہ سال سے زیادہ گذرا کہ جب سر رابرٹ سینڈمن معتمد قائممقام جنابہ ملکہ معظمہ کی خصوصاً اُن متواتر کوششون کا جو مشارٌ الیہ نے زمانہ سفارت قلات مین ۱۸۷۶ء مین کی تھین یہ نتیجہ نکلا کہ مقام مستنگ پر وہ مشہور عہدنامہ عمل مین آیا جسکے چند روز بعد ہی لارڈ لٹن نے یعقوب آباد کا نامی دربار منعقد کیا تھا-

جو عہدنامہ کہ اُسوقت والیسراے نے اور آپ نے لکھا تھا وہ یہ ثبوت اِس امر کے تھا کہ آپ کے اور حکمران لوس بیلا اور بلوچی سردارون کے مابین صلح ہو گئی- چنانچہ بلحاظ امن و امان و استحکام حکمرانی اِس صلح کی اشد ضرورت تھی-

علاوہ برین ایک اور کام کی وجہ سے بھی اِس صلح کی بہت زیادہ ضرورت تھی اور وہ کام ایسا تھا کہ جسپر نہ تو ریاست قلات اور نہ گورنمنٹ ہند عدم توجہی ظاہر کر سکتے تھے - یعنے ہمارے دونون کے ممالک مین اور ہندوستان اور افغانستان کے مابین تجارت کا جاری ہو جانا- یہ ایسا کام تھا کہ تاوقتیکہ وہ خطرات جو سابق مین خاص تجارتی راستون مین حائل تھے دور نہ کیے جاتے اِسکا عمل پذیر ہونا غیر ممکن تھا-

اب ہم اُن فوائد پر غور کر سکتے ہین جو ۱۸۷۶ء کے عہدنامہ سے حاصل ہوے ہین - یہ فوائد اِس قسم کے ہین کہ انسے تمام لوگون کو کامل اطمینان حاصل ہوا ہوگا اور آپ کو بھی کچھ کم خوشی نہوگی - درۂ بولان اب ایک پُرامن و حفاظت شاہ راہ

ہو گیا ہے اور چونکہ بعد میں آپ نے بکمال عقلمندی اس بات پر رضامندی ظاہر کردی کہ جو محصول اُس مال پر جو اس راہ میں ہو کر گذرتا تھا سابق میں لیا جاتا تھا اُسکے عوض میں کچھ تعداد کمشت لیجاوے لہذا تجارت کو اور بھی فروغ پیدا ہو گیا۔ بنظر رفاہ عام اِس عہدنامہ کا کثیر صرفہ گورنمنٹ نے بخوشی تمام اپنے ذمہ لیا تھا۔

میرے خیال میں یہ بات کہنا صحیح ہے کہ اِس ملک میں ایسا کوئی سردار یا تاجر نہیں ہے جسکی دولت میں بوجہ ان عمدہ تبدیلیوں کے افزونی نہوئی ہو اور عام رعایا کو تو بوجہ اس امر کے کہ خطرات اور اندرونی فسادات سے خلاصی ملی ہے خوب بہبودی اور سرسبزی حاصل ہوئی ہے۔

علاوہ درۂ بولان کی سڑک کے اور سڑکیں بھی تیار ہو گئی ہیں اور آپ کے ملک کو ہندوستان سے تجارت کرنے کے لیے سیدھا راستہ ہاتھ آ گیا ہے۔ لیکن یہ خیال کرنا کہ ان اصلاحات سے صرف تجارت کو ہی فائدہ ہوا ہے سراسر غلطی ہے۔ بلکہ خوشی کی بات تو یہ ہے کہ انکی وجہ سے آپ کی ریاست اور گورنمنٹ ملکہ معظمہ میں باہمی رابطہ اتحاد کو اور بھی استحکام حاصل ہوا ہے۔ ماسوا اسکے آپ کو تو یہ معلوم ہو گیا ہے کہ اب آپ بیرونی حملہ جات سے محفوظ اور بیفکر ہیں مگر یہ بات اُسوقت ممکن نہیں تھی جب کہ آپ کا ہم سے دوستانہ تعلق نہوتا۔ اور برٹش گورنمنٹ کو آپ کی منظوری اور منصفانہ شرائط کے ساتھ اس حصۂ سرحد پر اپنی حکومت کو مستحکم کرنے کا اور اپنی اور اپنے دوستوں کی جنمیں آپ بھی شامل ہیں حفاظت کرنے کا موقع ملا ہے۔ اور پھر اس عہدنامہ سے ایک یہ فائدہ کیسا بڑا ہے کہ اُن ممالک میں جو درّوں کی جانب مشرق و مغرب واقع ہیں ہم دوامی طور پر

ایک ریلوے لائن نکال سکتے ہین۔

اِس لائن کے ایک حصہ پر سفر کرنے کا مجھکو حال مین موقع ملا ہے اور مین اُن انجنیرون کی بہادری اور ہوشیاری پر آفرین کہتا ہون جنھون نے نہایت مہیب قدرتی مزاحمات کے مقابلہ مین اس کام کو جاری رکھا ہے۔ بہت خوشی کی بات ہے کہ یہ لائن جلد تر تکمیل پا چکیگی۔

اِس جدید انتظام ۱۸۷۶ء کے بعد جو پولٹیکل واقعات ظہور مین آئے ہین اُنسے ثابت ہوتا ہے کہ جس پالسی پر یہ انتظام مبنی تھا وہ نہایت عقلمندی کے ساتھ سوچی گئی تھی اور یہ کہ ہردو فریقون نے اسکی پابندی نہایت ایمانداری کے ساتھ کی ہے۔

یعقوب آباد کے عہدنامہ کو دو سال مشکل سے گذرے ہونگے کہ دوسری جنگ افغانستان کی شروع ہوئی۔ اور اس جنگ مین خان قلات کی وفاداری کی آزمایش ہوگئی۔ کیونکہ بعد لڑائی کے لارڈ رپن نے آپ کی اور دیگر اعلی سردارون کی دوستی اور وفاداری کی داد دی تھی اور جو امداد کہ سرکاری افواج کو مہم افغانستان مین آپ نے دی تھی اُسکا شکریہ ادا کیا تھا۔

مجھکو یقین ہے کہ اگر خدانخواستہ اِس قسم کا پھر کوئی افتاد ہو۔ تو آپ اپنی صاف صاف کارروائی سے یہ ثابت کر دینگے کہ آپ اُن فوائد کے جو آپ کو ہماری ماتحتی مین حاصل ہین پورے پورے قائل ہین اور جو عہدوپیمان کہ آپ نے کیے ہین اُنکی پابندی کرنے کے لیے آپ ہر وقت آمادہ ہین۔

مین یقین کرتا ہون کہ آپ اور آپ کے سردار لوگ اِس بات کی داد دینگے کہ ہمنے اپنی جانب سے اُن شرائط کی کتنی ایمانداری سے پابندی کی ہے جو کہ ہمنے آپ کے ساتھ کیے تھے۔ وہ نامور افسر جسکے سپرد کہ آجکل بلوچستان کی

اجنبی ہے شروع سے ہی آپ کا دلی دوست ہے اور مین جانتا ہون کہ آپ کو اور آپ کے سردارون کو اِسپر پورا پورا اعتبار ہے۔

جو کامیابی سر رابرٹ سینڈمن کو حاصل ہوئی ہے اور جو امداد کہ اُنکو گورنمنٹ ہند سے اور آپ لوگون سے ملی ہے اُسکی خاص وجہ یہ ہے کہ وہ اِس بات کو خوب سمجھے ہوے ہین کہ ہماری ہر معاملہ مین یہ خواہش رہی ہے کہ آپ کے حقوق اور قدیمانہ رسم و رواج کا کامل لحاظ رکھین اور آپ کے خانگی اور مقامی معاملات مین دخل نہ دین۔ جب کبھی ایسا کرنے کا موقع ہوا ہے تو ہمنے آپ کے فرقون کی کونسلون پر اور اُن قواعد مروجہ وقت پر اعتماد کیا ہے جنکی روسے خان قلات اور اُن کے دیگر سردارون کے مابین تعلقات قائم ہین۔

جو کچھ کہ مین نے اَب تک کہا ہے وہ زیادہ تر اُس ملک کے بارہ مین کہا ہے جو آپ کے زیر حکومت ہے۔ لیکن اُن خانون اور ارباب اور دیگر احباب سے بھی جو یہان تشریف رکھتے ہین اور اب جنابہ ملکہ معظمہ کی رعایا ہین کچھ کہنا چاہتا ہون۔ اِس بات کو بشکل تمام عرصہ دس سال کا گذرا ہوگا کہ جنگ افغانستان مین اضلاع پشین سیبی۔ وتہال چھوٹیالی سرکار کے قبضہ مین آئے تھے۔ اُسوقت سے یہ اضلاع برٹش انڈیا کا حصہ قرار دیے گئے ہین۔ اور ملک ککر بھی اور وادی کھیتران تو ہماری عملداری مین حال مین ہی آئے ہین۔ اِس عرصہ مین آپ کو اِس بات کا پورا موقع ملا ہے کہ آپ برٹش حکومت کو خوب سمجھ گئے ہون۔ مین امید کرتا ہون کہ آپ کو یہ معلوم ہوگیا ہوگا کہ ہماری سلطنت کی بنیاد عدل پر ہے اور ہم نہ تو سخت و شدید ٹکس لگاتے ہین نہ آپ کے خانگی معاملات مین دست اندازی

کرتے ہین - ہماری یہ خواہش رہتی ہے کہ آپ کے قدیمانہ رسم و رواج کا
اسقدر لحاظ کرین کہ جس مین اور لوگون کی حق تلفی نہ ہو برٹش گورنمنٹ
کی یہ دلی تمنا ہے کہ تمام رعایا سرسبز شاکر اور خوش رہے - علاوہ برین ریلوے
کی توسیع سے جسکا ذکر مین ابھی کرچکا ہون اور آپ کے اضلاع مین پختہ کنکر
کی سڑکون کے بن جانے کے باعث اور مقام پشین مین چند ضروری نہرون
وغیرہ کے جاری ہونے سے آپ کے ملک مین دولت آنے کے ذرایع پیدا ہوگئے
ہین اور آپ کے سیکڑون آدمیون کی معاش کی صورت نکل آئی ہے - جو
اعتماد کہ برٹش گورنمنٹ کو آپ پر ہے اُسکا ثبوت گورنمنٹ نے اِس
طور پر دیا ہے کہ جب کبھی موقع ہوا ہے تو آپ سے کسی معاملہ مین امداد لی گئی
ہے - امن وامان کا انتظام کرنے کے لیے آپ کی مقامی جماعتون سے کام لیا جاتا
ہے اور کُل معمولی فرائض انتظام ملکی کے آپ کے جرگون کے سپرد کردیے گئے
ہین - چنانچہ ان کُل عنایات کے معاوضہ مین گورنمنٹ اِس بات کی توقع
رکھتی ہے کہ آپ خیرخواہی اور وفاداری کے ساتھ اپنی خدمات انجام دین
اور اِس بات کے معلوم ہونے سے مجھکو بہت خوشی ہوئی کہ آپ نے سابق
مین اسی طور سے خدمات انجام دی ہین - مجھکو یقین کامل ہے کہ اگر آپ
کو موقع دیا جاوے تو اب بھی آپ اُسی طور پر اپنی خدمات کو انجام دینگے -
اِس امر کا آپ اطمینان رکھین کہ برٹش گورنمنٹ بہت قوی اور
مستحکم ہے اور اُن لوگون کو کبھی فراموش نہین کرتی جو کہ اُس کی
عنایات کے مستحق ہین -

مین یہ بھی کہنا چاہتا ہون کہ مین آج یہان اُن چند قائمقامان تاجرون
کو دیکھکر نہایت خوش ہوا جنکی سرگرم اور پُرجوش کوششون کی وجہ سے

قطع کے سرسبز شہر کو یہ رونق حاصل ہوئی ہے۔
صرف اَب یہ کہنا باقی ہے کہ اِس ملک کو دیکھکر اور آپ سے اور سردارون سے ذاتی ملازمت حاصل کرکے نہایت محظوظ ہوا ہون مین آپ سے رخصت ہوتا ہون اور آپ کو یقین دلاتا ہون کہ میری یہ دلی آرزو ہے کہ آپ کے حقوق کو برقرار رہنے دون اور آپ کی سرسبزی مین ترقی کرنے کی کوشش کرون۔ مین امید کرتا ہون کہ آپ ہمیشہ مجھکو اپنا سچا دوست اور دلی خیرخواہ خیال کرینگے۔

نمبر ۳۹
اسپیچ بجواب ایڈریس منیونسپلٹی لاہور
۲۳- نومبر ۱۸۸۹ء

حضور والیسرائے مع جنابہ لیڈی لینسڈون صاحبہ کے قطع سے روانہ ہوکر بتاریخ ۲۳- نومبر بوقت ۱۰ بجے لاہور مین رونق افروز ہوے- اسٹیشن ریلوے پر ہندوستانی سردار اور فوجی اور ملکی افسرون کا بہت بڑا ہجوم تھا- سر جیمیس لائل نے حضور والیسرائے کے روبرو چند خاص خاص اشخاص کو پیش کیا- اسکے بعد ممبران مینو نسپل کمیٹی لاہور نے ایک ایڈریس پیش کیا- ایڈریس کے جواب مین حضور والیسرائے نے یون ارشاد فرمایا-

جنٹلمین- جو خیر خواہانہ ایڈریس کہ آپ نے منجانب باشندگان لاہور پیش کیا ہے اُسکا شکریہ تہ دل سے ادا کرتا ہون- مین اِسوجہ سے اور زیادہ خوش ہون کہ جو خوشی مجھکو بعد کسیقدر طویل سرحدی دورہ کے اِس صوبہ کی دار الخلافتہ مین آنے سے حاصل ہوئی ہے اُسکے اظہار کرنے کا آپ نے مجھکو بہت جلد موقع دیا- اُن لوگون کو جنکو کہ گورنمنٹ ہند سے تعلق ہے آپ کے شہر کی بہت عزت کرنی چاہیے کیونکہ اول تو آپ کے شہر کے تاریخی حالات اس قسم کے عزت کے قابل ہین علاوہ برین آج کل بھی اس شہر کا رتبہ بہت عظیم ہے کیونکہ یہ شہر کل پنجاب کے تمدنی سلسلہ کا مرکز ہے جو ثبوت کہ آپ نے اپنے خیر خواہ اور رفیق برٹش تاج ہونے کا دیا ہے اور جو رضامندی کہ آپ نے

اُن نتائج کے بارہ مین دی ہے جو برٹش حکومت سے اِس ملک کو حاصل ہوئی ہین
اسکو سنکر مین بہت خوش ہوا - میری راے مین آپ کا یہ کہنا بہت درست ہے
کہ جو فوائد کہ برٹش رعایا کو حاصل ہین وہ کچھ معمولی قسم کے نہین ہین - اور
منجملہ اُن فوائد کے آپکا اُن برکات کو ترجیح دینا بہت بجا ہے جو بوجہ امن وامان
وحفاظت جان ومال حاصل ہین - اب چونکہ آپ کی ایسی راے ہے تو مین
خیال کرتا ہون کہ آپ اس امر کے شاکی نہونگے کہ مین نے اپنے اول موسم
خزان کے دورہ مین یہ بات مدنظر رکھی کہ آپ کے سرحدی اضلاع سے اور
اُن تدابیر سے جو ان اضلاع کے بیرونی حملہ جات سے محفوظ رکھنے کے لیے عمل مین
لائی گئی ہین کچھ واقفیت حاصل کرون -

جو ذکر کہ آپ نے جنابہ ملکہ معظمہ دام اقبالہا کے نبیرہ ہزرائل ہائنس
پرنس البرٹ وکٹر کے ہندوستان مین رونق افروز ہونے کے بارہ مین
کیا ہے اُسکو سنکر مین نہایت خوش ہوا - ہزرائل ہائنس البرٹ وکٹر کے
ہندوستان مین تشریف لانے سے جو مراد آپ نے لی ہے وہ بہت درست
ہے یعنی جناب محتشم الیہ کی رونق افروزی اُس دلچسپی کا اظہار ہے جو جنابہ
ملکہ معظمہ دام اقبالہا اور جناب ولیعہد صاحب اس سلطنت ہند سے رکھتے
ہین اور مین آپ کو نہایت خوشی کے ساتھ مطلع کرتا ہون کہ شاہزادہ موصوف
چند روز کے لیے ضرور شہر لاہور مین رونق افروز ہونگے اور ہزآنر لفٹنٹ گورنر
کے جو کہ اس صوبہ مین معتمد اعلیٰ افسر گورنمنٹ ہین مہمان رہینگے -

اَب مجھکو صرف اُن دعاؤن کا شکریہ ادا کرنا باقی ہے جو آپ نے میری
تندرستی اور کامیابی کے واسطے مانگی ہین - مین آپ سے سچ کہتا ہون کہ جو
ایام میرے سرحد پنجاب پر قیام مین صرف ہوئے ہین اُنہین بوجہ اس جگہ کے

نفیس اور صحت بخش آب وہوا کے میری طبیعت بہت عمدہ اور پُر فرحت ہی
ہے۔ اور اِس صوبہ مین آکر صرف یہی بات نہین حاصل ہوئی کہ میری تندرستی
عمدہ ہوگئی ہو۔ بلکہ یہ ایسا مقام ہے کہ جسکے بارہ مین بڑے بڑے نامی پبلک
معاملات تاریخ ہندوستان مین درج ہین اور اِس صوبہ کے صرف افسرون ہی
پر فرض نہین ہے بلکہ سردار اور حاکم ہمیشہ بڑے لائق اور نامی گرامی شخص رہتے
چلے آئے ہین۔ مجھکو یقین کامل ہے کہ وایسرائے کے لیے صوبۂ پنجاب
سے پوری پوری واقفیت حاصل کرنے مین بہت بڑے فوائد ہین لہذا مجھکو سخت
افسوس ہے کہ مین یہان زیادہ عرصہ تک قیام نہین کرسکتا۔

مین آپ کا اڈریس بہ مشکوری تمام قبول کرتا ہون۔ اور تہ دل سے امید
کرتا ہون کہ مین اس ملک کی گورنمنٹ اسطور پر کرون کہ جسکے باعث آپ
لوگون کو بہبودی حاصل ہو۔

نمبر ۴۰
اسپیچ لارڈ لینسڈون بوقت افتتاح مشن کالج لاہور
۲۵- نومبر ۱۸۸۹ء

بتاریخ ۲۵- نومبر بروز دوشنبہ بوقت ۸ بجے صبح کے والیسراے نے مشن کالج لاہور افتتاح فرمایا- ہز اکسیلنسی کے ہمراہ لفٹننٹ گورنر بھی تھے ڈاکٹر ایونگ نے ایک ایڈریس پڑھا جسمین کل تاریخی حال اس مدرسہ کا درج تھا- جواباً ہز اکسیلنسی نے تقریر ذیل فرمائی-

ڈاکٹر ایونگ- یور آنر- مائی لارڈ بشپ- لیڈیز اور جنٹلمین- مین نے وہ دلچسپ باتین جو ڈاکٹر ایونگ نے بہ تائید اس درخواست کے بیان کی تھین کہ مین باضابطہ اس مدرسہ کو افتتاح کرون بہت غور سے سُنی ہین مین خیال کرتا ہون کہ جس کسی نے ڈاکٹر موصوف کی بات سنی ہوگی اُسکو یہ یقین ضرور آگیا ہوگا کہ اس کالج کی آیندہ حالت پر اعتماد کرنے کی اور یہ باور کرنے کی کافی وجہ موجود ہے کہ اس کالج نے اُس قدردانی کا استحقاق پورے طور پر پیدا کرلیا ہے جو پراونشل گورنمنٹ نے کی ہے- مین دونون معنون مین کہتا ہون کہ جس بنیاد پر آپ عمارت تعمیر کر رہے ہین وہ قابل اعتبار اور مضبوط ہے- جو کچھ نفیس کارگزاری کہ بورڈ مشن پریسبٹیرین چرچ یونائیٹڈ اسٹیٹس نے اس شہر مین کی ہے اسکا مین طویل ذکر نہین کیا چاہتا لیکن یہ بات کہنے سے باز نہین رہ سکتا کہ صرف ہندوستان مین ہی نہین- بلکہ ہر ایک حصہ دنیا مین یعنے

امریکہ - چین - جاپان - فارس - عرب مین اس بورڈ نے مفید تعلیم
کو خوب وسعت دی ہے اور اُن اقوام پر جنسے کہ اس بورڈ کے قائمقامان کا
سابقہ رہا ہے بہت انسانیت کا اور عمدہ اثر ڈالا گیا ہے - شاید یہ بات صحیح
ہے کہ مجملاً تمام حصص دنیا مین قریب ۱۶۰۰ مشنری ملازم ہین - ہندوستان
پر بھی اس بورڈ کا کچھ خفیف احسان نہین ہے اور صرف اِسی صوبہ مین -
مین یقین کرتا ہون کہ آپ کے شاگردون کی تعداد ۷۰۰۰ کے قریب ہوگی -
مین بہت خوش ہون کہ میرے یہان آنے سے میری قدردانی اُن عام
خدمات کی بابت ثابت ہوتی ہے جو بورڈ نے کی ہین - اور اگرچہ آپ اور
آپ کے امریکہ کے ساتھی ملکہ معظمہ کی رعایا نہین ہین لیکن یہ بات تو ہے کہ
آپ اُسی برٹش قوم مین سے ہین جسکا دونون انگریزون اور امریکہ کے رہنے والون
کو فخر ہے - خواہ کسی حصۂ دنیا مین کیون نہون مین امید کرتا ہون کہ آپ کی
رعایا اور ہماری رعایا باہم ملکر اسی طور پر مفید کام کرینگی جس طور پر کہ آپ نے
ہمارے ساتھ اس صوبہ مین کیے ہین - چونکہ مین بھی قریب پانچ برس کے
یونائیٹڈ اسٹیٹس (ممالک متحدہ) کے گردنواح مین رہا ہون مجھکو اس بات کی
خوشی ہے کہ ایسا موقع ہاتھ آیا جسکی وجہ سے مین وہان کے قائمقامون سے
اپنی دلی دوستی کا اظہار کرسکتا ہون - اِس موقع پر ریورنڈ مسٹر نیوٹن
اور ریورنڈ مسٹر فورمین سے ملاقات ہونے سے مجھکو بہت خوشی ہوئی
ہے - اِن دونون صاحبان نے قریب ۴۰ سال کے منقضی ہوے جب سے
مشن کی جانب سے لاہور مین تعلیم کا کام شروع کیا ہے - اِن دونون
صاحبان کو یہ معلوم ہونے سے بہت اطمینان ہوا ہوگا کہ جو تخم ریزی
اُنھون نے اِس ملک مین کی ہے اُسکو زمین بہت موافق ملی ہے اور جو مدرسہ

کہ اول مین ان دونون صاحبان کے اہتمام سے شروع ہوا تھا اُسکی گورنمنٹ صوبہ ہذا نے ایسی قدردانی کی ہے۔ مجھکو یقین ہے کہ یہ کالج برابر اُس امداد کا مستحق رہیگا جو پراونشل گورنمنٹ نے نہایت عقلمندی کے ساتھ عطا فرمائی ہے۔ اب میرا صرف یہ کام ہے کہ اس عمارت کو افتتاح کرون۔ اسوقت مین یہ دلی دعا مانگتا ہون کہ جو کالج اس عمارت مین رہیگا اُسکو آیندہ کامیابی اور سرسبزی حاصل ہو۔

نمبر ۱۴

اسپیچ بوقت نصب کرنے سنگ بنیادی بورڈنگ ہوس نسوان لاہور۔ ۲۵۔ نومبر ۱۸۸۹ء

بتاریخ ۲۵۔ نومبر ۱۸۸۹ء ہز اکسیلنسی لیڈی لینسڈون صاحبہ نے بورڈنگ ہوس نسوان لاہور کا سنگ بنیادی نصب فرمایا۔ یہ مدرسہ پنجاب کی شاخ ڈفرن فنڈ کے متعلق تھا۔ شرکاء جلسہ مین سرجمیس ولیڈی لائل اور دیگر بہت سے اصحاب تھے۔ ایک ایڈریس کمیٹی منتظم ڈفرن فنڈ شاخ پنجاب کی جانب سے لیڈی لینسڈون صاحبہ کی خدمت مین پیش کیا گیا۔ اِس ایڈریس مین لیڈی صاحبہ موصوفہ کا شکریہ ادا کیا گیا تھا کہ نہایت مہربانی سے سنگ بنیادی نصب کرنا منظور فرمایا۔ علاوہ برین مجوزہ بورڈنگ ہوس کا کچھ حال درج تھا۔ ایڈریس کے جواب مین حضور ہز اکسیلنسی لارڈ لینسڈون نے یون ارشاد فرمایا۔

ہز آنر۔ لیڈیز وجنٹلمین۔ لیڈی لینسڈون نے مجھسے درخواست کی ہے کہ اُنکی جانب سے اِس امر کا اظہار کرون کہ اُنکو اِس جدید عمارت کا سنگ بنیادی نصب کرنے مین نہایت خوشی حاصل ہے۔ جب سے کہ لیڈی لینسڈون ہندوستان مین آئی ہین یعنی ہمکو اِس ملک مین آئے قریب ایک سال کے ہوا ہے آنھون نے حتی الامکان ایسی کوشش کی ہے کہ جو نیک کام آنکی پیشرو لیڈی ڈفرن صاحبہ نے شروع کیا تھا اُسکو برابر جاری رکھین۔ لیڈی لینسڈون نے یہ کوشش کچھ تو اُس دلی دلچسپی کے

جناب

خیال سے کی ہے جو لیڈی ڈفرن صاحبہ کے ساتھ ہے جنہون سنے کہ یہ درخواست کی تھی کہ لیڈی لینسڈون اِس معاملہ مین پوری نگرانی اور کوشش کرین اور ایسا نہو کہ اُنکی (لیڈی ڈفرن کے) ہندوستان سے چلے جانیکے باعث اِس معاملہ کو نقصان پہونچے - اور کچھ کوشش اِس وجہ سے کی ہے کہ اُنکو خود یہ امر بخوبی معلوم ہے کہ اِس ملک مین ڈفرن فنڈ سے کثیر فوائد حاصل ہونگے -

لیڈی لینسڈون کو اِس بات کی ازحد خوشی ہے کہ اُنکی کوششون کی اِس صوبہ مین اور خاصکر اِس شہر مین بخوبی تائید ہوتی ہے - مین چاہتا ہون کہ اب تک جو روپیہ کمیٹی کے پاس تھا وہ صرف اس کام آتا تھا کہ اُسکے ذریعہ سے اور اور مدارس وغیرہ کو امداد دیجاوے - لیکن اب آپ کا ارادہ ایک ایسی عمارت کے بنانے کا ہے کہ جس سے اِس فنڈ کا سب سے عمدہ کام نکلیگا یعنے آپ ایسا مکان بنوا دینگے جسمین اُن نسوان طلبہ کو رہنے کے لیے جگہ ملیگی جو اِس شہر مین اسپتالون یا میڈیکل مدرسون مین تعلیم پاتی ہین -

مین یقین کرتا ہون کہ لیڈی لینسڈون مجھسے اُس خوشی کا اظہار بھی کرانا پسند کرینگی جو اُنکو اِس صوبہ کے اتنے سردارون اور شرفا کے اِس جلسہ مین تشریف لانے کے باعث حاصل ہوئی ہے - اُنکو معلوم ہے کہ جب تک اِس معاملہ مین اِس ملک کے لوگ دلی امداد نہ دینگے کامیابی حاصل نہ ہوگی اور یہ کہ صرف یہی بات کافی نہین ہے کہ ایسا اتفاقیہ فیاضانہ زرعطا یا وصول ہوجایا کرے جیساکہ حال مین مہاراجہ صاحب بہادر کشمیر نے بکمال دریادلی عطا فرمایا ہے اور جس سے فنڈ کو وافر امداد ملی ہے بلکہ اگر اِس فنڈ کی دوامی صورت پیدا کرنی مقصود ہے تو کل ہندوستان کے لوگ اسکی امداد کرین - لہذا اُنکو

اس بات سے نہایت خوشی حاصل ہوئی ہے کہ صوبہ پنجاب مین اس قسم کی امداد نہایت فیاضی کے ساتھ دیجاتی ہے۔

بہ تعمیل آپ کی درخواست کے لیڈی لینسڈون جدید بورڈنگ ہوس کا سنگ بنیادی نصب کرنے کے لیے تیار ہین۔

نمبر ۴۲

اسپیچ لارڈ لینسڈون بوقت جلسہ پنجاب یونیورسٹی

۲۶ - نومبر ۱۸۸۹ء

پنجاب یونیورسٹی کا نوان جلسہ گورنمنٹ کالج لاہور کے ہال مین تاریخ ۲۶ - نومبر بروز سہ شنبہ بوقت دوپہر منعقد ہوا جسکے صدر نشین چانسلر یعنے سر جیمس لائل لفٹنٹ گورنر پنجاب تھے - مارکوئیس آف لینسڈون بہ حیثیت مربی یونیورسٹی تشریف فرما تھے اور چانسلر کے برابر بیٹھے تھے - ہال مین ایک کثیر ازدحام تھا جسمین فیلوز - گریجوائٹس وانڈر گریجوائیس اور اور تماشائی لوگ وغیرہ تھے - جب رجسٹرار سالانہ رپورٹ پڑھ چکے تو سینٹ نے ایک رزولیوشن پاس کیا اور والیسراے کو ڈاکٹر آف لٹریچر کی آنریری ڈگری پانے کے قابل قرار دیا - اُسکے بعد چانسلر نے بہ امداد وائس چانسلر اور رجسٹرار کے ہز اکسیلنسی کو ڈگری عطا کی - بعد ازان پاس شدہ طلبا کو ڈگریان دی گئین - جب یہ ہو چکا تو والیسراے کھڑے ہوے اور مندرجۂ ذیل اسپیچ دی -

یور آنر - مسٹر وائس چانسلر یور ہائنس - ممبران سینٹ گریجوائٹس وانڈر گریجوائٹس پنجاب یونیورسٹی اول مین اُس عنایت کا شکریہ ادا کرونگا جو اِس یونیورسٹی کے سینٹ نے میرے حال پر کی ہے یعنی مجھکو آنریری ڈگری ڈاکٹر آف لٹریچر کی عطا فرمائی ہے - مین سینٹ کو یقین دلاتا ہون کہ اُنکے اِس اظہار دوستی کو مین دل سے قبول کرتا ہون اور بحیثیت اپنے عہدہ کے مین اِس یونیورسٹی کا مربی تو اول سے ہی تھا لیکن مجھکو خوشی اِس بات کی ہے

کہ یونیورسٹی نے خود بخود اپنے ممبرون مین مجھکو جگہ دی۔ لیکن مسٹر چانسلر
مجھکو یہ بھی کہنا پڑا کہ جو خوشی مجھکو اس بات کے معلوم ہونے سے ہوئی تھی کہ
آج مجھکو یہ آنریری ڈگری عطا ہوگی اُسکا اثر اُسوقت کسی قدر اس خبر کے سننے
سے کم ہوگیا کہ بعد اس ڈگری کے حاصل کرنے کے مجھکو جلسہ مین ایک اسپیچ دینی
ہوگی۔ گذشتہ چند ہفتون مین میری توجہ ایسے کاروبار مین رہی ہے جس سے
یہ بات مشکل ہوگئی ہے کہ مین اپنے خیالات ایسے معاملات کی طرف رجوع کرون
جسمین اس جلسہ کے لوگون کو کچھ دلچسپی حاصل ہو۔ سرحدی دورہ کے اثنا مین
میری توجہ ایک ایسے علم کی طرف راجع رہی ہے جو آپ کی یونیورسٹی کو اس کے
کسی حصہ مین شامل نہین ہے۔ اور وہ علم اگر یہان تسلیم کیا جاے تو میرے
خیال مین علم تدابیر حفاظت سرحد کے نام سے موسوم ہوگا۔ اس عرصہ مین
کمانڈر انچیف اور کوارٹر ماسٹر جنرل میرے اتالیق رہے ہین اور مین اُنسے
سبق لیتا رہا ہون۔

مجھکو یقین کامل ہے کہ اگر مین یہان اس مکان مین اس قسم کے مضامین
کی طویل گفتگو کرون تو آپ لوگون کو ناگوار ہوگا بس اس معاملہ مین اب زیادہ
گفتگو نہ کرونگا لیکن صرف یہ کہونگا کہ جیسا کہ میرے دل پر اثر گورنمنٹ آف انڈیا
کی ان کارروائیون سے ہوا ہے جو ہمارے اسلحہ کے نقص دور کرنے کی غرض سے
کی گئی ہین اُس سے زیادہ اثر ان عظیم مستحکم حفاظتون کو دیکھکر ہوا ہے جو قدرت
نے سلطنت ہند کے لیے مفت مین مہیا کی ہین۔ یہ ایسی حفاظتین ہین کہ جب
انکے ساتھ پوری فوج اور خیرخواہ رعایا ہے تو اس ملک پر کوئی باہر کا حملہ آور
ہرگز فتح نہین پاسکتا۔ لیکن شاید پنجاب کی سرحد کی حفاظتون مین اور پنجاب
یونیورسٹی کے حالات مین ایسا اختلاف نہین ہے جیسا کہ بادی النظر مین معلوم

ہوتا ہے کیونکہ یہ کچھ مبالغہ کی بات نہین ہے کہ جب تک ہماری سرحد محفوظ نہو
اور جب تک باہر کے حملون کی پوری حفاظت نہو ملک کے اندر علوم وفنون ہرگز
ترقی نہین پا سکتے - بہر صورت یہ کوئی غلطی کی بات نہین ہے کہ وہ شخص جو
اِس قسم کے رسم مین میرا شریک ہے مجھکو یہ تبلا دے کہ اگرچہ گورنمنٹ آف انڈیا
کا اول فرض یہ ہے کہ ملک کو بیرونی حملون سے محفوظ رکھے لیکن اس فرض
کی انتہا اُسیوقت نہین ہوجانی چاہیے جب اس قسم کی حفاظت کا قابل اطمینان
بند وبست ہوجاوے بلکہ ہمکو اُن تدابیر سے سروکار ہے جو کُل
ہندوستان مین علمی ترقی کرنے اور باشندون مین تعلیم پھیلانے کی
غرض سے کیجاتی ہین -

جو تجربہ کہ یہان کیا جاتا ہے وہ ایک خاص دلچسپی اور ضرورت رکھتا ہے
اور بعض صورتون مین ہندوستان کے دیگر تعلیمی تجربون سے بالکل مختلف
ہے - آپ لوگون کو اُن مباحثات کی جو اس یونیورسٹی کے قائم ہونے کے بارہ
مین ہوتی تھی اور اُن شکوک کی بابت جو اُسکے پیروون کی پالسی پر ظاہر
کیے گئے تھے یاد دلانا محض فضول ہے - میرے خیال مین ہم یہ تو نہین کہہ سکتے
کہ یہ شکوک محض بے بنیاد تھے یا وہ لوگ جنھون نے کہ اِس تجویز پر اعتراضات
کیے تھے اِس بات کے کہنے کے مستحق نہ تھے کہ اِس صوبہ مین علٰحدہ یونیورسٹی
قائم کرنے کا وقت ابھی آیا ہے یا نہین - اگر آ گیا تھا تو وہ مقاصد جو اِس کے
قائم کرنے والون نے پیش نظر رکھے تھے وہ اس خاص امداد کے لائق
جو اُنکو ملی تھی نہ تھے - خیر اب ان تمام معاملات مین تاریخی دلچسپی ہے
نہ کہ عملی - اور اگرچہ یہ کہنا تو پیش از وقت ہوگا کہ یہ یونیورسٹی اپنے
تجربہ کی میعاد سے عمدہ طور پر عہدہ برا ہوگئی یا کل شکوک متذکرہ بالا رفع

ہو گئے لیکن یہ کہنا تو بجا ہے کہ یہ یونیورسٹی اُن مشکلات کے حل کرنے مین کامیاب ہو گئی ہے جو اِسکے آغاز مین عارض تھین اور یہ کہ اِسکی صورت صاف اور قابل اطمینان طور پر قائم ہوتی جاتی ہے اور یہ کہ اِسکی آیندہ حالت کے آثار ایسے دکھلائی دیتے ہین جس سے اُن لوگون کی عقلمندی کی تائید ہوتی ہے جو اِسکی آیندہ حالت پر پوری امید رکھتے تھے - بہر حال میری دانست مین پنجاب کا اپنے واسطے ایک علحدہ یونیورسٹی قائم کرنے کا حوصلہ مناسب اور معقول تھا - مین اِس بات کا قائل ہون کہ ہماری درسگاہین مختلف وضع کی رکھی جاوین خاصکر وہ درسگاہ جنکو اعلی درجہ کی تعلیم سے تعلق ہے -

ایسے ملک مین یہ خطرہ رہتا ہے کہ تمام انسٹیٹیوشن (درسگاہ وغیرہ) ایک ہی نمونہ پر قائم کیے جاتے ہین اور مختلف فرقہ ہاے اقوام کے خاص کیفیتون کے خواص یا نمونہ جات مین پورا امتیاز نہین ہوتا - فی الحقیقت یہی حال یہان ہندوستان مین ہے لیکن جب کبھی موقع ہاتھ آوے تو اُس نقص کے دفعیہ کی کوشش ہونی چاہیے - اِس صوبہ مین علاوہ ریاستہاے دیسی کے دو کرور کی آبادی ہے اور اِسکا رقبہ تقریباً مُلک اٹلی کے ملک کے برابر ہے - اس آبادی مین علحدہ علحدہ قومون کے نمونے موجود ہین اور جو اقوام اِس صوبہ مین رہتی ہین اُنکے مخصوص خواص ہین اور بہت سے خواص اُنمین سے قابل تحسین و تعریف بھی ہین - پس اس حالت مین اِس یونیورسٹی کے بانیون کی یہ خواہش ہوئی ہوگی کہ پنجاب کی درسگاہین اپنے ہی طرز پر قائم ہون اور اُس عادی طریقہ سے محفوظ رہین جسمین خاص مقامی حالتون کا لحاظ نہین کیا جاتا اور جو کل شمالی

ہندوستان سے متعلق ہوتا ہے - مین بخوبی جانتا ہون کہ اسوجہ سے
آپکو ایک ایسا کالج بناکر ہی خاموش نہین بیٹھ رہنا چاہیے تھا جو کہ زیر
اہتمام ایک بیرونی جماعت کے ہو میرے خیال مین آپکی کوئی عیب جوئی
نہ کریگا اگر آپ اپنی یونیورسٹی کو اُسیطور پر خیال کرین جیسے کہ اسکاٹلنڈ
کے لوگ اپنی یونیورسٹیون کو خیال کرتے ہین - دیکھیے ہمارے ملک مین ان
اسکاٹلنڈ کی یونیورسٹیون نے اپنے مخصوص خواص کیسے عمدہ طور سے قائم
رکھے ہین - آپ میرے ساتھ ضرور اتفاق کرینگے کہ اگر اس طور پر عمل کرنیکی
آپکو ترغیب دیگئی ہے تو آپ اس بات کو اپنا فرض سمجھینگے کہ جو طریقہ تعلیم کا
آپ جاری رکھنا چاہین وہ اور یونیورسٹی ہاے ہندوستان سے کسیطرح
کم درجہ کا نہو - اور جسطور پر کہ اسکاٹلنڈ کی یونیورسٹی کی ڈگری معروف
ہے اور اپنی ہی طرز کی قیمت رکھتی ہے اگرچہ وہ قیمت اکسفورڈ یا کیمبرج
یونیورسٹی کی ڈگری کے الفاظ مین نہین ظاہر کیجا سکتی اُسیطور پر آپکی
یہ خواہش ہوگی کہ جو ڈگریان آپ یہان عطا کرین اُنکی شہرت اور قیمت
بھی برقرار رہے - اور ایسی کوئی کارروائی نہ کیجاوے جسکے باعث یہ ڈگریان
دیگر یونیورسٹیون کی ڈگریون سے کم درجہ کی ہون - اس بات کے سمجھنے مین
کوئی دقت نہین ہے کہ پنجاب یونیورسٹی کے بانیون نے مشرقی تعلیم
کو خاص طور پر مقدم رکھا ہے - بہ حیثیت انگریز ہونے کے مجھکو اس سے
زیادہ اور کسی بات سے نفرت نہین ہے کہ یہ کہا جاوے کہ چونکہ ہم مغربی تعلیم
آپ لوگون کو سکھا رہے ہین لہذا ہم آپکی دیسی تعلیم کی حقارت کرتے ہین
یا اُسکے دور کرنے کی فکر مین ہین - پس میری راے مین اس یونیورسٹی کے
بانیون نے نہایت ہوشیاری اور عقلمندی کی ہے کہ آپکی مشرقی تعلیم کو محفوظ

رکھنے کی سعی کی ہے - یہ بات مستند طور پر کہی جاتی ہے کہ ہندوستان
کی درسگاہون پر اس معاملہ مین کامیاب نہونے کے باعث لعن طعن
ہوتی ہے - پس اگر پنجاب یونیورسٹی اس لعن طعن کو رفع کردے تو
بہت خوشی کی بات ہے - لیکن یہ شرط ہے کہ مشرقی تعلیم کو زیادہ ترجیح دینے
کی وجہ سے آپکے تعلیم کی تاثیر اور طلباء کے دماغی تربیت مین فرق نہ آوے
یہ بات معلوم ہونے سے مجھکو خوشی ہوئی کہ باوجود ترجیح اُس تعلیم کے جو
مشرقی تعلیم کے کالجون مین دیجاتی ہے - آپکے طلباء کو انگریزی زبان کی تعلیم
عمدہ طور پر حاصل کرنے کا بھی حوصلہ رہتا ہے - یہ انگریزی تعلیم آپکے بہت
کارآمد ہوگی اور صرف اسیوجہ سے نہین کہ آپکو ایک غیر ملک کی زبان مین گفتگو
کرنے کا ملکہ حاصل ہوگا بلکہ اس زبان کی تعلیم سے وہ ذخیرہ علم کا کھل جاتا ہے
جو مغربی علم اور تلاش نے اُن لوگون کے واسطے فراہم کر رکھا ہے جنکے ہاتھ
مین اس خزانہ کے کھولنے کی کلید ہے - اور یہ بات بھی ہے کہ آپ کو مشرقی
علم کے خواندگی مین ہمارے مغربی طریقات تحقیقات کو جو کہ بلا شک بلحاظ
درستی و علمی قیمت کے برتر ہین ترک نہین کرسکتے - آپکے طلباؤن کو خواہ
وہ اپنے ہی ملک کے قوانین کا یا تواریخ یا علم کا مطالعہ کرین یہ بات مدنظر
رکھنی چاہیے کہ اگر اس مطالعہ مین وہ مغربی منطق اور طریقہ نکتہ چینی سے
کام لین تو اُنکو بہت مدد ملیگی - مین خیال کرتا ہون کہ یہ امید کرنے کی کافی
وجہ موجود ہے کہ اس یونیورسٹی کا اثر صرف اس صوبہ کی کل تعلیم پر ہی
نہین پڑیگا بلکہ یہ یونیورسٹی بطور مرکز کے رہیگی اور یہان سے بہت سے
مفید آثار اس صوبہ کے لوگون کے پبلک اور سوشیل زندگی پر پڑینگے -
مسٹر چانسلر ہم اس یونیورسٹی کے پراعزاز اور نامی گرامی ہونے کے منتظر ہین

اور میرے حد یقین مین یہ بات اُس امداد کے ذریعہ سے نہایت عمدہ طور
پر حاصل ہوگی جو آپکو اس ملک کے عام رایون کے پیشواؤن سے اور دیسی
سردارون سے اور اُن اصحاب سے جو اس قسم کی درسگاہون پر اچھا یا
بُرا اثر ڈال سکتی ہین ملی ہے اور چونکہ مین امید کرتا ہون آپکو ہمیشہ ملتی رہیگی
اس سلسلہ مین یہ بھی کہنا لازمی سمجھتا ہون کہ آج صبح جب مین چانسلر
یونیورسٹی کے ہمراہ ایچیسن کالج کا معائنہ کرنے کے لیے گیا تو وہان اس
صوبہ کے بعض عالی خاندانون کے لڑکون کو تعلیم پاتے ہوے دیکھکر مجھکو
بہت ہی خوشی حاصل ہوئی - جس طریقہ سے کہ یہ لوگ تعلیم پا رہے ہین وہ
انکے لیے ضرور مناسب اور مفید ہوگا - مین امید کرتا ہون کہ اس قسم کی سعی
کا اور ہندوستانی عمائد کے امداد کا یہ نتیجہ ہوگا کہ ایک دن ایسا ہوگا
جب اس ملک کے سردار لوگ صرف اُس امداد روپیہ کے ذریعہ سے ہی نہین
جو کہ وہ ہمیشہ ایسی درسگاہون کو دیتے ہین بلکہ علم و فن و ادب مین ندرت
رکھکر یہ بات ثابت کردینگے کہ خاصکر اُمرا اور روسا کا ناخواندہ اور جاہل
رہنا تمام قوم پر دھبہ لگاتا ہے -

یہ عام قاعدہ ہے کہ جو لوگ تعلیم کے معاون ہوتے ہین وہ اُن فوائد
کو جو تعلیم کے زیادہ رواج پانے سے حاصل ہوتے ہین بہ تشریح بیان
کرتے ہین - بعض اوقات مجھکو یہ خیال ہوا ہے کہ اس ملک کے لوگ
اس معاملہ مین کسیقدر مبالغہ کرتے ہین اور وہ یونیورسٹی کی تعلیم سے بہت کچھ
فوائد کی امید رکھتے ہین - لیکن ان لوگون کو یہ خیال رکھنا چاہیے کہ
بعض باتین ایسی ہین جو کالج یونیورسٹی کے حد اختیار سے باہر ہین خواہ
اُس کالج یا یونیورسٹی کا کیسا ہی نفیس انتظام کیون نہو بلکہ معمولی طور پر

کالجون اور یونیورسٹیون سے ایسی باتون کی امید نہ رکھنی چاہیے مثلاً اول
یہ کہ ہمارے ہندوستانی طلبار کا رجحان ہمیشہ اسطرف رہتا ہے کہ یونیورسٹی
کی ڈگری حاصل کرنے کے لیے زیادہ شکل خواندگی نہ مقرر کیجاوے —
سوا اسکے ایک یہ خام خیالی ہے کہ زیادہ تر طلبار جو امتحان مین ناکامیاب
ہوتے ہین وہ ممتحن لوگون کی سختی کی وجہ سے ناکامیاب ہوتے ہین نہ کہ بوجہ
اپنی کم استعدادی کے — اس سے صریحًا یہ بات سوجھتی ہے کہ کوئی ایسی
تدبیر کیجاوے جس سے اسکا فورًا بندوبست ہوجاوے اور طلبار کی استعداد
نہ بڑھائی جاوے بلکہ امتحان کی سختی کم کیجاوے - علاوہ برین اُن لوگون
کو جنھون نے کہ یونیورسٹی کی تعلیم پائی ہے یہ رنج ہوتا ہے کہ نوجوان تعلیم یافتہ
لوگون کے لیے سرکاری ملازمت یا دیگر حرفون مین کافی گنجائش نہین ملتی
ماوراے اسکے مین نے دیکھا ہے کہ بہت صدق دلی اور جوش کے ساتھ یہ
افسوس ظاہر کیا جاتا ہے کہ ہمارے کالجون اور یونیورسٹیون مین سوا
کتابی تعلیم کے اور کچھ نہین سکھایا جاتا اور اسکا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ جب یہ طلبار
کالج سے نکلتے ہین تو انکی علمی لیاقت تو خیر عمدہ ہوجاتی ہے لیکن اس تعلیم کیوجہ
سے انکا اخلاق بجاے مستحکم ہونے کے اور کمزور ہوجاتا ہے - مین نے جو کہا ہے
کہ آپ لوگ ہندوستان مین یونیورسٹی سے بہت زیادہ فوائد کی امید
رکھتے ہین اس سے آپ یہ خیال نہ کرین کہ مجھکو اُن لوگون کے ساتھ بالکل
ہمدردی نہین ہے جنکی ناامیدی کی آہ و زاری وقتًا فوقتًا سننے مین آتی ہے
چونکہ مین بھی یونیورسٹی کا طالبعلم رہا ہون لہٰذا مین اُن طلبار کے ساتھ
ہمدردی رکھتا ہون جنکے لیے امتحان کی پرچے نہایت سخت تھی - مجھکو یاد ہے
کہ ہمنے یہ تو کبھی نہین خواہش کی کہ جس خواندگی پر ممتحن اتنا زور دیتے تھے

اسمین عام تخفیف کردیجاوے بلکہ اپنے وقت مین ہمکو یہ شکایت رہتی
تھی کہ کوئی ایسا کمبخت اتفاق وقت ہوتا ہے کہ ہمیشہ ممتحن وہی باتین پوچھتے
ہین جو ہمنے خوب اچھے طور پر نہین یاد کی تھین - بہرحال مجھکو امید ہے
کہ اس یونیورسٹی مین نہ تو عام لوگ اس بات پر زور دینگے اور اگر دینگے بھی
تو یونیورسٹی اُسکو منظور نہ کریگی کہ مروجہ خواندگی مین کوئی تخفیف کیجاوے
میری دانست مین اس پنجاب یونیورسٹی کو اپنا مجرد وجود جائز رکھنے کے
لیے یہ امر نہایت ضروری ہے کہ اسکی ڈگریان شک وشبہ سے مبرا ہون
اور اگر دو خراب باتون مین سے ایک بات پسند کیجاوے تو یہ ضرور ہے
کہ زیادہ تر اعلی درجہ کا قائم رکھنا کم خرابی کی بات ہے - فی الواقع اُس
طالبعلم کو جسنے کہ یونیورسٹی کی ڈگری حاصل کرلی ہے بہت پریشانی اور
ناامیدی پیدا ہوتی ہوگی جب وہ یہ دیکھتا ہوگا کہ میرا قابل تحسین حوصلہ
ملازمت سرکار کرنے کا پورا ہنوگا - لیکن مجھکو احتمال ہے کہ رفتہ رفتہ بھی
یہ ناامیدی کم نہین ہوسکتی کیونکہ اعلی تعلیم یافتہ نوجوانون کی تعداد ہر سال
زیادہ ہوتی جاتی ہے اور اسمین بھی شک نہین کہ برابر زیادہ ہوتی رہیگی
اور اگر اُن نوکریون کی تعداد جو ہندوستانی طلبار کو مل سکتی ہین زیادہ بھی
کیجاوے تو بھی نہایت خفیف زیادتی ہوسکتی ہے - اور اگر یہ بھی فرض کرلیا
جاوے کہ جسقدر انگریز لوگ ملازم سرکار ہین وہ کل برطرف کردیے جائیں
تو اُنکی بھی کل تعداد اُن طلبار کی تعداد کے مقابلہ مین جو دس برس بعد
کسی نہ کسی قسم کے اعلی تعلیم پاتے ہونگے بہت ہی کم ہوگی - اپنے طلبار
سے ہمکو بالکل یہ امید رکھنا مشکل ہے کہ وہ لوگ تعلیم کو محض تعلیم کی غرض
سے حاصل کرین اور اُسکو صرف سرکاری ملازمت یا کسی دیگر پیشہ مین

جگہ ملنے کا ذریعہ ہی تصور نہ کرین۔

لیکن مجھکو امید ہے کہ ایک ایسا زمانہ آویگا جب علم کا شوق اسی خیال سے کیا جاویگا اور والدین اور نیز اُنکی اولاد کو معلوم ہو جاویگا کہ ایسا کوئی پیشہ یا حرفہ نہین ہے خواہ وہ کیسا ہی ذلیل ہو جسکا کام عمدہ تعلیم یافتہ شخص بہتر طور پر نہ کرسکے۔ لیکن میری دلی ہمدردی اُن لوگون کے ساتھ ہے جو موجب اُس فصیح عبارت کے جو کہ ایک شخص نے اس مضمون پر اخبار مین لکھی ہے یہ دریافت کرتے ہین کہ وہ کونسی تعلیم ہے جو صرف دماغ سے متعلق ہے اور دل اور روح کو یعنے اخلاق اور مذہب کو ہیچ سمجھتی ہے۔ چنانچہ اس الزام کے بارہ مین یہ التماس ہے کہ اگر آپ یہ فرض کرلینگے کہ ہماری عام درسگاہین اخلاقی اور مذہبی تعلیم کی بامتیاز دماغی یا علمی تعلیم کے بالکل ذمہ دار ہین تو آپکو ضرور ناکامیابی اور نا امیدی حاصل ہوگی۔ عام اس سے کہ اخلاق مذہب کے ساتھ پڑھایا جاوے یا نہ پڑھایا جاوے یا مذہبی مسائل مین شامل ہو یا نہو میرے خیال مین اعلی اخلاقی خواص حاصل کرنے کا یہ کوئی عمدہ طریقہ نہوگا کہ اسکی تعلیم ہمارے مدرسون مین اسیطرح پر کرائی جاوے جسطور پر کہ قوانین تواریخ یا علوم کی کرائی جاتی ہے۔ اور نہ ہمارے انگلستان کے کالجون اور یونیورسیٹون مین اخلاقی تعلیم اس طور پر ہوتی ہے۔ اور جس شخص نے کہ انگلستان کی کسی یونیورسٹی مین تعلیم پائی ہوگی وہ اس بات کی شہادت دیسکتا ہے کہ ہمارے انگلستان کے نوجوانون کے اخلاقی عادات کے کسب مین علم اخلاق کی تعلیم یا مذہب اور فقہ کے مسائل کا بہت ہی قلیل حصہ ہوتا ہے۔ گریٹ برٹن مین ہمارے نوجوانون کے اخلاقی عادات کسب کرنے کے اور ہی ذرائع ہین اور ایسے ہی دیگر ذرائع سے ہم اپنے

ہندوستان کے نوجوانون کی اخلاقی تعلیم ہونے کی امید کرتے ہین۔
پس اس تعلیم کے واسطے کسیقدر تو اُستادون کی ذاتی عادات پر انحصار
ہونا چاہیے اور کسیقدر خود نوجوانون کے میلان طبیعت پر اور کسیقدر اُن
لوگون کے ذاتی مزاج پر جو نہین سر برآوردہ ہون۔ علاوہ برین جو اثر
کہ ان لوگون پر اپنے گھرون کے اور گردو نواح کی کیفیات سے پیدا ہوتا ہے
اُس سے میری راے مین ان نوجوانون کی آہستہ آہستہ اسقدر اخلاقی
تعلیم ہوتی ہے کہ جو تمام مدرسون مین پڑھنے سے نہین ہو سکتی۔ قطع نظر
ان سب باتون کے ہمکو یہ بھی تو خیال کرنا چاہیے کہ معاملات متعلق نیکی و
بدی پر عام لوگون کی راے کی کیا حالت ہے۔ ہر ایک اسکول یا کالج یا
یونیورسٹی ایک مجرد چھوٹی سی دنیا ہے جسمین بیرونی دنیا کے نقص اور تعصبات
عموماً مبالغہ آمیز حالت مین دکھائے جاتے ہین۔ یہ کچھ مبالغہ کی بات
نہین ہے کہ جب سوسائٹی ہی نیک چلنی یا بد چلنی کے معاملات کی پروا نکرتی
تو ہمارے طلبا، جو ایسی درسگاہون مین تعلیم پاتے ہین ضرور ایسے معاملات
مین قاصر رہینگے۔

مین نے اس معاملہ مین زیادہ تر تقریر اسوجہ سے کی ہے کہ اگر ہندوستانی
طلبا کے اس معاملہ مین ناکامیاب یا قاصر رہنے کا بالکل الزام کالجون یا
یونیورسیٹون پر لگایا جائیگا جیسا کہ معلوم ہوتا ہے تو نہایت خرابی کی
بات ہوگی۔ البتہ ہمارے کالج اور یونیورسٹیان اسمعاملہ مین کسیقدر
کوشش کرسکتے ہین اور حال کے ایک رزولیوشن مین جس سے آپ
سب لوگ واقف ہونگے گورنمنٹ آف انڈیا نے اس امر کو تسلیم بھی
کر لیا ہے۔ لیکن مین اس امر مین مبالغہ سنا کرتا ہون کہ آپکے نوجوانون

کے معلمون کی کوئی کوشش کارگر نہوگی جب تک کہ اُسکو ہندوستانی سوسائٹی
کی میلان طبیعت اور عام رایون کی ترقی سے امداد نہ ملیگی - کیونکہ جب
ان دونون طریقون سے منظوری ہوجا دیگی تو عام لوگ اُسکی عزت کرینگے -
راستی - دیانت داری - حمیت - عزت حاکم خواہ اپنے گھر مین ہون خواہ
کل ملک مین یہ ایسے خواص ہین کہ جب تک کل تعلیم یافتہ لوگون کا اپنر
استدلال نہو پروفیسرون کی تعلیم سے کچھ فائدہ حاصل نہین ہوسکتا -
اب یہ کام آپکے ملک کے عام رایون کے پیشوا ون اور سردارون اور
حاکمون اور عالمون اور ہر گھر کے بزرگون اور اخبارون کا ہے جو کہ آپکے
ملک کے عام رائے پر حاوی اور ہادی ہین کہ اس ملک کے لوگون کو ان
معاملات کی طرف متوجہ کرین اور انسے بیفکر نہونے دین اور جو کچھ سعی کہ
گورنمنٹ اُنکی اولاد کی تعلیم کے واسطے کر رہی ہے اُسکی امداد ہر طور پر کرین
یور آنر اور مسٹر وائس چانسلر مجھکو اب صرف اس اعزاز کا شکریہ
دوبارہ ادا کرنا باقی ہے جو سینٹ نے براہ کرم آج مجھکو عطا فرمایا ہے -
مجھکو آج یہان اس یونیورسٹی مین آنا اور اُن لوگون سے ملاقات
کرنا جو اسکے نگران ہین اور طلبار کا دیکھنا ہمیشہ یاد رہیگا - مین اُن لوگون
کو مبارکباد دیتا ہون جنھون نے آج اس یونیورسٹی سے اعزاز پایا ہے اور
یقین دلاتا ہون کہ اگر میرے اختیار مین پنجاب یونیورسٹی کو کوئی امداد پہونچانا
ہوا تو مین نہایت خوشی کے ساتھ حتی الامکان آپکی امداد کرونگا -